گوشۂ برگ و نوا ہے مجھے وادی و جبل

جس جگہہ بیٹھہ گیا شوکت جم سمجھا فرش
جو ہی تقدیر کو اشکال مجھی ہی اسہل

خار دل ہو گئے یک لخت بہار امید
چین پیشانی ژولیدہ ہو طول امل

یہہ جو ظاہر ہو تو یکلخت چہپے ایک مین ایک — عاقبت آ رہی ایک وضع پہ اضداد دلیل
کفر و اسلام کا جہگڑا نہ کبہی ہوگا طے — جب تلک اسکو نگردانین گے قول فیصل
صاف ایسی تن دشمن سے نکل جاتی ہے — بخیہ گرد ڈہونڈہتا پہرتا ہے نشان مفصل

تعریف اسپ

گر تیرا اسپ ہو جولانگر ادوار زمان — سیر امروزہ مین جائی پس فردا سی نکل
جو بیان کرتے ہین کچہہ گام کشائی اسکی — دور آخر پہ نشان دیتی ہین گام اول
شرق مین نکلے اگرچہ تو سر مغرب لام — باگ کو چہیڑ کے اسکے تو اگر کہونی چل
ہی چہلاوہ یہ زمین پر تو فرشتہ سر چرخ — جوش دریا مین ہی اور برق سر تل و جبل
گل مین بو نور مین ضو آب مین ہی طغیانی — قہر مین نعرہ غضب جنگ مین اعدا مین اجل
اسکی تعریف کی جملہ سی ہی پامال خیال — بیمثالی ہی غرض اسکی لئی کہتہ مثل
ہو تو کسطرح سی ہو حصر شتابی اسکی — معنے جست میری طبع سی جاتے ہین نکل

تعریف فیل

پشت پر فیل کے جلوہ تیرا یون نور نظر — چرخ پر چودہوین شب ماہ کی جیسی مشعل
اوسکی خرطوم شب تار دراز الامین — اوسکی دو دانت دو دست ید بیضا مثل
کوہکن کہئی جو خرطوم کو اسکی ہی بجا — دونو آغوش مین دو شیر کی جاری جدول
گو سواری سی تیری ہی وہ فلک پر آسوا — پر ہی فطرت کی بلندی یہی ہی مسجود زحل

قطعہ

ہو جو کشتی مین تیری روشنی طبع کا ذکر
دُر بنی آب بنی سیب مین چشم اشہل

کیا لٹایا ہے کفِ رادنی تیری زر کو
کہ ہی خورشید کو اب کیمیا ساز ہے اسہل

تیریِ زرریزی کی گر اہل چمن کو ہو خبر
دامن کوہ سی دامانِ صبا ہو اثقل

رنگِ آمیزیٔ حسرت سی بہت ہی ہم رنگ
تیری اعدا کا ہے گلزار مقرِ مقتل

قہر کب تیرا وسی امن عدم مین دیتا
ہاتہ رکہتے نہ اگر پشتِ معاندی اجل

تیری دشمن کی گرانیٔ تمنا ہے غضب
کوکب بخت کو ہی وزر ہبوطِ اسفل

لوح محفوظ کو دیکہا ہے مفصل جسنے
تیری اوصاف کو اب جسے سنی وہ مجمل

داد خاطر مین تیری آب و گہر کی ہی مثال
ذات مین عدل تیری روشنی شمع مثل

قطعہ

تاب کیا ہی جو کوئی ظلم کسے پر کر جائی
کہ سیاسی تیری جائی کوئی کیونکہ نکل

شعلہ گر حسن کو فنا کر کے گریزان ہووے
ہو عرق ریزی خجلت سی ہوا مین دلدل

غل و غش عہد مین تیری نہین چہپتا ہرگز
آب اگر شیر مین ڈالین تو مٹا جائی و ابل

مدح شمشیر

گر تیری تیغ کو آجائی سر قطع نور
چشمۂ مہر ضیا خیز ہو کالا بادل

سینۂ گاو زمین اسکا نیام کہتہ
زنگ آلود ہلال فلک اسکا مصقل

امتحان کسنی کیا تہا دم ایجاد اسکا
کہ فلک کے ہوی طبقات جدا مثل متصل

ہی یہہ وہ حجت قاطع کہ نہین اسکا جواب
خون ہو جاتی ہین ذہنو نمین براہین و علل

اسقدر برق ہی شبدیز پریوش اوسکا — کہ ذرا ہمرہی غیر سے گرجائے پچل

پہر توچمکارنے چمکارتے یون اوڑجائے — دست سائس مین ہجائی لگا داغ کفل

اوسکی وہ نغز نگاری کہ اول ہووے مبہم — اوسکی وہ سحر بیانی کہ احق ہو جہل

صلح کل اوسکی اگر عرض جہان پر ہوجائے — شیشہ و سنگ سے اوٹہہ جائے سر جنگ و جدل

کف تقدیر پہ رکہے جو وہ حلم اپنا اوٹہائے — پہر نجنبش ہوئے کام عدو رہوی شل

آتش قہر اگر اوسکے بلندی پکڑے — آب صد بحر کو یکلخت زمین جائے نگل

بخت اعداکو چڑہاتا ہے گرانیکے لیئے — اسپ چابک قدم چرخ جرون ارجل

کوکب بخت ضیا خیز سے اوسکے کیا دور — چشم خورشید کو ہو جائی اگر آزار سبل

اوسکی اعدا کی تمناسی بڑہے ناز یہ ناز — بدگمان رہتی ہی اب در رسید و اجل

سلک اکلیل ہی کیا اوسکا شراک النعلین — افسر تاجوری اوسکا غلام ازل

چند تا چند بس پردہ ثنا پردازی — ابتو ای شوق یہ پڑہتا ہوا اوس در سے یہ چل

مطلع ثانی

پستی فکر سے ہے دور تیرا اوج محل — آسمان خشت ہی ایک اوسکی یہ مردود عمل

جو تیری لطف پہ مرتا ہی نہین فکر حیات — جو تیری خلق سے جیتا ہی نہین خوف اجل

پیش و پس ایک سا عالم ہے تیری خوبی کا — ذات ہی تیری مگر ظل خداوند اجل

تیری اخلاق سے حاسد کا نجائیگا رنج — نکہت گل نہین کرسکتے مداوای جعل

گر تیری خلق مین لکہون مین صحیفہ کوئے — سبکو ہوجائے یقین ہی یہ کتاب منزل

پوچھتے کیا ہو محبت نہین تازہ آزار
جو دمِ نزع ہی عالم تہا وہی روزِ ازل

جادہ پانو مین لپٹتا ہی سلاسل بنکر
کس طرف چلتی ہی ای وحشتِ دل آگے چل

زہی وہ دل جو ایک انداز ہی مین خون ہو جائے
ہای وہ جان جو ایک بات ہی مین جائے نکل

داغ پیشانیٔ زاہد ہے سیہ سا ہی سیہ
بحرِ رحمت کو کیا چاہتا ہے مستعمل

مجھسے اولجھین وہ سلجھے گئے ہین عدو سے جتنے
رشتۂ جانمین ہین وہ پڑی بل پر بل

کیا بلا صحبتِ اغیار کا ہی تجھمین اثر
جیسے تو دلمین بسا دل ہی ہوا یار دغل

رخ پہ آ جمکا جو پنہان تہا تیری دلمین غبار
ہی غلط جو یہہ سمجھتی ہین خط آیا ہی نکل

اب بنا چاہتا ہے ہمدم و ہمراز بنیا
اب ہوا چاہتا ہے ناصحِ مشفق مختل

ای **قلق** سخت ستایا ہی فلک نے تجکو
داد چاہے ہے تو چل روبروے میر اجل

محورِ عدل و کرم **کلب علیخان** داور
مرکزِ فضل و شرف دائرہ علم و عمل

اوسکی گر روشنیٔ رای نہوتے بالا
کیونکہ مہتاب شبانگاہ جلاتا مشعل

لمع ہی روشنیٔ رای سی اک اوسکی برق
قطرہ ہی ایک عرقِ جہدِ سخا سی بادل

پیش طاق اوسکا ہے معراجِ قمر کا زینہ
آستان اوسکا ہی آئینۂ پستیٔ زحل

مہر کب ہے خلشِ خارِ حسد سے اوسکے
آبلہ سینۂ افلاک مین آیا ہے نکل

اوسکا وہ رعب کہ جس بزم مین ایکدم بیٹھے
شعلہ کے تاب ہی کیا شمع مین کرے جا عمل

قطعہ

اب سفینون پہ اوڑی پہرتے ہین وہ شعلہ عذار
آب مین مچھلیان تک عکس سے جاتی ہین جل

سوی گلشن دف ونی لیکے چلے پیر وجوان
بیخودی کہتے ہے اے شیخ کہین تو بہی چل

پند آموز کا معلوم مداوائے جنون
کہ فلاطون تو اوڑا پہرتا ہی جنگل جنگل

جہوکے جہوکے مین صبا کے ہی ترقی وجد
زاہد اب بادہ گساری مین ہوا ضرب مثل

ق

انبساط اب وہ ہوا مین ہی سمائی آکر
کہ ہر ایک عقدہ کی ہی ساتہ لگا ناخن حل

خود بخود غنچہ نمط مہرۂ ناقوس کہلا
دانۂ سبحہ یہ چٹکی کہ پڑا شیخ اوچہل

شعلۂ شمع سے ٹپکے ہی ترپہائی دماغ
آب و آتش کا اس ایام مین ہی ایک محل

کرکے معشوق سی پیمان کو پشیمان ہوئین
یعنی ہر عقدہ کو اسوقت مین لازم ہی حل

سبحۂ شیخ پہ گلدستہ کا ہی سبکو گمان
گل صد برگ جو ہر دانہ سی آیا ہی نکل

شیشۂ سرو سے چہلکے ہے شراب ریحان
نغمۂ دلکش ساقی ہے نوای صلصل

خوان رحمت ہی کشیدہ و وادی مین اب
گل ہی مہمان خرابہ سی لگا تا بجبل

چین زدہ کوئی نہین اب یہ نہالی و صنال
تنگ کوئی نہین ہی اب مگر عاشق کے بغل

گرمی حشر مین تر دامنے ہے آسایش
توبہ اب جام سی صوفی ہے سمجہتا ہی زلل

لا تو ای ساقی بدست سبو عید ہی آج
الوداع رمضان ہی کہ مین پڑہتا ہو غزل

پہلے ارمان سی ای جان جفاکش نہ نکل
ہر نفس لب پہ یہ کیا ہوشمین آ مجہسے نہ جل

اس گرانباری حسرت کا ٹہکانا کیا ہے
گور تک لایا بصد عجز مجہے دوش اجل

یہ نمو ہی کہ حجل قابل اشجار ہوا
زخم تیشہ نہین کہلتا کہ کہان تہا ول

بسکہ اب شانہ صنوبر کا ہی شعبہ انگیز
عقدۂ طرۂ طرار ہے مالا ہیخل

بسکہ ہر شی مین رطوبت ہی بہر گیا ڈہلے
شیشہ می میری ہا تو نسے اگر جائی نکل

لاکہہ جلوی ہوی ایک فیض ہوا مین پیدا
شجر طور رہے جلتے ہے سپند منقل

سادگی سی ہی گرے سبکے نظر سی پر آب
اطلس چرخ نی ہو کون سے بہری جیب و بغل

در و دیوار سے بتخانہ کے برسی ہی نور
جلوہ آرا ہی صفا بسکہ ہوی لات و ہبل

جوش فوارہ سی ہین رونگٹی سبزہ کی کہڑے
کوہ دیکہے تو رگ سنگ سے خون آہی ابل

یہ خودی حسن خدا دادی بخشے سبکو
لیتی ہی بوسی اب آپ اپنی لبونکی جدول

سایۂ لف ہی اب تاز گیو نسنی سنبل
کاسہ آب ہی طغیانیو نمین اب جنبل

گل نسرین پی جو پڑ جاکے ہے ہوسے پانون
چشمۂ شیر امنڈ آئی ہی سا ہتل سا ہتل

قطرہ قطرہ در غلطان ہی مگر شبنم کا
کہ نظر پڑتی ہی جب قطرہ پی جاتا ہی ہل ہپل

گر کوئی سنگ شرر خیز تراشے معمار
ہر خط کف پی گل و لالہ وہین آئین نکل

اب زمین قاسم مقسوم فلک ہے یعنے
چرخ پر چرنے لگے سبزۂ تر جدی و حمل

صبح کا خیمہ ہی کس درجہ فراخی منزل
شام کا چار حد کون سی باہر ہی محل

چہوڑتا ہے کوئی گلریز اگر آتشباز
نخلۂ طور بہے جاتا ہی طراوت سی جل

کان گلشن مین ایک انداز ہوا ہی پیدا
کہ ہی گلچین سے سدا جو ہری کو ردو بدل

بلبلون کی ہی زبان پر ہمہ نغمات زبور
سر بسر ہر ورق گل ہی کتاب منزل

کیسا ہی زاہد خود بین رکہی بچ بچ کے قدم
شادیٔ گل مین یہ بیدار ہی نرگس شب و روز
چشم میخوار کے لڑتے ہے کچہہ آتا ہی جو بن
گل سر مست خودی حسن مین ہی کیا خود دار
دید گلشن کو اوڑہی پہرتی ہین کیا کیا رو مہر
دیکہے گر بہول کے صوفی بچہ سنبل کیطرف
برہمن زادون نی ماتہی پہ لگایا ہی غبار
ہی مگر تیشہ بکف کوہکنِ خون آلود
خطبہ خوانان چمن مین ہی عجب کج بحثی
گل ہنسی دیتی ہین اور غنچہ کہلے پڑتے ہین
اب طلسمات جہان دیکہہ کی جاتی ہی عقل
کہل گئین نرگس بیمار کی آنکہین یعنی
غنچون نی لال کیا پیٹ کی منہ کو اپنی
منتظر شیشہ ہی استادہ چلے جلدی جام
کسقدر چٹکیان لیتی ہی خوشی جسم ترے
شیخ ثابت قدم آتا ہی سو می میکدہ یون
توڑ کر سطح زمین کو گئے شعبے باہر

ڈوب جاہی گل و لالہ مین مگر تا بہ بغل
فرصتِ چشم زدن پائی تو سوئی دو پل
بنتِ رز پردۂ انگور سے آتی ہی نکل
بلبلِ وقفِ فنا عشق مین ہی کیا بیکل
بسکہ چہایا ہوا ہر وقت رہی ہی بادل
بن لگائی لگی آنکہونمین یکایک کاجل
یعنی اب سطح زمین ہو گیا لوح صندل
کب ہی یہہ لالۂ خونبار سر سطح جبل
طرح ریزی سخن مین ہوئی سامان ازل
ہے نیا بلبل نالان کا کچہہ انداز غزل
آتی ہی بیضۂ بلبل سی نوا ہای غزل
معتدل راست ہی اس فصل مین اوزان اعدال
سوسنِ تیز زبان کی گیا کیا لب سے نکل
کہ صبا آتی ہی ہاتون سی گئی یار نکل
گرتی ہی جام مین می ٹپتی ہی ایکبار اچہل
ہوش کہتا ہی تو آہستہ میری بہی چل
پہوڑ کر سقف فلک کو گئی اشجار نکل

دوش صرصر پہ اوڑا دیکھ کے قزاقِ خزان
ہوگیا وتنا ہے مفقود سوادِ دیدہ
جنبۂ روز سے وتنے ہے مفصل دیکھے
کاکلِ شب کے درازی ہوئی چینِ ابرو
روز نے ہاتہ بڑہایا جو مثال مجنون
شبِ سودا زدہ کو جتنا ہوا استفراغ
للہ الحمد کہ اب وقتِ بہار آپہنچا
ہوگیا میکدہ مین بادہ گسارونکا ہجوم
فتنہ نرگس کی نگاہونسی لگی اوٹہنی پہر
لالہ و گل کی یہ ہی دورِ تسلسل کی دلیل
ن نسیمِ سحر اٹہکہیلیان کرتی نکلے
ا یہ خارِ رگِ گل پہ اگر پڑ جائے
بالمو بیل مین ہی تاک کی ایسد ایسد
رکہڑائے ہوئے پہرتے ہی صبا مستانہ
یا سوہان نہ دہ رنگ زمرد ہی غبار
شِ شش رنگ ہے اب یون رگِ گل سی ظاہر
ت در دشت اور پہرتی ہین صد ہا گلشن

شاہِ گل عرصۂ گلشن مین جو آیا ہی بتجمل
چشمِ شب جتنی تکبر مین ہوئے ہوتی احول
جتنی مجمل تہی سو معنی ما قل و دل
طرۂ روز سے جب کہل گیا بیتابِ ختم بل
لیلیٔ شب نی بصد غصہ سمیٹا آنچل
ہوگیا روز کے وہ ما تخیّل کا بدل
دستِ ہر ذرہ مین ہی خلد کا نقشہ مجمل
آگیا جوشِ بہاران سی دماغونمین خلل
خنجرِ بید کے پہر تیز نظر آئے پہل
کہ نہایت ہی ہی اس فصل کی مثلِ اول
صحنِ میخانہ مین جون مست کوئی جا بہی
خون یہہ امڈی کہ ہوجا لبالب جل تہل
ہین تماشائی کی ہر تارِ نگہہ پر سو بل
رکہتی رکہتی ہی قدم جا ہی ہر گل سی بہل
دامنِ بادِ سحر تک ہے دو خابہ مخمل
موج زن خون ہو جیسے دمِ فصد اکحل
شاخ ہر آہو مین پہوٹ آئی ہین لاکہون کونپل

یہ گرد آئے اگر دائرہ کے جون پرکار — محال نقطہ پہ ہو احتمالِ وقف و درنگ

قدم اگر یہہ رکھے کوہ پر دمِ گرمے — نظر سے دیکھہ لے اُسکی تحرکِ رگِ سنگ

تعریفِ شمشیر

نیو چھہ تیغ کے جو ال نیون کا کچھہ تو حال — یہ اژدہای سیہ سر ہے آسمان آہنگ

جو جا چھپے کوئے زخمی پہاڑ مین اسکا — تو اوسکے سہم سی ہو کوہسار مردا سنگ

پڑی جو اوسکے سمندر مین آتشِ لمعان — تو بچہ ہای سمندر دی مادۂ خرچنگ

جو لون طلسِ افلاک سی ہووی دو چار — زمین خون مین ڈوبی کٹی یہ اوسکا رنگ

نہین ہی تیغ مگر ہے عصای موسائے — کہ لقمہ اسکا ہی اک اژدہای توپ و تفنگ

جہان مین اسلیئے آتی ہین چار فصل جدا — کہ کاٹتی ہی یہ یکدست بشترِ چورنگ

دعائیہ

دعا کو ہاتہ اوٹھاتا ہون عاقبت مین ہہے — کہ اس زمین مین عرفی کا قافیہ ہی تنگ

زمین کو ہتی صرف تا ہو دستِ فراخ — اسیرِ طولِ امل جب تلک کہ ہو دلِ تنگ

غنی کی تا کہ ہو طینت مین ذلتِ درویش — گدا کی دلمین رہی جامِ جم سی جبتک سنگ

فلک نگین ہو اور نقش ہو تیرا اقبال
خنک ہو عیش مین تو اور قلق ہو گرم آہنگ

قصیدہ بہاریہ

تیغِ خورشید حمائل کئی بیٹھا ہی حمل — خیمہ گاہِ دی بہمن مین پڑی ہی ہلچل

اوٹھائی خلق سی تیری بہار نی صدمے — گرائی نرگس فتان سی اشک رنگ برنگ

لگائی کان ہی بخشش پہ تیری کانون کو — بچھائی ہی بحر ہی دامن کو اپنی صدف و سنگ

چمن مین گر تیری شیرین کلامیان پہیرو — حباب شہد نظر آئین باغبان کو سر تنگ

تیری سخن سی زبان خدا ہی ہم نغمہ — تیری زبان سی کلام خدا ہی ہم آہنگ

تو سادگی ہی کوملی سجدو کو آرایش — غلاف کعبہ ہی یہ وہ ہی پارۂ ارژنگ

عدو ہی خوش کہ برابر ہی حلم و قہر تیرا — پہ بیخبر ہے کہ ہوجائگا اوسی اورنگ

اگر تیری دل روشن سی حسن لیوی فیض — کری عذار کو تعلیم کاکل شبرنگ

ہوا ہی تازہ و تر خانہ کشت امید — کہ کوچہ کوچہ نکالی ہی تونی نہر گنگ

اگر مزاج مین آئے تیرے حمایت صلح — خمیدہ ہو سر فتنہ شکستہ پای جنگ

جو تو کمند کشائی پہ لے آئے میدانین — تو ہو حرون فلک پای بند پالاہنگ

تعریف اسپ

تو عرش جاہ اب اہل زمین مین کیونکہ ہو — کہ زیر ران ہی تیری آسمان شتاب خرنگ

جو اسکے نعل سی کوئی بنائی آئینہ — تو کیا مجال کہ پہر پاس آئی گرد زنگ

قدم یہ رکھتا ہے اب عرصۂ گاہ وہم سی دور — کہ طول کون تو اسکی ہوا ہی صرف تنگ

فقط یہ وہم ہے گلگون جو اوسکو کہتی ہین — کہ ہی محال جو پکڑ ہوا کی قید ی رنگ

عرق جو آئے دم کا دہ قطرہ قطرہ سے — روان ہو دجلہ بیتا ہی یہ شوخ و شنگ

ہمونکی مجکو سبک خیزیون سی ہی حیرت — یہہ طرفہ ہے کہ گری ہمرہی آتش سنگ

تیری نگہ پہ چڑہا ہے عدو جو جہکتے ہے
وگرنہ تجہسے ستمگر مین یہہ حیا و ننگ

گرائی دیتا ہون عشق و ہوس کو نظر و سے
اوٹہا ہی لیتا ہون اس غم کہ ہے صلاح درنگ

نہی وہ خورد کہ لقمہ جگر ہو خون ہو آب
نہی وہ خواب کہ بستر ہو خاک بالش سنگ

ق

قلق یہ ڈہنگ ہے نا آشنا یون لگا گیا
غیور ہو کے نکر خون دانش و فرہنگ

غزل سرائے مین کیون دلکو خون کرتا ہے
کسیکے مدح طرازیکا گر تو اب آہنگ

اگرچہ مدح طرازی مین اب ہی ذلت فقیر
ولیک اونکی لیئی جو حریص ہین بی ننگ

نہ تجکو خواہش دولت نہ اونکو ہی نخوت
ہزار شکر کہ ممدوح یار ہی ہمرنگ

عروج نشہ ہستی محمد اکبر
فروغ جوہر اول ذخیرہ فرہنگ

مطلع ثانی

محل جاہ کا تیری فلک ہو جب ہنگ
جو ہو برابر درنگ سایہ اورنگ

کشیدہ سر ہوا اگر گرمئے غضب تیرے سے
تو کوہ آب ہوا اور موج آب تختہ سنگ

ق

وہ کیا ہے جو کہ تیری شان پر نثار نہین
وہ کون ہی جو تیری وضع پر نہین ہی دنگ

تہی ہلال ہوا بہر زینت تہ نعل
ہے چرخ کج شدہ کو پای بوس کا آہنگ

زمین وقار مین اب آسمان کو کیا سمجہی
کہ ہی وہ تیری گرانسانگی سی ہم پا سنگ

ق

نہ ہو جو چہہ قدرت دست سخا کو تولنے
نہ بحر ہے ہے برابر نکان ہی ہم سنگ

کہ نقش کف ہی تیرا آفتاب کیمیا سانے
اور اونگلیون کا تیری عکس شعبہ ہای گنگ

وہ تو نے مایہ دریا کیا ہے گرداباد
کہ قطرہ قطرہ نظر آیا صوت دل سنگ

دلِ غمین کی تواضع ہے ختم میکدہ پر
کہ پای بوس ہے مے اور خمیدہ پشتِ چنگ

کشادہ ہی درِ دل اور بستہ دستِ فلک
کشیدہ ہی سرِ مطرب بلند ہے آہنگ

اوڑی ہی گرد کدورت زمین سی اس درجہ
خمیدہ پشت ہوا آسمانِ نیلے رنگ

تمام صرف ہوی چین جو موجِ ساغر مین
نہ خم ہے زلف مین نی جبہ بخل مین آژنگ

خمیر مایۂ جنت جو یہہ ہے ہو تو ہو
کہ خاکِ میکدہ مین ہین ہزار ہا نیرنگ

عجب نہین کہ ملایک بہی ہوئین تر دامن
کہ جوشِ عالمِ آب اور فلک ہے چقرِ تنگ

تو احتشام کو میخانہ کی نہ مست سے پوچہہ
فلک پیالہ ہی ایک اور زمین ہی نارنگ

رہی گی تا بکجا تو یہ سدِّ راہِ دیر
چلی گا تا بکجا ساتہ عذرِ لنگ

ستم ہے تازہ جوانانِ پارسا پر لب
کہ دلمین جوشِ مے اور آنکہہ مین حیا و ننگ

عجب ضعیف مزاجو نمین تقویت آئی
کہ توڑتی ہی بطِ مے کی صوت کیرِ پلنگ

کسی سی کیونکہ ہو تمکینِ دیر سنجیدہ
فلک ہے رطلِ گران کی مقابل ایک پا سنگ

غزل پڑہو نمین اب ایسی کہ چشمِ ساقی سی
کنایہ خیز زیادہ ہو اور سیر آہنگ

غزل

زمین سی جہگڑا ہی اے دل تو آسمان سی جنگ
خراب ہین تیری اے خانمان خراب ڈہنگ

نظیرِ گلشنِ میخانہ اور سبزۂ خلد
حریفِ مستیٔ پیمانہ اور شیرہ در بنگ

بہ کم نگاہیٔ پنہان ہی کسکی دشنہ گزار
بہت ہی غور طلب ہے جو دل کا روزن تنگ

فلک کے تارا دہانی پڑی شبِ ہجران
نہ دلمین طاقتِ نالہ نہ نالہ مین آہنگ

در مدح مشفق فرخندہ سیر حافظ محمد اکبر ضلعدار اٹہرگنگ

صباح عید ہی اور باد ہای رنگارنگ
ہر ایک سیکو نکیو نکر ہو میکدہ کی اُمنگ

حکیم آہی ادہر سے اوٹہای جام جم
ادہر سی مست چلی لیکے عود و بربط و چنگ

ادہکتا جاتا ہی کیا تیز تیز شیخ حریص
اوچہلتا چلتا ہے کیا جلد جلد زاہد لنگ

فلک سی ابر اوٹہا اور غبار غم بیٹہا
کشادہ دل ہی جہان توبہ پر ہی عرصہ تنگ

اب اہل میکدہ ہر گز سیاہ کا نہین
کہ شیشہ شیشہ سے ہے جلوہ ریز حسن فرنگ

شراب و ساقی و مطرب ہین جمع خاطر سے
فلک کو اوڑ گئیے لیکر بلند سئے آہنگ

تمام گردش گیتی ہوئی ہے صرف جام
کہ سر پہ بیحرکت آسمان کہڑا ہی دنگ

کچہہ ایسی ابر اوٹہے جہوم جہوم کعبہ سے
کہ زُہرہ چرخ سی اوترے بغلمین لیکر چنگ

حکیم نکتہ کشا مغلطہ مین ہی می سے
کہ آتش آب ہوئی یا ہی آب آتش رنگ

کس اعتدال سی اوٹہتے ہے موج ساغر مین
نچا بگی شتاب اور نکاہلی درنگ

غریب جوہر صہبا ہے بے کثافت عیش
عجیب جام ہی آئینہ بے کدورت زنگ

جوان ہین بادہ گسار اور رسیدہ بنت رز
عجب نہین کہ اوٹہی درمیان سے پردہ ننگ

حکیم تنگ ہین رندونکے فیلسوفی سے
کہ گام گام پہ ہے فرش دانش و فرہنگ

ہر ایک منتظر حکم و نقد توبہ بکف
بہرا ہے میکدہ میں رطل ہی اب تنگ

ق

رسیدنی ہی حریم گاہ ساقی و صہبا
شنیدنی ہے حریفان بادہ کش کے ترنگ

لبون پہ نغمہ ہی اور ساغرونمین صہبا ہے
بغل مین ساقی ہی اور محتسب ہے صد فرسنگ

اب کوئی پانو کسی کے نہین پڑتا لیکن ۔۔۔ یا سر دشمن بدخو کہ سر زلف دراز

چل گیا خاطر عالم لیے فریب الفت ۔۔۔ ہوگیا کون و مکان صید تیرا بی تگ و تاز

نہ چھپے پر نہ چھپے تیرے محبت آخر ۔۔۔ بت پرستی ہتی صنم خانہ مین کعبہ مین نماز

یہ جو کچھہ مدح لکھے ہے تو محبت کی سبب ۔۔۔ نہ مجھے حرص کسی شی کی نہ دولت کی آز

تنگئے بخت سی خوش ہون کہ صلہ کو لیکن ۔۔۔ کیجے مقدار گر و کیون کرم بے انداز

کیونکہ تقدیر سے امید بہی مین رکہون ۔۔۔ کہ بنی نوع کو جب میری دیا سیر و نیاز

تجہسے نسبت ہی جو حاتم کو تو جز و کل کے ۔۔۔ وہ عرب کی لیئی فیاض تہا تو خلق نواز

تو نی دولت کا جو در کہولا کہا ہی شب و روز ۔۔۔ ہوگیا غم مین بخیلون کا در رزق فراز

کیونکہ ہو میرا سخن تیری سخن پر سر سبز ۔۔۔ ہی محالات سی جب سحر کا ہونا اعجاز

نکتہ ور تو ہی ہے کیا ہدیہ تیرا میری نکات ۔۔۔ نالہ زاغ کے سنتا نہین بلبل آواز

قطعہ دعائیہ

جب تلک روز نعم فاقہ کش و مفلس کو ۔۔۔ سوئی نعمت ہو نظر شوق مین باحرص و آز

چرخ نا اہلون کو تا خلعت زیبا بخشے ۔۔۔ شاہراہون مین لٹے مفت متاع بزاز

عید کا جشن ہو جبتک کہ ہر ایک دل کے نوید ۔۔۔ جل نو پہنے گدا شاہ قبہائے طراز

تاکہ ہر سالہ رہی عید کا چرچا گہر گہر ۔۔۔ دل ہر شخص ہو درخور فراغ عشرت ساز

انجمن ہو تیرے آباد مے و ساقی سے ۔۔۔ قلق شوخ طبیعت ہو وہان نغمہ نواز

منتظم تیری اگر رای رزین یہان نہو
تو نہ پاوین کبہی یہان اربع عناصر انتظا

قطعہ

دلمین کچہ تو ہی سمجہ لی مین کہون یا نہ کہون
لب پہ کیا لاؤن کہ صد خون ہی میرا حرف

اتنا تقدیر نے ہی مجکو کیا کوتہ دست
حق نے بخشش مین کیا جتنا تجہی دست دراز

قطرۂ دلمین تمنا سی تمنا ہے بہری
گر شنا گر نہو تو تو مین ڈبو دون یہہ جہاز

در پہ جمشید تیرے کاسہ بکف ایک درویش
اور سکندر تیری خدام کا ایک آئینہ ساز

کہینچکر کیونکہ نہ لاتی کشش دل تجہہ تک
کہ ٹپکتا ہی تیری وضع سی میرا انداز

دست زر ریز تیرا طبع گہر خیز میری
فرق اتنا ہی ہے لیکن وہ حقیقت یہ مجاز

کیا عجب ہے جو ہو لغزش تیری مدحت مین مجہے
ہے یہ نغمہ سبب وجد عراق و اہواز

تعریف اسپ

سایہ کوڑے کا اگر اسپ پہ تیرے پہر جائے
اثر سم سی بنی چرخ برین سینہ

چوکڑی چرخ یہ بہولے کہ گرے پانو مین
گردم جست سر معرکہ تو دے آواز

حشر اوٹہی گرد سی جولان پہ آجائی اگر
پہر کسیکو نظر آوے نہ کچہہ انجام آ

تیری شمشیر عدو کی ہی مگر کچہہ حامی
خود بخود آپ کو کرتا ہے وہ دو چند انا

ایسا ہے ہجو عدو سے تیرے خامہ بدنام
جیسے ہون مدح سی تیری مین ہما ہمہ

گرم بازار رہی حساد رہی یو نہین سر
روز و شب گوکہ ملی جائی جہان و عمر قا

ق

تیری بخشش سی زمانہ یہہ ہوا مستغنی
نہ کسی سر مین ہوس ہی نہ کسی دل مین آ

بسکہ تقریب ہوئی تیری ہم آغوشی کے ۔۔۔ اہلِ عالم کا یہی حیلہ ہوا پیش نماز

عید گہ مین ہے تیرا ایسا خوش انداز قیام ۔۔۔ جیسے سرِ ولب جو باغمین سب سی ممتاز

طوفِ در تیرا ہے احرام مرادِ دل و جان ۔۔۔ کیا عجب ہند مین آجائین اگر اہل حجاز

عام مہمانی تیری بزم مین ہی روزِ عید ۔۔۔ زاہد و رند کے ہمکا سگے ہے آج جواز

اللہ اللہ رے تیرا نورِ صفائی باطن ۔۔۔ بزم عرفان مین تیری سبکا نمایان ہے راز

تیری پیشانی پی وہ کہلتا ہی نورِ عرفان ۔۔۔ کہ صفائی احدی کا ہی توہی آئینہ ساز

حرفِ منصور تو کہہ دعوئی فرعون سے ڈر ۔۔۔ تا کجا پاسِ شریعت کہ نہین مین غماز

تجکو رعشہ نہین یہ جودتِ ہمت سی تیرے ۔۔۔ ہر رگ و پی سی ہی تحریک کے دہی بی انداز

تیری ہر روز مین ہنگامہ صد عید ہی صرف ۔۔۔ جشنہا سلف اب چرخ کریگا احراز

ضبط ہر چند کیا تیرے محبت نہ چہپے ۔۔۔ نغمہ عریان ہی رہا گو ہی پسِ پردہ ساز

لب پی ہین خلق کی تیری وہ سخنہا طویل ۔۔۔ کہ صفاتِ ارمی اوسکا ہی جبر و ایجاز

کسطرح سی تیرا افسانہ بخشش نہ سنون ۔۔۔ کہ میری بخت کو درکار ہی ایک خواب ناز

غور سی دیکہہ کہ ہی گورِ عدو کا سامان ۔۔۔ عہد مین تیری جو باقی ہی نشیب اور فراز

جسطرح سی تیری اقبال کی دولت مدام ۔۔۔ اسطرح سے تیری اعدا کی اجل ہی دمساز

تیری حاسد کو اگر مادرِ ایام جنے ۔۔۔ حشر تک نہ ہوی تا الم سی گرفتار گراز

کیا بہلے ہی دل و درد مین محبت تیرے ۔۔۔ جیسے آیات سی قرآن کی آرایش کا ناز

تیری ہر عزم کے تائیدِ الٰہے ہمراہ ۔۔۔ تیری ہر رای کی نہ چرخ شریک و انباز

در مدح حیات خان نصب اگر دادو سلمہ ربہ

شب فتہ مین میری طبع کو تہا نظم پہ ناز — لفظ الہام تہا ہر ایک تو معنے اعجاز
فکر گر طبع پی غش تہا تو رسائی اوسپر — مین فدا ذہن پی اور ذہن ہی جودت جانباز
تہا ہر ایک حرف زبان پر میرے حسن بلقیس — اور ہر معنیٔ نازک تہا سلیمان انداز
ہر ارادہ تہا میری دلمین عجب دور اندیش — ہر ادا تہی میری نظرون مین غضب صبر گداز
کونسی تہی وہ ادا جو کہ نہتی وقف کمین — کون انداز تہا جان پر کہ نہتا صرف نیاز
جو کہنچی صفحہ پہ مد کہنچنے لگے ابروسے — جو لکہا حرف ہوا تنکے جوانِ طناز
نقطہ نقطہ سے انا الشرق کا تہا جوش وخروش — گریۂ خامہ سی تہا صفحہ پی صد خندۂ ناز
ایسا کچہہ بندہ گیا شیرازہ سخن سنجی کا — کہ میرا کلبۂ تاریک تہا شہر شیراز

قطعہ گریز

سچ تو یہ ہے کہ طبیعت نی کیا حیلۂ نظم — ورنہ لاریب میرا خامہ تہا ایک وحی طراز
یعنی الطاف شمیم خلق اتم جانِ جہان — جسکے مخیم سی ہوا بلدۂ میرٹہہ ممتاز
نام کا اوسکے ہے وہ طرفہ معما کہ ہوجسمین — دو نوا جزا سے ہے ایک اوسکے نمایان اعجاز
یعنی تصحیف و ترادف ہی فقط جانسے اوسے — اسلیئے تار ہے ہستی ابد سے دمساز
اوسکی مدحت کو لکہا ہی بصد انداز غریب — جسکو پڑہتا ہوا آیا ہون سوئی حجلہ ناز

مطلع ثانی

گرچہ عالم کے لیئے عید ہے صد مایۂ ناز — پر تیرے خوان پہ خود عید ہی مہمانِ نیاز

اسم ممدوح حیات خان ہیں
فقط ادا یا باعتبار صوری تصحیف اعلیٰ اور معنی
خان قدر اسم
دراز از جان
بانقیبار اور انہوں
حیات ہیں اور ہر
حیات خان
حاصل شود
۱۲

ہی تیری دست گرفتہ عدو کی افسر فرق
حشم یتول ہی سکا تو فتح ہے جا گیہ

دلِ حسود مین ہی یہ عصائی موسائی
کہ ایک لقمہ ہے اس اژدہا کا جہم غفیر

قطعہ

مدیح جیسا ہون مین ویسا ہی ہی تو ممدوح
کہ دو جہانکے ہین وابستہ ہم مین دار و گیر

تیری قدم کا سہارا نہو زمین لرزے
جو مین نہون تو یہ بہری کاہی کو یہ چرخ شریر

اگرچہ صرف زبانی ہی نذر کیا کیجے
براے مغان ہی غنی کی لیئی دعای فقیر

معما باسم نراین داس ممدوح

سر ہر اس نرکہہ قلب ہو دلِ دنیا
کہ نقدِ نام ہے تیرا عیار عالمگیر

قطعہ دعائیہ

رہی یہ عالم اسباب جب تلک یعنے
نیاز فقر سے ہو ناز جاہ کے تشہیر

قیود فکر نہ واچاہین تا دلِ منعم
اسیر ہو دلِ مفلس مین رنج عالمگیر

نگاہِ یار مین جبتک ہو وصف شکن عمزہ نفیر
ہوس شکستِ وٹہائی کہ عشق رہو کی

رہی درونہٗ عاشق مین تا فشارِ غم
اخیر گوشۂ دامان پہ لائی دل کا عصیر

نثار آپ سی پروانہ تا کرے خود کو
اور اس بہانہ سی سر ہووے شمع کی گلگیر

فلک کے سمت رہین وا دو چشم نرگس کے
اور اوسکو خواب تخیل سی تا کرین تعبیر

قلق ثنا گر ہشیار نغمہ آرا ہو
سیاہ مست رہی تیری بزم خلد نظیر

جو دانت عوز سی دیکھے دو دستِ عذرا ہین
شبِ فراق سے کیے ہوی ہین دامنگیر

جو یہہ زمین پی ہنو وہی تو زلزلہ آجائے
کہ روز آب سی ہو وقفِ سیل مثلِ حصیر

لحد سی مردۂ صد سالہ چونک اوٹھتے ہین
کہ شورِ صور ہے البتہ پانو کے زنجیر

سپہر ہے ناصیہ پے اوسکے اس صفائی سے
کہ مہرِ چرخ ہے غرقابِ چشمۂ تنویر

قدم سی اسکی دماغِ زمین ہی عرش پہ آب
کہ پائی بوس ہین ہر گام چار بدرِ منیر

قیاس مین نہین آتی سبکروی اسکی
کہ ابتدای قدم مین ہی منزلون کا اخیر

تعریفِ اسپ

ترا سمندِ صبا سیر برق ہے گویا
کہ تازیانہ ہے اوسکو دمِ عرق تقطیر

نہ ابر و باد رہین پایمال اس سی کیون
کہ اسکی سایہ سی کہنچتے ہے برق کی تصویر

نظر غلط ہے منجم کے کہکشان کب ہے
غبارِ راہ کے ہے اسکے چرخ پر تحریر

خیال گردِ رہ اسکے تو سایۂ عنقا ہی
بس اسکا مثل ہی ہمثل بے نظیر نظیر

محلِ دیدہ ہی رکہتا قدم ہے نظرون پر
مقامِ فکر ہے عقل و خرد ہے اسکا اسیر

توصیفِ تیغ

مین تیری تیغ کے اوصاف کسطرح لکہون
زبانِ خامہ بریدہ ہی کیا کرون تحریر

صبا جو لگ کے چلے مرگِ ناگہان بنجائے
بجہے ہے زہرِ اجل مین مگر تیری شمشیر

جو اسکی آب مین آجای جوشِ طغیانی
تو موج موج سی ہو پای مرگ مین زنجیر

جو یادِ تیغ مین چار آئینہ عدو پہنے
ہر آئینہ مین عیان نیمرخ ہون دو تصویر

ق

گرہ کشا ہے جبینِ کرم تیری ایسی
کہ رشک سے ہے خراشیدہ ناخنِ تدبیر

وہ کونسی ہی گرہ جو نہین کہلے لیکن
ہی تیرا بندِ قبا میرا عقدۂ تدبیر

تیری نشاط مین کیونکر نہین ضیافتِ عام
کہ ہم مزاج ہین اس عہد مین صغیر و کبیر

یون ہی جو بزم سی تیری بلند ہوگی نشاط
تو کیا عجب ہی جوان ہووے پہر بہی چرخِ پیر

نہو قدر جو ہوا خواہ تیرے الفت کی
تو آب و آتش و خاک ہون نہ اتصال پذیر

عدو کی نیستی ہستی نہ کس طرح سے ہو ایک
کہ خود قضا ہے خلا و ملا مین تیری مشیر

نماز میری پرستش ہی تیری صورت کے
قبول ہی مجہی فتوائے مفتیِ تکفیر

طبیعتون سی اوٹہی ضد تیری محبت مین
شراب پیتی ہین صوفی بجائی آبِ شعیر

ق

تیری عدو کو چڑہایا زمانہ نے اتنا
کہ اوسکے تحت ثری مین تہا آسمان مصیر

مگر یہہ شعبدہ تمہید بازگشت کا تہا
گرا یا سر کے بل انجامِ کار مثلِ تیر

وہ زہرِ مرگ مین ہی جوہرِ گدازشِ جان
بنا ہی جس سی تیرا مدعی بے توقیر

ق

تیری حسود کے دولتمین گر ترقی آئی
اور اوسکی حرص سی بڑہجائی اوسکا زر کثیر

نیت سی اوسکی ہی لیکن حساب اتنا تنگ
رقم کے جائی پی ہو جائینگے صفر جاگیر

تعریف پیل

جو تیرے پیل سبکسیر کا مین لکہون وصف
تو پای خامہ کا ہو ماہ کی جبین پی اسیر

وہ کوہِ طور ہے اور تو ہی موسئ ثانی
تو گرد راہ تیرے سرمہ ہی برای بصیر

تو اپنی عہد کا خسرو ہے کوہکن خرطوم
کہ دو نو پہلو مین بہتی ہی اوسکی جوئ شیر

یہ سنتی ہی مین اُٹھا اور لکھا یہ مطلع صاف
کیا ہی بیت مقدس کو ہند مین تعمیر

حساب فیض مین ہے تیرے ذرہ مہر منیر
جو کوئی جمع کرے پائے ایسی کسر کثیر

وہ تونے مایہ دریا و کان لوٹا یا ہی
کہ آفتاب ہی خون آب آب ابر مطیر

لب سوال کی ملتی ہی سیر ہی سائل
عجب نہین ہی جو شاید خرید لیوین فقیر

اگر ہے مایۂ دولت کا بحر و کا مین گزارا
تو بحر و کا نکو تیری جمع دسے نہین ہی گزیر

سخا مین تونے یہ دریائی زر بہایا ہی
کنار سیل کا ہی مہر ذرہ منگیر

او دہار ہتی ہین مئی ند تیری دولت پر
مغان پلاتا ہی اور سب ہے ہی بہت دلگیر

ق

کہان تلک مین تیری گنج بخشیان لکھون
مٹائی حاتم و قارون کے جاہ کی تشہیر

نہین خزانۂ قارون مین اب بجز حسرت
لحد مین خفتہ ہی حاتم کی جائی پر تشویر

جو سوی چرخ ہوا تیرا دست داد بلند
فروتنی سی ہوا آب آب ابر مطیر

تیری غنا سی ہوا کائنات کو وہ قرار
نہین ہی اب حرکت سی لب عنا خوگیر

نہین ہے تیرا اگر روز صرف بالائی
پہر آسمان پی ہی مامور کار کسکا دبیر

مین تیری خلق کی کیا عطر سائیان لکھون
ہر ایک قدم پی ہی گلزار خطۂ کشمیر

ق

تیری صفائی باطن وہ نور روشن ہے
کہ تیری دل کا سویدا ہے مہر پر تنویر

تیری زمانہ کی ہین روز و شب صباح خلد
ہر ایک جان ہی بشر ہر ایک دل ہی بشیر

نہین ہی کوئی پریشان مگر دل دشمن
نہین ہی رنج مین کوئی پہ جاکی پیر

ڈوبا ہی چرخ تنگ آب نی وہ دریا دل
کہ برسون خاک پہ روئیگا جنکی ابر مطیر

وہ بزم درہم و برہم ہوئی کہ خون ہی دل کا
رخ طرب نی ملا ہے غبار جائے عبیر

وہ زلفہای معنبر ہوی ہین رزق زمین
رہیگے خاک سے تا حشر مشک کی تبخیر

اب اوس جناب پی ہی چار بالش جہان
کہ ذرہ ذرہ جہان انکا تہا عقل کل کا مشیر

تہی جس حریم مین سرگرم درس عقل وہان
نہ گوش رمز شنو واہی نہ لب تفسیر

اونہین کی نعش کو کہوایا شوم قسمت نے
جو پر مورین کہنچین تہی چرخ کی تصویر

سخنور و نکے ہین ماتم مین لفظ و معنی خون
ہر اک کشش ہی ہر اک حرف کی لئی شمشیر

ہر ایک سطر ہے صد پیچ و تاب مین درہم
سیاہ خامہ ہی ہر صفحہ نقش ہی دلگیر

ہر ایک حرف گرہ بنگیا ہے سینہ مین
وفور رنج سے درخود گرفتہ ہے تقریر

رجوع بہ ممدوح

مین رووں تجہسے کہانتک وبال گردون کو
نہ آہ مین ہی اثر اور نہ ضبط مین تاثیر

گیا وہ وقت کہ ہر شام صبح جنت تہی
غنیمت اسکو سمجہ اب بہی اور نکہ تاخیر

چل اوس جناب پی ہی جو کہ قبلۂ امید
در کریم سے زیبا نہین ہے عار فقیر

تو داغ دل کو دکہا جاکی اوسکی حضرت مین
کہ جسکا ذرۂ عتبہ ہے ماہ پر تنویر

سخی ابن سخی لالہ نراین داس

عطا معاش و کرم خواہ امیر ابن امیر

مطلع

عبث ہی محیطِ رجالی مین آبرو کہوتی / کہ مال مال ہین چشمِ ہنر مین آپ حقیر

جواہراتِ عقولی نہ دین کسیکو کہ چرخ / فریبِ قدر مین چہینے ہی گوہرِ توقیر

بنا ہی گر مین مگس سفرۂ زمانہ کا / تو گوشِ قدر مین طنین نہ ہی صدای صفیر

کبہی مین آبِ ہوس سی نہو لنگا تر دامن / کہ موجِ حلہ خار ہے مجکو نقشِ حصیر

یہ ترہات سے جبکہ طبع نے میری / کہا کہ حیف تری عقل کیا ہوئی دلگیر

جما ہوا تہا جہان نقطۂ شکوہ ترا / مٹایا چرخِ بریں نی وہ عالمِ تصویر

کنوئین مین حسن گرا عشق دشت کو بہاگا / نہ وہ خدنگِ مژہ اور نہ وہ دلِ نخچیر

ملا ہی خاک مین وہ کاروانِ یوسف خیز / کہ نورِ چشمِ حقیقت سدا رہے گا بصیر

نہ اب وہ خندۂ برگِ گل نہ عطر ریزِ وہ رخ / نسیم لائی گی کس جا سے مایۂ تعطیر

نہ وہ مکانِ مشرف نہ وہ مکینِ شریف / نہ دستگیرئ درماندگان نیای ستیر

وہانکی بزم ہوئی پائمالِ رزمِ قضا / چراغ داغ ہے اور فرش گردشِ تقدیر

فلک نے اونکو دیئے حلہ ہای استبرق / کہ جنکے واسطے تہا چرمِ خام تازہ حریر

جہان تہی فرش پی انبارِ گل خس و خاشاک / اب اوس مکانمین ہی صد تو دہ آہنی زنجیر

جہان کا بادشہ بزمِ نغمہ تر تہا / ولی عہد وہان کا ہی نالۂ شبگیر

جس آستانہ پی تعمیرِ خلد تہے قربان / اب اوسکی دوش پی ویرانگی ہوئی جاگیر

وہ قصرِ نور ہوا وقفِ خار و غارتِ غور / کہ جسکے خاک مین تہی ایک سیف گرداگیر

وہ لوگ جنبشِ مژگان تہے جنکو رنجِ سفر / برہنہ پا ہین مسافت مین پانوئین زنجیر

شب گذشتہ میری طبع میری بالین پر | کھڑی تھی سکتہ مین اور زیر لب تھے یہ تقریر

اگر زمین پی فلک ہے تو عرش پر مین ہون | وہ میر بےمثل رفعت مین نی علو مین نظیر

جو خبث چرخ بنا میرا اختر قسمت | تو میری خانہ خرابی سپہر کے تقدیر

نگر ستا تا ہی وہ اور مین چپ ہون جان لیا | کہ گویا نالۂ دل مین ذرا نہین تاثیر

ابھی جو قہر مین آون تو عرش سی ہو ندا | تو نوجوان ہی بس بستہ پیر ہی بی پیر

کبھو تو لاؤن کہان سی دل و جگر ایسے | کہ خون ہو ضبط سی اور جور کا نہو وی اخیر

وفا کریگا کہانتک معاش غم پر دل | رہی گی تا بکجا غرق خون جان اسیر

وہ ڈھونڈہی کوئی ملجا کہ جسکے ہیبت سے | اس اپنی مکر سے باز آئی چرخ پر تزویر

مین سنکے چونک پڑا اور کہا کہ ای ناکام | لبون پی بار دگر پھر نہ لائیو یہہ نفیر

جو یہہ ہی ڈہنگ ہین تیری تو ہی سلام میرا | کہ خاتمہ ہوا ہمت کا حوصلہ کا اخیر

نہ عندلیب قفس ہون کہ آب و دانہ پر | کرون ترانۂ دلکش کو بادکوب صفیر

نہ شمع ہون کہ پہرون بزم بزم مین روتا | تا آل کار رہون خاک دیدۂ تاثیر

نہ دہ مژہ ہون کہ شوخی و بیحیائی سے | ہر ایک کے گوشۂ دلمین ہون خار دامنگیر

نہ راز عاشق ناکام مدعا ہون مین | کہ بزم بزم مین ہون صرف بیہدہ تقریر

یہ دور دور ہوا و ہوس سی ہون گوسون | کہ تشنہ لب ہون جنت مین فرق جوی شیر

اگرچہ خاک پی آب حیات بہے برسے | کبھے بھی گوشۂ داماں میرا نہو نمگیر

ہزار سنبلہ بنجائین گو بروج فلک | مین ایک دانہ نمانگون اگرچہ ہون مین فقیر

قصیدہ

لبون تک آکی پہری حیف آہِ بی تاثیر
غضب ہے افلاکِ بدگمان ہی دامنگیر

جو چشمِ غور سی دیکہا تو طشتِ پر خون ہے
وہ آفتاب سمجہتا تہا جسکو جامِ شیر

زمین پی جادہ سلاسل فلک پہ کاہکشان
کدہر کو آفتِ زندان سی جا بجا ہے جہٹکے اسیر

فریب خوردۂ دوران ہون مجہسے پوچہی ہی قدر
کہ کیا ہی آبِ خضر جسکو کہتی ہین اکسیر

مین وہ شہیدِ فنا ہون کہ خاکسی میرے
اوٹہیگا یاد مین قاتل کی نعرۂ تکبیر

کہین مین بیچ ہون نشانہ مرادِ دوران کا
کہ سانس سانس سی لگتا ہی بر مین پی تیر

خصوصیت میری رنجش کو ایک شی کی ہے
مین حرفِ بخ ہون گویا کہ در جلدِ تنگیر

ہوائی دہر وہ ناساز ہے کہ غنچہ بنے
قلم سی نیم شگفتہ ہو گر گلِ تصویر

ہر ایک معنیِ رنگین سی خونِ دل ٹپکا
میری زبان ہی میرے قتل کے لیئے شمشیر

دیا کمال ہی مجہی چرخ نی بدین تقریب
علی الدوام رہی تا زوالِ دامنگیر

عجب نہین کہ ہی آبلہ تنورِ فلک
کہ ہی تپادشِ دل سی سرشتہ میرا خمیر

میری مزار سی دامن بچا کی چل اے چشم
کہ اک طرف فلکو پڑی ہی یہ خاکِ دامنگیر

کیا ہی مینی ہی بالا روی شعر مین پست
ہوا ہون آپ ہی صیادِ چرخ کا نخچیر

میری بہار خزان ہی وہ نخلِ ماتم ہون
کہ جسکو دیکہہ کے بہرا ہی چشمِ ابرِ مطیر

نکیونکلے شعلے دبی میرے خاکسے لیس مگر
دمِ فسردہ مین خفیہ ہی مایہاے سعیر

قطعہ گریز

پئ ثواب تو قانع اسی پہ ہے ورنہ
ق ٹہکانا کیا ہی ترقی کا کچھہ نہین تعداد

تری شمارِ مراتب عقول سے خارج
تیری ہدایتِ منصب نہایتِ اعداد

مین خاندان کا تیری صفت کسن پہ ختم کرون
ق ازل سی تا بابد ہے تسلسلِ امجاد

مثالِ فضل مین رکہتے نہین تیری اسلاف
شرف مین اپنی نظیر آپ ہی تیری اولاد

وہ ہی تو ہی تیری تدبیر جو مشیت ہی
اسی سی ہی متاثر نظامِ کون و فساد

اگر تو چاہے بدل دی ابہی میری تقدیر
ہی تیری ہاتہ مین اصلاحِ خوب و زشتِ عباد

روائی کارِ دو عالم تیری قلمرو مین
خرابہ خطۂ فتنہ و ملکِ امن آباد

تیری عدو کو نہین جاہ و سروری زیبا
ہوا ہی ظلِ ہما ہی کہین نشیمن جاد

تیر از ہیرِ عداوت زمین کا پیوند
تیرا اسیرِ محبت زمانہ سے آزاد

بہارِ خلق سے تیرے ارم کو کیا نسبت
شرارِ خشم سی تیری فلک کی کیا بنیاد

وہی ہی قبلہ گہہ جاہ جس سی تو ہی خوش
ق وہ ہی ہی راندۂ درگاہ جس سی تو ناشاد

یہہ کیا غضب ہے کہ تو مہربان ہی جس پر
فلک ہے مجہہ پہ غضبناک اور سپہر بیداد

بہولا یا منطق و حکمت کو جورِ فاقہ سے
بجز تصورِ نان اور کچہہ نہین اب یاد

یہہ وقتِ لطف ہی کر لطف ورنہ پہر مین کہان
کرے جو رحم تو صد شکر ورنہ صد فریاد

قطعہ

طریقِ دہر ہو تا رسمِ شادی و ماتم
رہین زمانہ مین جبتک کہ شاد و ناشاد

تیری حضور مین دایم ہو عیدِ شادی جشن
تیری عدو کی رہی ساتہ مرگ ماتم زاد

قسم ہے شعلہ افسردگی دل کے جو / بجہائے آتش خورشید و کورۂ حداد

قسم ہے تشنگی جان ناشکیبا کے / کہ چشمہ سار نظر آئے خنجر فولاد

قسم ہے مژدہ رسائی قتل عاشق کے / کہ خیر باد کہے جان تو دل مبارکباد

قسم ہے سادگی فرقۂ مسلمان کے / دو خشت کہنۂ مسجد پہ یہہ غزا و جہاد

قسم ہے ہایچے اشعار کے میری اسپر / کہ جس دماغ مین ہو دود بوئی استعداد

تو میری ملتی کو گنج خرد کا ملنا جان / ہی ورنہ زاندۂ درگاہ فرقہ حساد

دلیل چرخ کو ہے میری دشمنی کی ہے / کہ نقش ناصیہ ہے دایم اہمک اوسناد

ولیک مجھکو نہین ڈر کہ میرا حامی ہے / جناب سید برکت علی سپہر مراد

تیری سخا سے نہ کیونکر ہو بحر خاک نشین / کہ تونی آب گہر کو کیا ہے گرد آباد

کمال و فضل کو فضل و کمال تیری ذات / شرف کو عز و شرف ہے تیری خجستہ نہاد

تیرا جمال زوال نظر ہے حاسد کا / تیری فروغ سی خورشید تک بہی مستعاد

زہی خجستہ بیانی عیار منطق نطق / خہے شگفتہ نگاری بہار باغ مراد

وہ حرف فتنہ کو کاٹا ہی تیغ انشا ہے / کہ تیری خامہ سے شرمندہ خنجر فولاد

ق

تیری متانت انشا خلاصۂ فطرت / تیری بدیہہ نگاری بدائع ایجاد

نہین ہی سہو تیرے یاد مین کسی صورت / تیری غلط بہی یہ صحت کا جسم سی ہی صاد

اگر ہے عادت خلقی سی سہو تجہہ مین تو بس / نہ مدعی کی خطا اور نہ اپنا احسان یاد

سرشتہ داری ہی ہر چند شغل آبائی / مگر ہے تیری غرض اس سی انتظام بلاد

بلائی بازوی قاتل ہیری شہادت سے ۔۔۔ کہ بعد قتل ہے بر خود غضب ہا جلاد
تجہی ہی روی نبی بات بات پر ظالم ۔۔۔ تیری زبان ہوا ور کاش ہو میری داد
شب فراق مین یکبار مجہپہ ٹوٹ پڑا ۔۔۔ خدا ہی جانی کہ تہی آسمان یہ کیا افتاد
کہان یہ مطرب و می اور عنایت ساقی ۔۔۔ سہی کہ خلد مین بہی ہوگا سایۂ شمشاد
قلق زبان ہی جو منہ مین تو حال دل کی لیئے ۔۔۔ پر اب خموش ہو اور کر دعا کہ مبت عباد

قطعہ دعائیہ

رہی جہانمین جب تک علاقہ و پیوند ۔۔۔ ہہم جاکر و شہ چاہین باہم استمداد
جو جان سپاری خدمت سے شاہ ہو خوشدل ۔۔۔ تو قدر دانی منصب سی ہو ملازم شاد
جلومین دولت و اقبال تیری ہو ہر وقت ۔۔۔ کنیز خاص ہی یہ وہ غلام خانہ زاد

قطعہ در تہنیت عید در مدح منشی برکت علی صاحب

حریف خام یہ شیوہ تیرا نہین بہتر ۔۔۔ کہ لاف صلح ہے لب پر تو دلمین جوش فساد
لی آج عید ہی ملتا ہون تجہسے ہو کر صاف ۔۔۔ اور اسپہ کہا تا ہون سوگند ہا صداقت ایجاد
قسم ہے نغمۂ بیت الصنم کے وقت سحر ۔۔۔ کہ جسکو سنکے کرین سہو لا الہ عباد
قسم ہی سیر نگاہان بزم وحدت کیے ۔۔۔ کہ جنکے چشم سے نا آشنا ہی لبت و کشاد
قسم ہی سرخوشی بادۂ دشت امین کے ۔۔۔ گرا یا ہاتہ سے موسی کی جسنے جام سداد
قسم ہی غیرت شرک اوس حریف کی مجکو ۔۔۔ دم نظارہ نہ چاہی جو چشم سی امداد
قسم ہی لرزۂ عاشق کی وقت کشتن یار ۔۔۔ کہ جسکو دیکہہ کی ملجائین چرخ کی اوتاد

تو دل لگا کی سُنی تو مین اپنی جیکی کہون
وگرنہ مجھکو نہین شوقِ نالہ و فریاد

یہ امر سچ ہی نہین اسمین شاعری کہ تیرا
نجاہ مین کوئی نا بخو د مین ھمزاد

فلک جو تیرے مقاصد مین ہو بطی آسیر
تو پائمال کری اوسکو جوشِ صرصرِ عاد

صبا جو تیری خوشی کی خلاف چل نکلے
تو بیم خوف سی رہوی حصار بندِ جماد

جو ابر میکدہ پر آ لے اور نہ تو جاہی
تو برق خون ہو اور رعد نالۂ ناشاد

یہ سب صحیح و بجا ہے نہین خلاف کہ تو
زمینیون کا ماب آسمانیون کا معاد

مگر **قلق** سا سخن سنج مدح گو تیرا
اوٹہائی چرخ برین کی اور سقدر بیداد

اِرم نہین ہی یہ دنیای چندروزہ کچھہ
عوض مین جسکو ہو ہر سالس حسرتِ شدّاد

ظریف طبع ہی شاعر ہے مرد خوشخو ہی
بولا کے اوسکو سوئے محفلِ ابد آباد

رہائی چرخ کی دی گوشمال سے اوسکو
کہ تیرا حلقہ بگوش اور پہر نہو آزاد

غزل بہی لکھتا ہون بہر تمیز طرزِ سخن
کہ اہلِ ذوق کو رہوی میرا ترانہ یاد

غزل

نہ دی فریبِ اثر مجکو نالۂ ناشاد
کہ یار حیلہ طلب بخت بد فلک بیداد

شبِ فراق سی کچھہ صبح وصل دور نہتی
مگر ہے حشر دمِ شوق جلوہ کی میعاد

نہو جہہ چرخ سے تقریبِ حشر و نشر نہو جہہ
کہ میری خاک کو کرنا ہے عاقبت برباد

مین تجہسے شکوہ تغافل کا کسطرحسی کرون
جو غیر دل سی تیری جا آئی میری یاد

یہان تو سر کو جہکائی بنی گی مستونکو
کہ فرشِ کعبہ کبھی بتکدہ کی تہی بنیاد

جہادِ دین کی لیئے ترا دست جہد عمود
نمازِ خانہ کعبہ کو تیرے ذات عماد

تری عدو کو جو پستی مین یک نظر دیکہین
تو سر کے بل ہی ہون تحت الثری مین سبع شداد

ورم جگر مین گر اعدا کی ہو حسد سی عیان
کر آب تیغ سے الماس ریزہ گہس کے ضماد

وصفِ تیغ

جو تیری تیغ نکل آئے فرق دشمن پر
تو جرم نالہ سی ہو لخت لخت صدہ فریاد

صبا جو لگ کے نکل جای اسکی دامن سے
تو باغ و راغ مستردہ ہو مثلِ نقش مراد

تعریفِ اسپ

ترا سمند جو کاوی پہ آئے میدان مین
تو آسمان کو غبارہ بنائے لطمۂ باد

جب آیا ذہن مین قدرت کے اسکا پیکرِ نقش
تہی اپنی جودتِ فطرت پی غش دمِ ایجاد

نہو چہہ اسکی قدم کو دمِ عنان تازے
زمین پی قہر ہے اور آسمان پہ بیداد

صہیل سم ہی اگر استعارتاً دمِ رعد
تو سایہ برق سی ہی کچہہ کنایتاً ایراد

توصیفِ فیل

جو تیرا فیل دمِ معرکہ ہوا مین بہرے
طبق زمین کا اوڑجائی مثل کاغذِ باد

وہ دلفریب ہین خرطوم اور دو دانت سپید
کہ ایک لف کی دو پہلو مین ہین دو دامن صاد

قیاس یہ بہی غلط ہی جو غور سے دیکہا
تو جوہی شیر دلا یا ہی طور سی فرہاد

دقائی قہر مین اوسکی دو گوشت کی حرکت
لگای کشتی گردون کی گر ملیا نچہ باد

پلک کے مارتی یون زیرِ خاک جا بیٹھے
کہ جسطرح تہ دریا حباب بی بنیاد

اظہار حال

مین بوالفضول نہین اور زیادہ سنج نہین
کہ میری دین مین عبادت ہے قتل ابنِ زیاد

ابھی جو منہ سے نکالون مین حرفِ جان پرور
تو روح زار بنے دشتہای خاک و باد

جہان مین روشنی طبع کا کرون اظہار
وہانکی ذرون مین ہو مہر اصغر الافراد

جو مدعی ہی وہ آ ہی پڑہے قصیدہ کو
کیا ہے ہمنے حکم داورِ سخن بنیاد

جنابِ شیفتہ نواب خواجہ تابش کلام
کہ جسکے وصف مین مطلع ہی یہہ طلسم داد

شمارِ وصف مین گر تیری خرچ ہون اعداد
تو مختصر نظر آوین الوف جائے احاد

عیارِ جوہرِ برہان کو تیرا ذہن محک
سلامتی عقل کو تیرا علم اسناد

جو فرق کوہ پہ ڈالی وقارِ حلم کو تو
تو حشر تک بہی ہنووی تمایزِ ابعاد

بنایا چرخ نہم عرشیون نے کرسی پہ
کہ تا کہ آئے نظر تیرا عالمِ میلاد

رہی گا کیونکہ سلامت خزانۂ قارون
کلیدِ بابِ کرم اور تیرا دستِ ا

دمِ سخا تو اگر جو ثمین اولٹ دی فرش
تو زر گرفتہ ہو تا عرش جرمِ خاک و باد

تری کرم کو تلاش آز و حرص کے یہانتک
کہ جیبِ صبر ہے اور تیرا دستِ استبداد

زر و گہر کو قدم مین بہی جا نہین ملتے
کہ صرف کیسۂ مفلس ہے تیرا دستِ جواد

کہین ہو پور جہان خانہ زاد ہی تیرا
کہ تو عروسِ جہانکا ہی نوجوان داماد

ق

جو تو فسردہ جہان معرکہ مین ہو جائے
ادہر آئی پانوکے نیچے غبار پوچ نہاد

تو یہہ غبار کو تمکین تیری قدم سی ہو
ذرا نہ ہلنے دی ہرگز دبا کی دامن باد

قسم ہے شیخ کی دعوای خرقِ عادت کی
ثبوت جسکا نہین جز عمامہ پر باد

قسم ہے رنگِ گنہگار کے دمِ پرسش
اور اوسپہ تیغ کشیدہ ہو روبرو جلاد

قسم ہے شہرتِ شہرِ بہشت منظر کے
کہ جسمین کوچہ بکوچہ اوجاڑ ہے آباد

قسم ہے بادِ مخالف کی وقتِ غرق جہاز
کہ لائی سبکے زبانون پہ ہر چہ بادا باد

قسم ہے اوس نگہِ سادہ پر شرارت کی
بنی حلاوتِ جان جس سی تلخیِ بیداد

قسم ہے اوس بمِ افسردہ و برشتہ کی
سرشتگی سی بنا جسکے یہ دلِ ناشاد

قسم ہے قصہ بڑہانیکے ابن مریم کے
فلک پہ لیگیا اہلِ زمین کا شور و فساد

قسم ہے جرأت رستم کی وقت قتلِ پسر
دیا ہی جسکے عوض آسمان نی جاہ شغاد

قسم ہے مشکلِ طفلِ سبق گرفتہ کے
کہ جسکو یاد نہو جز طپانچۂ اوستاد

قسم ہے منصبِ نااہل و قدرِ دوران کے
اور اوس سی اہلِ ہنر کو ہو چشمِ استمداد

قسم ہے ضبطِ دلِ ناشکیبِ عاشق کے
کہ زیرِ تیغ نہ دیوین اجازتِ فریاد

قسم ہے چارۂ تکلیف و درد افزا کی
کہ عین زخم فروشی ہی چارۂ فصاد

قسم ہے تلخیِ شیرین فریبِ الفت کی
کہ جس سی سیر نہین روحِ خسرو و فرہاد

قسم ہے یاسِ اسیری و نبضِ حاکم کے
نہ جستجوی رہائی نہ قید کے میعاد

قسم ہے قلقلِ مینائی می کی گر زاہد
دو قل سُنے تو کبھی چار قُل نہ رکھی یاد

قسم ہے بیخودی اشکِ ناشکیبا کی
کہ جسکا جادۂ خشکی ہے دجلۂ بغداد

قسم ہے اپنی زبان کی کہ غرق خون ہوجائے
جو لب تک آئی کبھی بھول کر بھی حرفِ مراد

قصیدہ

کدہر ہے اے قلمِ واسطی طویلِ نجاد		کہان ہے ای منشِ سوختہ کثیر ر
یہ عزم ہے کہ لکہون وہ قصیدۂ روشن		کہ جسکو دیکہہ کے کہلجای چشم کور س
شکستہ خامہ سی کرسی نشین وہ لکہون حرف		کہ خوشنویس قدر کا ہو جسپہ چشم سے ص
وہ حرف حرف سی پیدا ہو فیض روح القدس		عقیم طبع کو دون جس سی مژدۂ اولا
سوادِ نقطہ سی وہ سر خوشی ہو موج فزا		نثارِ صفحہ کرے جامِ جسم خطِ بغد
یہہ جدولون پہ ہوا نبارِ معنیِ نازک		کہ خطِ جوہری ہو جای قابلِ العا
یہ رمز ہای متین سی لطیف طبع ہو خلق		کہ انبساط کا دامن ہو انقباضِ جم
یہ حل شعر مین ہون نکتہای لاانجیل		کہ نونیاز طلب آی شخصِ استعد
بناؤن معنیٔ رنگین ادا کی ایک جنت	ق	کہ خار خاطر گلچین ہو حسرتِ شد
جو زلف حور ہو جاروب کش ہر ایک در پر		تو پاسبان ہون خوبانِ خلخ و نوش

ق ک

قسم ہی حکمت یزدانِ اہرمن کش کی		کہ ہی وہ جزو بزرگ توافقِ اضدا
قسم ہی حضرتِ مرسل کی پیشوائی کے		کہ گام تنگ ہے پیرو کا جسکے دشت مع
قسم ہی حضرتِ مریم کی شرمساری کے		کہ جسکے جہیپتی ہی کیا کیا کہلے زبانِ ع
قسم ہی ایسی مسافر ندیدہ غربت کی		کہ آیا خلد سی دنیا مین لی رفیق و ز
قسم ہی عجز ادب کوش اون مریدون کے		کہ جس دیار مین ہو عشق صاحب ارشا

پیاکیا تڑپ ہی ہین بڑا سانحہ ہوا | بولے اگر یہ دوست تہی قاتل وہ کون تہا

یہ دشمن قدیم منافق ہین اسے پہپہے
باہم مخالفت مین موافق ہین اے پہپہے

قبر نبی مین نقب کیا اور رو دیئے | خلفا کے خون دلکو پیا اور رو دیئے
کوفہ مین سر علی کا لیا اور رو دیئے | زہر اجل حسن کو دیا اور رو دیئے

پہر آج کیون نہ مکر و خدعت کرینگے یہہ
تفضیح تا بروز قیامت کرینگے یہہ

یہ ہی تو اہلبیت کی نقلین بناتی ہین | یہ ہی تو خاک آل عبا کی اڑاتی ہین
یہ ہی تو گہر علی کا ستم سی جلاتی ہین | یہ ہی تو مصطفے کو بہی تہمت لگاتی ہین

یہ دوست ہین تو دشمن دین اور کون ہے
یہ ہین محب تو خصم لعین اور کون ہے

بس اے قلق خموش نہین طاقت کلام | حقگوئی تیرا کام ہی حق تجہپہ اختتام
جلتے ہین جو حریف اونہین کہے ہی اصل خام | اہل حسد سی ڈر نہین سنتی ہین خوا مام

تو شاعرون مین مستحق یاد ہو گیا
عرضی تیری قبول ہوئی صاد ہو گیا

ناظرین فن شعر و سخن کو واضح ہو کہ اس مرثیہ کے (۱۸۶) بند ہین

تمت

فریاد تھی رباب کی لوگو مین لٹ گئی
گھر سی وطن سی اپنی برائی سی چھٹ گئی
روتی ہوئی یہی ڈرتی ہون جی ہی مین گھٹ گئی
شرم وحیا کی ساتھ جہان سے نہ اوٹھ گئی
کیسی ذلیل ہوگئی لٹتی ہی راج ہائے
میری سکینہ بیٹھی ہی بن باپ آج ہائے

کہا کر طمانچہ ہول سی صورت ہوئی ہوا
رخسار سرخ ہو گئے اور نیل پڑ گیا
کانون سی خون بہنے لگا در جدا ہوا
کہتی تھی بار بار کہ ابا کو دو بلا
کیا اسنی میری باپ کو دیکھا نہین کہین
فضہ پکاری زور سی ہونگی یہین کہین

کسکو بولاؤن باپ تو جم جم ہی آئینگے
اکبر نہین جو دوڑ کے تمکو چھوڑائینگے
عباس بہی نہین جو گلے سی لگائینگے
واری نہ رو چیخ کے دونا ستائینگے
بی بی ہماری سارے خریدار مر گئے
کسکو پکارتی ہو کہ غمخوار مر گئے

راوی کا ہے بیان کہ حرم سر بسر تمام
جب قید ہو کے آئے در کوفہ پر تمام
مخلوق کا ہجوم تہا اور نوحہ گر تمام
ڈالی سرون مین خاک یہی بیخبر تمام
کہتے تھے ہای ہای ہمارا حسین ہائے
ہم پیٹنے کو رہ گئے مارا حسین ہائے

زینب نے سنکے شور یہہ سجاد سے کہا
ہے ہے انہین خبر نہوئی وا مصیبتا

دیدو خدا کی واسطے سر میری بہائیگا

مدفن بناؤنگی یہین تکیہ بناؤنگے
پیاسا جو آئیگا اوسے پانی پلاؤنگے

دونگی سبیل میوہ کی پودے لگاؤنگی
مین جلتی تہی پانو یونہین جان گنواؤنگے

میرا تو ڈہیر ہوگا پیارونکے ڈہیر پر
بس پڑ رہونگی مشہدِ غازی دلیر پر

بانو کی تہی فغان مین کسی موہنہ دکہاؤن اب
لوکا لگی عجم مین پڑو بہاڑ مین عرب

پتہر پڑے وہ کوک پی یہ مانگ پر غضب
جینے کا یہان ٹہکانا نہ مرنیکا وہان ہی ڈہب

پاشاہ دشمنون مین نہ عزت گنواؤنگی
دیکہونگی موہنہ کسیکا نہ اپنا دکہاؤنگی

لونڈی بنونگے کسکے کہ سردار مر گئے
اپنے پرای ساری ہی دلدار مر گئے

جاکر بکون کہان کہ خریدار مر گئے
اب کس سی کہیئے حیدرِ کرار مر گئے

پوتی طمانچہ کہاتی تہی سر ننگے ہی ہو
اور بیٹیونکو کہینچتے پہرتے ہین کوبکو

اس دشت پر عذاب سی یاشاہ الوداع
ہے ساتہ ساتہ صدمہ جانکاہ الوداع

ماتم تہارا ہی میرے ہمراہ الوداع
پر آس میرے ٹوٹ گیۓ آہ الوداع

جانونکو لیکے بس نکیا سر بہی لے گئے
رنڈسالہ کے عوض میری چادر بہی لے گئے

اودہی نہ مین جہان سی اور سب ہوئی ہلاک
مٹی ہی میری بہار ہی پڑجائی مجہپہ خاک

نیزہ پہ ہی حرم کی سپر وامصیبتا — زہرہ کا پاش پاش جگر وامصیبتا
اب جائیے کمک کو کدہر وامصیبتا — رفقا کے ساتہ ساتہ ہین سر وامصیبتا

ایسا زمانہ تنگ غریبون پہ ہوگیا
ہرگز نہین سوائی سر نیزہ کوئی جا

بی یار و بی دیار سہی اور یہ دغا دریغ — ان دشمنون مین کوئی نہتا آشنا دریغ
گمنام گہر نبی و علی کا کیا دریغ — ایسا پہرا زمانہ ہوا کیا سی کیا دریغ

ڈرتے ہین اب یزید سے سب وامصیبتا
انصاف ہوگا دیکہیے کب وامصیبتا

آغوش فاطمہ کی کمائی ہزار حیف — جنگل مین دشمنون نی لٹائی ہزار حیف
دکہیا بہن بہی آن نہ پائی ہزار حیف — لکہا میری نصیب کا بہائی ہزار حیف

ای شمر النس جان کی تصویر کٹ گئی
سر کاٹتی ہوئی تری چہاتی نہ پہٹ گئی

کنبے قبیلے والے ہو خوف خدا نہین — بہائی کسی بہن سی تو ایسا چہٹا نہین
میری طرح کلیجہ کسیکا پہٹا نہین — سب جہیل لونگی جان پہ کیا کچہہ بنا نہین

کچہہ رنج لٹنے کا ہی نہ صدمہ لڑائی کا

پلایا شمرِ خوک یہہ کیسے پُکار ہے | دُلدل سوار تیرا یہہ نیزہ سوار ہے

زینب کی ساتہ ساتہ تہا ہیورِ نکار و حالم
خیمہ مین آگ دیکی نکالے حرم تمام

بین زیر نیزہ لگے کرنے برملا | کسکا بہروسا اب ہمین اور کسکا آسرا
را ہمارا ہوئیگا کیونکر لکہا ہوا | سیدانیون کا غول ہی یہ ننگی سر کہڑا

پابند سخت ہوگئے کہکر کہان مرین
دُکہڑا یہی ہمکو کہ نہین آتا ہی کیا کرین

ہرا کا باغ کٹ گئے گلون تک ہوا قلم | سبکا عیوض مین جانتی تہی تیرا ایکدم
یادر تو خیر سر پہ لیے ہتی گو انکہہ مین تہا نم | مین آئی ہی نہ پائی یہہ کیا ہوگیا ستم

واری تری گذرتی ہی دنیا گذر گئی
سبکے بلائین لیکے یہ رنڈیا نہ مر گئی

سیدانیونکو لوٹتی پہرتی ہین بد معاش | نیزہ پہ سر الگ ہے الگ جسم پاش پاش
تر پیچلے کہین کو کہین ریزہ ریزہ لاش | ہی اور ظلم تازہ کی باقی مگر تلاش

پرسا کہا نہ بیٹہہ کے لون تیری بہت کا
رستا کوئی بتادی مجہی میری موت کا

دیکہتے ہون صورتِ جلاد کیا کرون | سنتا ہی کون بیوہ کی فریاد کیا کرون
بن لٹ گئی جہان ہی آباد کیا کرون | بہولی ہتی تجہہ پہ سبکو تیری یاد کیا کرون

زرعہ نی دستِ چپ کو کیا تیغ سی جدا | اور تیر ابو الحتوق کا ماتھی مین جا کھبا
کاہل نی پاش پاش کلیجہ کو کر دیا | ابنِ انس کا تیر قفا دوز ہو گیا

تھرا کی شاہ کہتے تھے ای ربِ ذوالجلال
دنیا سنان و تیغ ہی تو ہی ہی سبکی ڈھال

غش کہا کی ذوالجناح سی ناچار گر پڑے | شہ کیا گری کہ حیدرِ کرار گر پڑے
لغزش سی حق کی احمد مختار گر پڑے | حمّالِ عرش فرش پی ایکبار گر پڑے

دیوار کعبہ بیٹھ گئی عرش گر پڑا
قرآن ٹکڑی ہو کی سر فرش گر پڑا

سینہ پی چڑھ کی خولی نی پہر سر جدا کیا | اور قیس[1] نے قطیفۂ اطہر جدا کیا
اسحٰق[2] نے قمیصِ منوّر جدا کیا | لو ستر فرض بحر[3] نے آکر جدا کیا

نوکِ سنان پی فرقِ مبارک چڑھا لیا
نیزہ پی آفتابِ قیامت اوٹھا لیا

خیمہ کے در پہ زینبِ بیکس تھی انتظار | ناگاہ سامنی سی نظر آیا راہوار
سوچی کہ غش ہوی جو گرے شاہِ ذوالفقار | بولی کہ ای رفیق کہان ہی تیرا سوار

کہتی ہوئی نکل پڑی ای بھائی دیکھنا
آئی ہی صدقہ ہونے کو مان جائی دیکھنا

بھیا کدھر ہو منتظر یہ بہنا نثار ہے | بیوون کی چین کا تو ہمین پہ مدار ہے

[1] قیس بن اشعث ۱۲
[2] اسحق بن حضرمی ۱۲
[3] بحر بن کعب ۱۲

لازم ہے درگذر یہہ مقام گریز ہے

ہے عمر خضر خیر سے گر ایک دن ٹلا
بغض و حسد ہے قہر غنیمت خلا ملا
خواب و خیال ہوگیا آنکہو لسنی جو ٹلا
مجھپر مصیبت آج ہی اوسپر اکل بلا
پندار زندگے پہ کوئی بدگمان ہو
ممکن کہ مجھسے پہلے عدو کا نشان ہو

اب بھی ڈرو خدا سی جو ہونا تہا ہو چکا
حیلہ سی یاد غا سے جو ہونا تہا ہو چکا
تقصیر سے خطا سے جو ہونا تہا ہو چکا
حق پر رہو بلا سی جو ہونا تہا ہو چکا
اللہ سے ڈرو جو عدو مصطفے کی ہو
کیا سطوت یزید کہ بندے خدا کی ہو

کیا لوگے مار کر مجھے ای دشمنان دین
لی بازوون مین زور نہ زر درمیان زین
ایک جان رہگئی ہے بہت خستہ و حزین
وہ بعد ازین نہو گی کہ باقی ہی کچھہ نہین
للہ جانے دو کہ نکل جاؤنگا کہین
کیا بات ہی جو ٹال دو ٹل جاؤنگا کہین

ٹہرے لب فرات جو شاہنشہ امم
چارون طرف سی ٹوٹ کی اعدا ہوئی بہم
کہتے تہے تشنگی مین تو یہہ کچھہ کیا ستم
سیراب ہوتی ہی غضب آویگا ایکدم
ہی زندگے عزیز تو اب سر اوتار لو
پیاسا ہے مار لو اسی پیاسا ہی مار لو

جو شہسوار تھے، وہی ریگِ روان بنی
جنکے چلے دماغ وہ اوڑکر دہوان بنی

اقبال و جاہ و دولت و حشمت کی اصل کیا
جو ہیو فنا ہو اوسکی رفاقت کی اصل کیا

کبر و غرور و نخوت و ثروت کی اصل کیا
اس زور و زر کے قوت و طاقت کی اصل کیا

گذرا نہ ایک دن کہ ہزارون گذر گئے
پوچھا نہ یہہ کسینے کدہر تھے کدہر گئے

جس گہر مین گام گام پہ دولت کا ڈہیر تہا
عشرت کا خواب ناز کا نعمت کا ڈہیر تہا

ہر ہر قدم پہ گوہر راحت کا ڈہیر تہا
آخر اوسی مقام پہ حسرت کا ڈہیر تہا

گر شہ نشین مین صبح ہوئی شام گور مین
لاکہون گڑہی مین گر گئی اپنی ہی زور مین

پست و بلندِ دہر سے ہر دم عیان ہی گور
گر یاد کوئی رکہی تو یادِ جہان ہی گور

جز مشت خاک کچہہ نہین سبد کان شاہی گور
جو لامکان پہ رہتی تہی وہ انکا مکان ہی گور

باقی اوسیکا نام ہی ہر شی ہلاک ہی
کیا زور و زر کہ خاک کی سوغات خاک ہی

یہ جاہ و مال و دولت و اقبال تا بکجا
صیدِ زبونِ خلق کا پامال تا بکجا

خوبئ شکل و زشتئ اعمال تا بکجا
میری ستانی سی کوئی خوشحال تا بکجا

آئی کو صبح و شام مین یہان رستخیز ہے

ظلمت کدہ جہان کا شفاف ہوگیا
میدان صاف قاف سی تا قاف ہوگیا

لیکن رضائی شاہ کو تسلیم جہک کے کی
تعظیم اس ظفر کی مشیت نی رک کے کی

تغیر چہرہ ہوگیا عالیجناب کا
حملہ ہوا حواس پہ یہ اضطراب کا
اور یاد آیا حکم رسالت مآب کا
رستہ لیا سرادقِ عصمت قباب کا

خیمہ پہ آکے آخری صورت دکہا گئی
جولان کیا وہان سے تو دریائی آگئی

دریا کے رہ پہ تہام لیا شہ نی راہوار
سُن لو جو کچہہ مین کہتا ہون ہو جاؤ ہوشیار
حجت تمام کرنے لگے ہو کے استوار
جو کارِ بد ہی اوسکا برا ہی مآلِ کار

اُس حبِ جاہ و مال کا انجام کچہہ نہین
ناکام خود کو کرتی ہو یہ کام کچہہ نہین

دنیا ہی بی ثبات تماشائی خواب ہے
آفت مین صبح ماہ ہی شام آفتاب ہے
جو سامنی ہی وہی نظر پر حجاب ہے
ہر ذرہ دست بردۂ صد انقلاب ہے

ہر قصر سیم و زر و مین تقسیم ہوگیا
ہر نقد ریگزار مین ہاتو سی کہو گیا

کل جنکی در پہ نوبت و کوس و نشان تہے
ہمسایہ سپہر جو عالی مکان تہے
آج اونکی گور کی بہی نہ قائم نشان ہے
ایسے مٹے کہ گردِ پسِ کاروان تہے

امکانِ ضد تصورِ اشیا سی اوڑ گیا
رنگِ یقین مرقعِ دنیا سی اوڑ گیا

رنجِ فسادِ خاطرِ دانا سے اوڑ گیا
صوت کا احتمال ہیولا سی اوڑ گیا

عیسے ہلاک خوف ہوا جنگِ شاہ سے
بہاگا سپہر دیدۂ سوزنکی راہ سے

کبر و غرور و کفر سے خالی جو جا ہوئے
منکر رہا نہ ایک بغاوت فنا ہوئے

مید المنین پُر صفا ہی راہِ ہدی ہوئے
باقی ہتی اوسکی ذات کہ جس سی بقا ہوئے

متمردونکی سارے سہارے ہوئے عبث
کذب و دروغ بہرتی ہتی ماری ہوئے عبث

آوارگے مین موت کو بہوِ نجال ہو گیا
راہِ گریز آئینہ مثال ہو گیا

ہر دم لرز لرز کے بُرا حال ہو گیا
اشکال مین تداخلِ اشکال ہو گیا

نقطہ بی تنگ اپنی محیط فلک ہوا
ہر بار خطِ جادی بی سرطان کا شک ہوا

اولٹی گری نشان پہر پری سمت ہٹ گئے
گاجر کی طرح خنجر و شمشیر کٹ گئے

سر پر جو پڑے ہی آتی ہتی آخر اولٹ گئے
سب ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی ذرو مین بٹ گئے

پامال ہمہ کی کوہِ ستم گرد ہو گیا
دیکھی زمین جو سرخ فلک زرد ہو گیا

ہر چند عرصہ گاہ نہ انصاف ہو گیا

اعداد نیم ہی ہو گئے الضاف ہو گیا

کشتون سی گور پہٹتی ہتی مجروحون سی اجل

پیدل ہٹی سوار ہٹے موہنہ کو پہیر پہیر
کیا ایک صد ہزار ہٹے موہنہ کو پہیر پہیر
...ک کی بار بار ہٹے موہنہ کو پہیر پہیر
یہانتک ستیزہ کار ہٹے موہنہ کو پہیر پہیر
...ہل جیا گروہِ ستم سے نکل گئے
دنیا و دین و عہد و قسم سی نکل گئے

...یلغار سب مین پڑگئی آخر بتری پہری
فوجِ ستم مین آنکی نالان اجل پہرے
...ہوڑون سے تا بہ اشتر و افیال تہر تہری
مغفر سے لیکے موزۂ پا تک ذری ذری
کہتے تہے شکل ایکی ملی امن و چین کے
لعنت یزید پر ہے دہائی حسین کے

...یہانتک بہے کہ خود کو ڈبایا فرات مین
جز خون مطلق آب نہ پایا فرات مین
...تشنہ لبی نی دود اوٹہایا فرات مین
کچہہ دخلِ آب کام نہ آیا فرات مین
کہتا تہا ظلم یہ ہے مزا منع آب کا
تم جانو اور مقابلہ جانی جناب کا

...ہتی ہتی سرکشی کہ ذرا سر بچائیو
نخوت بہی میری ساتہ ہی افسر بچائیو
...چار آئینہ کو رکہیو نہ بکتر بچائیو
عزت ہی کچہہ تو جانکو بچکر بچائیو
جرأت نی جی کو چہوڑ دیا آس توڑ کر
مردانگی نی رخ نکیا موہنہ کو موڑ کر

پکڑی زمین نی پانو کہ آوارہ گرد تھے
گرمی مین اپنی خون کی چل بچھہ کی سرد تھے،

یہ بدحواس وہوش ہوی فوجِ فتنہ گر ترکش مین تیغ ڈھونڈتی تھی خود مین
سر پر چڑھے ہوئے تھے سوارونکی فکر سر اور سر پڑی ہوی تھی پیادونکی پانو

سینون پی اپنی اپنی ہی بھالی اولٹ پڑے
پیچھے ہٹے پیادے رسالے اولٹ پڑے

اہل کمان پی آنکے ایسے کڑے پڑے شمشیر سرفشان کی سنان پر چھرے
زاغِ کمان پی نوکِ دو پیکر کھڑے پڑے پیچھے کھنچے کمان کمین مین پڑے

پیچھے ہٹی کمان جو سر دوش چھوڑ کر
نکلے بغل سی تیر بھی ترکش کو توڑ کر

لنگوریان اوڑاتی ہی لنگور ہو گئے چہرونکے رنگ اوڑ گئے کافور ہو گئے
پھری پڑی کچھہ ایسی کہ زنبور ہو گئے آیا جو ایک پاس تو سو دور ہو گئے

گردِ وغا سے برق تھی مشعل بکف فرار
ماہی سی لیکے ماہ تلک صف بصف فرار

ٹھوکر لگے جو ایک کی ٹکرای صد ہزار ہل چل مین ایک ایک پے گرتا تھا بار بار
افواج پی یہ رنگ تھا میدانِ کارزار گھوڑی سقط پیادونپہ اور گھوڑون پر سوار

چھپتے پھری تھی بجلے گران گرکے روحون سے اجل

اسکی گذر تہی سینون مین اوسکی سرِ راہ ۔ دیکہا یہ موت کا تہا تو یہ مرگ کی تہی راہ

ایک ہی طرح کی دہاک تہی نزدیک و دور مین
طوفان چہپا سفینہ مین اور حشر صور مین

دونو کا عزم ایک تہا اور ایک دم قدم ۔ اوسکی قدم کو کوفت نہ اسکی ہی دم مین خم
یسی تہی ایک جان کہ دو قالب ہوئی بہم ۔ اوسکی فدا تہی روح تو قربان اسکا دم

یہ اسپہ چل گئی تو وہ اوسپر لپک گیا
چمکے جو یہہ ادہر تو ادہر وہ چمک گیا

سوار اور پیادے سب آوارہ گرد تہے ۔ گویا کہ رفت و روب ہزیمت کی گرد تہے
ہنڈی بہرین تہی سانس جو مردان مرد تہے ۔ شبدیز و ذوالفقار کی گرمی سی سرد تہے

کہوئی گئی کچہہ ایسی کہ بس پا گئے شکست
یہ اشتہائی مرگ بڑہی کہا گئے شکست

یغ و فرس سی تیر اسد مین لرز گیا ۔ رستم تہ زمین لحد مین لرز گیا
و حادثہ تہا اہلِ حسد مین لرز گیا ۔ ہر فتنہ اتہامِ مدد مین لرز گیا

نقشہ زمین کا سورۂ زلزال ہو گیا
اوٹہتے ہے اوٹہتے حشر بہی پامال ہو گیا

نکرہ تہے اپنے جان بچانی کی فکر مین ۔ اور موت پیچہے پیچہے بہانی کی فکر مین
یر سپر تہے موہنہ کی چہپانی کی فکر مین ۔ تیرِ قضا تہا اپنی نشانی کی فکر مین

تہا نہ ایک بہادرِ یکتا کو دو کیا
روشن ہی آسمان پہ کہ جوزا کو دو کیا
شل نقطہ ہی قاف مین عنقا کو دو کیا
مشرک کی ساتہ ساری ہی دنیا کو دو کیا
ہر چیز فرش و عرش کی ایک پلمین دو ہوئے
ذاتِ خدا ہی دیدۂ احول مین دو ہوئے

گمراہونکو جب اسنی ٹہکانی لگا دیا
اور باو پانی خاک پہ طوفان اوڑا دیا
دونونی اپنا اپنا تماشا دیکہا دیا
شق ہوگئی زمین فلک کو گرا دیا
یہ زور رہتی وہ شور رہتا یہ برق وہ سحاب
یہ غیظ مین ہوا ہوی وہ قہر مین عتاب

پہرتے تہے تیز تیز یہ دونو کہ الامان
سر ریز فتنہ ریز یہ دونو کہ الامان
پست و بلند خیز یہ دونو کہ الامان
چرخ و زمین ستیز یہ دونو کہ الامان
لی بہاگتی زمین کدہر آسمان کو
دونونی تنگ کر دیا ایک ایک کی جان کو

ہر شش جہت بلند تہے فریادِ الحذر
اہلِ وعید نالۂ ناشاد الحذر
آوارگے فتنہ و بیداد الحذر
کیا کیا ہلے ہے کفر کی بنیاد الحذر
کیا غیظ مین تہی ادہر شمشیر الحفیظ
لرزان ادہر تہا نعرۂ تکبیر الحفیظ

دونو تہے ساتہ ساتہ لبانِ مدد نگاہ
جس سمت کو پہری نہ پہری اسطرف سپاہ

ماہِ سپہر ماہی دریای چین تہا

اُمڈے جو یک بیک تو کفِ آب ہو گئے
لرزان ہوئی یہہ موج کہ بیتاب ہو گئے
قطرہ مین چہپکے گوہر نایاب ہو گئے
نکلے جو بچکے خشک تو شاداب ہو گئے
دریا کے قطرہ قطرہ مین شورِ عظیم تہا
ہی ہی ہر ایک صدف مین ہر ایک دُرِ یتیم تہا

یہ قلزمِ محیط کے جب کہوج پر چڑہے
قطرہ زنی سی بادلونکے فوج پر چڑہے
ہوکر سوار آب ہر ایک موج پر چڑہے
مانند شیر دہار کی ہر اوج پر چڑہے
اب اسکی عزم گرم سے ناپید ہو گیا
دیکھو نہ خشک چشمۂ خورشید ہو گیا

بُرِش سی اسکی چرخ تہ آب جا چہپا
ہر مرغزار و دشت مین کیا کیا بہرا چہپا
اور بحر کٹکے کوہ کے دامن مین آچہپا
غرقِ خلابِ خاک ہوا جا بجا چہپا
دریا یہہ تہوڑا تہوڑا ہوا اسکی تاب سی
تہا ڈوبنی کی فکر مین موجِ سراب سی

برہم کیا یہہ اسنی قرار و ثبات کو
مجروح کرکے رابطۂ کائنات کو
تہی رعد و برق ڈہونڈتی راہِ نجات کو
کاٹا ہے اسطرح سے امیدِ حیات کو
اب ہر نفس کی ساتہ ہی دہڑکا لگا ہوا
سبکو ہی اپنی موت کا کہٹکا لگا ہوا

ان بجا بیون پہ حیا بہی نہ چہٹنے دی
قدمون پہ سر گرائی اور انگلی نہ اوٹہنے دی

ارمان کو لیکے جنگ کی حسرت نکل گئے
بی غیرتون کو چہوڑ کے غیرت نکل گئے
اوجہل مین پشت پہیر کے قوت نکل گئے
آنکہین چرا کی صاف مروت نکل گئے

میدانِ جنگ چہوڑ کے عالم نکل گیا
سایہ کو جسنے دیکہہ لیا دم نکل گیا

حُبِ علی مین لپٹی ہی جاتی تہی دوڑ کر
صف زیر صف زمین پی بچہاتی تہی دوڑ کر
ناز و نیاز سبکے اوٹہاتی تہی دوڑ کر
ہر ایک کو گلی سی لگاتی تہے دوڑ کر

جو سر گران ہوا وہ سر جنگ اوڑ گیا
لوہو سپید سبکا ہوا رنگ اوڑ گیا

صرصر تہی دشت مین تو چمن مین نسیم تہے
شعلہ تہی خار زار مین گل مین شمیم تہے
طوفان تہی کہین کہین ابر کریم تہے
گہہ گردنِ غضب گہی فرقِ حلیم تہے

خوف و رجا کی حق مین بشیر و نذیر تہی
آخر تو تیغ نائب ربِ قدیر تہی

پہر بحر کے طرف یہ چلے ایسے گہاٹ سے
ہر موج ٹکڑے ٹکڑے ہوئی ہٹکے پاٹ سے
ساحل نہ لب گزیدۂ حسرت تہا چاٹ سے
زیر و زبر زمانہ ہوا اسکے کاٹ سے

برج اسد طویلۂ گاوِ زمین تہا

رفتار تھی قدم سی جدا اور تن سی سر
بھاگا پسر کو چھوڑ کے میدان مین پدر

ہر ایک کا علاقۂ پیوند قطع تھا
وابستگیٔ دہر کا ہر بند قطع تھا

تابش سے اسکے آگ لگی آفتاب مین
اخگر ہر ایک قطرہ بنا اضطراب مین
ماہی موج برق رسیدہ تھی آب مین
ڈوبے نگاہبان فرات اسکی آب مین

اس خورد بُرد پر بھی تو صابر لقب رہی
دریا خون پیگئے اور خشک لب رہی

لاتی تھی غول غول کو یہ گھیر گھیر کر
پیچھے رہے اجل جو چلے پھیر پھیر کر
کشتون مین ڈوب ڈوب گئی تیر تیر کر
پہنچے تو بعد عمر دگر خیر خیر کر

تھی کچھ تو انتظار اجل مین کھڑی ہوئے
اور کچھ تڑپ رہی تھی زمین پر پڑی ہوئے

مثل نسیم صاف چمن سی نکل گئے
مانند روح کوچہ تن سی نکل گئے
خوشبو کی طرح سرو سمن سی نکل گئے
صابن کی تار ہو کے بدن سی نکل گئے

سر دوش سی الگ تھا ولیکن عیان نہ تھا
جو زخم کارگر تھا اوسیکا نشان نہ تھا

جسکے لپیٹ کی سینہ سی یہہ مہ لقا لگے
کیا چوٹ تھی کہ دل ہی مین ہر ایک کی جا لگے
جی جان سی چھوڑ آیا نہ رکھی ذرا لگی
برباد تھا وہ جسکو ذرا بھی ہوا لگی

دل ہی کی دلمین رہگئی جو جسکے سر مین تہے — فریاد تہی گلو مین نہ طاقت جگر مین تہے
مجروح تہی جو شکل رہائی نظر مین تہے — مذبوح وہ امان جو قضا و قدر مین تہے

ابتک دل نفاق مین قطع و برید تہی
حقا کہ یہہ امانت تیغ شہید تہی

سی گذر کے ناخن پا تک گذر گئی — وہانسے بڑہی تو تحت ثری تک گذر گئی
پلٹی تو دشت و کوہ و سما تک گذر گئی — سدرہ سی چلکے عرش علی تک گذر گئی

جو زین پر تہا اوسکا جدا بند بند تہا
گہوڑی سی جو گرا وہ تڑپکر سپند تہا

نکلا جو موہنہ سی ایک کی ایلو وہان چلے — تو دوسرا پکارا یہہ آئی یہان چلے
کہتا تہا تیسرا کہ چلو میری جان چلے — چوتہا جو کچھ کہی سر نوک زبان چلے

ایک ہی نظر کے ساتہ کہانسے کدہر گئے
یہ آئی وہ چلے ادہر آئی اودہر گئے

آیا جو سامنے وہ ہے خونخوار کٹ گیا — فارغ ہوا کہ جان کا آزار کٹ گیا
اسوار تا بسایہ رہوار کٹ گیا — یکبار جیسے جو لشکر قرار کٹ گیا

رستی سفر کے کٹ کی یہ آوارہ ہو گئے
ٹکرا کے نسو نے جان دی سینے جو دو ہو گئے

الفت جدا تہی دل سی تو دل سی جدا جگر — آنکہین کسی طرف تہین پریشان کہین نظر

الله رے جمال کہ شان جلال تھے

نکلے جو یہ تو جن و بشر ہو گئے نہان
پھٹ پھٹ گئی زمین شجر ہو گئی نہان
مجروح ہو کے تیغ و تبر ہو گئے نہان
پامالیون مین سینہ و سر ہو گئی نہان
دامان رحم چہرہ پہ لیکر قضا چھپی
اور عافیت بہی گوشۂ مرقد مین جا چھپی

سرعت مین مدح و ذم سی سراپا کشیدہ تھے
سایہ سی اپنی طایر شاخ بریدہ تھے
اتنے سبک خرام کے خود ہی ندیدہ تھی
جسکی نظر پڑے وہی آفت رسیدہ تھے
اوصاف اوسکی لکھنے مین خامونکی سر کٹے
ہر بیت پر ملائک مضمون کی سر کٹے

بدمست ہو گی گاہ بہکتے ہوئے چلے
گاہے سمٹ کی سُنکے سرکتے ہوئے چلے
بنکر جگر کے کور کسکتے ہوئے چلے
پیچھے ہٹے تو اور لپکتے ہوئے چلے
پامال ہو گی نیستی ہستی کی سر ہوئے
ہل چل مین کائنات ادہر اودہر ہوئے

کھنچ کھنچ کے تھم گئے جو سر منکرین پر
لاشے تہ رکاب تھی اور سر تھے زمین پر
گاہی کرم فلک پہ کیا گہہ زمین پر
بوسہ دیا جناب کی گہہ آستین پر
کھنچتے رہے کہ قید شریعت ضرور تھے
دست امام مین تھی مروت ضرور تھے

نکلے وہ کیا کہ جان ہی تن سے نکل گئے
ناگاہ روح سہم کے سن سی نکل گئے

قبضہ پہ ہاتھ پڑتے ہی اوٹھا جہان سی شور
پانون پہ آپڑا نہ وبا آسمان سی شور
باہر ہوئی وہان سی زبان اور زبان سی شور
ظاہر تھے یہ نیام سی اور درمیان سے شور
ہر عقدۂ نقاب رخ لافتا کھلا
قدرت کھلے خدا کی علی بند کیا کھلا

نکلے وہ جب ذرا سے تو ساری سرک گئی
چمکے اس آب و تاب سی تاری سرک گئے
خورشید و ماہ ایک کناری سرک گئے
عیسٰے و خضر وہم کے ماری سرک گئے
نکلے تو ماہ چھوڑ کے ہالہ نکل گیا
گویا دل خموش سی نالہ نکل گیا

نکلے بغل سی ہٹ کے دل آرام کیطرح
چمکے کنارہ کر کے مہ شام کی طرح
دامن کشیدہ یاس سی تھی کام کیطرح
اوگلے پڑی تھی شوق سی پیغام کیطرح
باہر نیام سے نکل آئے وہ اسطرح
پرواز اوڑ گئے پر عنقا سی جسطرح

یکبارگی نیام سی باہر جو آگئے
خیرہ تھے مہر و ماہ نگاہون میں کھا گئے
سب بجھ گئی زمین پہ حیرت یہ چھا گئے
ٹکرا گئے حواس نظر لڑکھڑا گئے
انداز بیخودی سی خودی پائمال تھی

ایک ہی صدا مین اوسکی ہوا کوہ بی ثبات
آیا جو زلزلہ تو ہلے ساری کائنات

ربِّ علا کا جوشِ فگن قہر ہو گیا
اولٹا نظر پلٹتے ہی ہر شہر ہو گیا

حیوان کے ہو قتل کا ایسا جب انتقام
آلِ نبی کی خونکے عوض مین ہی کیا کلام
برسی گا خون عرش سی اور قتل ہو گا عام
اب بہی کہو پکار کے توبہ ہے یا امام

وسعت بہت ہے رحمتِ پروردگار مین
اس جبر پر ہے صبر ابہی اختیار مین

سمجہاتی تہی جو شامیونکو شاہِ نامدار
بعضے تہے خوفناک تو بعضے تہی شرمسار
پنہان تہا کوئی منفعل اور کوئی آشکار
چلایا دیکہہ کر پسرِ سعدِ نابکار

کیا سُن رہی ہو شاہ کی ترکی تمام ہے
جی چہوڑتے ہو ایک ہی حملہ کا کام ہے

انعام وجاہ ومنصب وجاگیر لو ابہی
ہی عیش عمر بہر خطِ تقدیر لو ابہی
جانی نہ پائی کہینچ کے شمشیر لو ابہی
تاراج کر کے غارتِ شبیر لو ابہی

چارون طرف سے ٹوٹ پڑی بیشمار فوج
اک شاہ بی پناہ تہے اور صد ہزار فوج

لی ذوالفقار شاہ نی پہر تو نیام سے
نکلے وہ برقِ شعلہ فشان ابرِ شام سے
مشتعل زبانِ تشنہ وہ باہر تہی کام سے
فریاد سر بلند ہوئی خاص و عام سے

وہ نور ہون جو شکلِ محمد مین تہا عیان
اور فاطمہ کے بطن مین چندی رہا نہان
پردہ ہوا جو حد سی زیادہ اوسی گران
مجمین حسین ہو کی ہوا نامی جہان
اب فدیۂ قبول جنابِ کریم ہون
ایجادِ کائنات کا اجرِ عظیم ہون

شانِ عجم بہی مین ہی ہون فخرِ عرب ہون مین
والا حسب ہے مین ہی ہون عالی نسب ہون مین
دنیا و دین کے دولت و اعزاز سب ہون مین
احسان کردگار ہون اور فضلِ رب ہون مین
اوٹہتی ہی میری دولت و اقبال خاک ہے
انصاف و عدل و دین و دیانت ہلاک ہے

شمعِ حرم کا نورِ تجلیٔ کوہِ طور
سایہ سی میری ہی یدِ بیضا خمول و نور
شمع و چراغِ بزمِ رسالت کا صاف نور
تفریحِ دشتِ قدس و سرورِ حریمِ طہور
وہ درِ تہ نشینِ محیطِ ظہور ہون
ظلمت زدائی شمع حرم گاہِ نور ہون

ہی ایک لقف بخش یہ حکومت یہ احتشام
خاشاک ہی ہماری ہی گہر کا تو روم و شام
نعلین مین ہمارے ہے ہر شاہ کا مقام
در پر ہمارے صبح ہے ہر آرزو کی شام
ادنی غلام اپنی ہوی شاہ ایسی لاکہہ
کیا ایک یزید راندۂ درگاہ ایسی لاکہہ

سب پر عیان ہی ناقۂ صالح کی واردات
جب ذبح اوسکو کرنے لگے لوگ بد صفات

سن لی تیری جز تو مناقب ہمارے سن

آدم کے نسل مین ہے ہمارا خمیر نور
ظل خدا ہین ہم ہے کہ ہین باعث ظہور

واقف نہین محل سے ہماری قریب و دور
غیب الغیوب جانتی ہو جسکو ہی حضور

ہر مرتبہ ہمارے بلندی سی پست ہے
واجب کیا خدا کو ہمین نی کہ ہست ہے

ذات امام علم نبوت کا باب ہے
مین روشنی ہون دین اگر آفتاب ہے

رمز ہدی و معنی ام الکتاب ہے
اوسکا مین ہی جواب ہون جو لاجواب ہے

وہ شمع ہون کہ ہوتی ہی گل ہی جہان سیاہ
ظلمت سی شکل اپنی چہپائین گی مہر و ماہ

افسوس ہی کہ واقف اسرار تم نہین
راہ ہدی و حق کے طلبگار تم نہین

اور باریاب حضرت جبار تم نہین
اور قدر دان احمد مختار تم نہین

جب مین نہین تو کچہہ بہی نہین اس جہان مین
یہ بوریای باد ہے تہ ایک آن مین

مین وہ علم ہون سایہ مین جسکی ہی لا اِلٰہ
ہون وہ ستون جو پشت نبوت کی ہی پناہ

وہ تیغ ہون کہ جس سے کٹے کفر و کفر خواہ
وہ چتر ہون کہ سایہ مین ہین جسکے مہر و ماہ

دیکھو کسے گراتے ہو سایہ ہون عرش کا
گرتی ہی حشر آئیگا پایہ ہون عرش کا

دنیا کی سب چھار نہ مٹتے اولٹ گئے
کشتون سے اپنے غار جہنم کے پٹ گئے

آئین جو ہم خوارق عادات پر ابہی — اک لقمہ برق و باد کا ہو خشک و تر ابہی
گر جائین آسمان سی شمس و قمر ابہی — تیغ جلال خلق کے ہو جائی سر ابہی

ہو جائی گر اشارہ شجاعت کے جوش پر
جتنی کہڑی ہو سر نکسے کے ہو دوش پر

پانی جو چاہین ہم تو ابہی ابر شمس مطیر — ماری زمین مین ٹاپ امنڈ آئی جوی شیر
پر شیر جام سامنے لائے مہ منیر — اور لیکے آفتابہ خورشید دوڑی تیر

جنبش سی موج ریگ کی پر آب دشت ہو
پانی پہری زمین پی نایات دشت ہو

تیغ و سپر کے زور پہ اور مجہسے کارزار — پہیکون جو مشت خاک تو ہو جاو سنگ بار
بدلون نظر تو یہ تہ و بالا ہو آشکار — دب جائین اپنی سایہ مین جتنی ہین یہ سوار

جو تیغ اوٹہائے اوسکے ہے حلقوم پر رہے
ہرگز نہ ظلم پہر کسے مظلوم پر رہے

پر کیا کرون کہ اوسکی مشیت ہی اور ہے — مجبور آپ ہو لی مین قدرت ہی اور ہے
عمداً گلا کٹانی مین قدرت ہی اور ہے — یہ جنگ اور ہی یہ شجاعت ہی اور ہے

ماہی سی تا بماہ مراتب ہماری سُن

سقے پکارتے تھے سبیلِ امام ہے
جی بھر کے خوب پی لے کہ لبریز جام ہے
ساغر چھلک رہے تھے تو مشکین بھری ہوئین
پر آب تھین صراحیان کوری دھری ہوئین

پیاسے سبو و جام پہ یہ ٹوٹ کر پڑے
یا گھوڑی پر تھے یا کہ سرِ خم نظر پڑے
جیسے کہ برق قلزم و جیحون پر پڑے
اور بہت سی تڑپتے تھے تشنہ جگر پڑے
ڈلوایا اونکے موہنہ مین گلاب و نبات کو
کچھہ پاس ہو زبان کا تو بہولو نہ بات کو

سب سے سلوک دل سی کئی جان کی طرح
خدمت مین تہا مبالغہ مہمان کی طرح
پیش آیا شکل اُنس سی انسان کی طرح
اور وہ بہی دلبری سے نہ احسان کی طرح
کسطرح سے مین اونکے اذیت کو دیکھتا
مہمان کو دیکھتا کہ مروت کو دیکھتا

اب وہی مین ہون وہی ہو تم نا خدا شناس
اب کیا کوئی جہان مین رکھیگی کسی سے آس
کچھہ خوف ہی خدا کا نہ کچھہ مصطفےٰ کا پاس
حملہ ہی نہ ہزار کا اور تین دن کی پیاس
بچونکو میری قتل کیا تاک تاک کر
تشنہ دہان ساری تڑپتے ہین خاک پر

مین بہی شجاع ابنِ شجاعِ جہان ہون
اس فاقہ مین بہی قبلۂ تاب و توان ہون
روباہ ہونگی ہون موت تو شیرونکی جان ہون
جنبش کرون تو زلزلۂ آسمان ہون

کل ہی کی یہ تو بات ہی کچھہ فاصلہ نہین — یہ بھی اگر دروغ ہے تو کچھہ گلہ نہین
مدِ نظر کچھہ اسکے بیان سی صلہ نہین — فوج یزید ہے یہ میرا قافلہ نہین
کوئی توانہین ہوئی گا مردِ خداشناس
اظہار حق کریگا جو ایمانکا ہوگا پاس

گھیرا تہا فوجِ ظلم نے جب آنکر حرم — اور ہر طرف سی کرلیا زیرِ نظر حرم
محصور تہا محاصرہ مین سربسر حرم — بادِ سموم تیز تھے اور ریگ پر حرم
یہہ دہوپ شعلہ خیز کہ اللہ کی پناہ
مرتی تہی ماری پیاس کے جتنے ہی یہ سپاہ

افراطِ العطش سی جو بلان ہوئی سپاہ — اور چہوڑ کر محاصرہ لی اپنی اپنی راہ
حُر آیا میری پاس بہت خستہ و تباہ — کی عرض آب چاہیئے اس شب مین تا[illegible]
تاب محاصرہ نہین اب فوج شام کو
للہ عفو کیجئے قصورِ غلام کو

حُر سے کہا گیا کہ عبث اضطراب ہے — پانی ہماری ساتھ ہی کارِ ثواب ہے
ناحق کا بندگانِ خدا پر عذاب ہے — کوثر کو ہم لٹاتے ہین کیا چیز آب ہے
جب آپ وہان نہ کوثر و تسنیم دینگے ہم
پہر بخل جامِ آب کا یہان کیا کرینگے ہم

غل ہر طرف نقیب کا تہا حکمِ عام ہے — فوجِ خدا مین آج تمہارا مقام ہے

ڈہایا ہے زور کفر کو کیسا جہان سے

ہر چہوڑ کر مہاجر و انصار ہے رہے
جاہ و حشم لٹا کے خریدار ہی رہے
بندہ دلے سے مرنے پہ تیار ہی رہے
کیا یار غار ہے کہ وفادار ہی رہے
یہانتک فنا ہوی تھی ولائی رسول مین
بنوائی اپنی قبر بہے پائے رسول مین

ور اہل کوفہ تہے میری ہژدہ ہزار دوست
ہو ہو کے دست بیع بنے راز دار دوست
یک ایک تہا مبالغہ مین جان نثار دوست
اب ایک بہی نہین ہی بجز کردگار دوست
آج اپنا سر خدا و محمد کے ساتہ ہے
کل قوم پر دغا کی گریبان ہاتہ ہے

شکوہ اگر دروغ ہے اور یہ بیان غلط
دیکھو تو کسکے مُہرین ہین اور کسکے ہین یہ خط
مسلم کے قتل کا مجہے شکوہ نہین فقط
میراث میری صبر ہے صد شکر ہر نمط
کیا ایک کا خیال کہ مین سبکو رو چکا
فوج خدا و گنج محمد کو کہو چکا

گو سود مند پند نہین اب ذرا تمہین
ایماندار ہوتے تو ہوتی حیا تمہین
ہوتا جو پاس سرور ہر دو سرا تمہین
آتا مرے ستانے سی خوف خدا تمہین
گو قتل میرا عین رضائی خدا ہوا
پر منصفی کا خون تمہین کیونکر روا ہوا

قرنا کو پہونکتے ہوئی داود تہی وہان
تہانبی ہوئی تہی عیسے و ادریس ساربان

پہنچے جلو مین بڑھ کے اولوالعزمئے کلیم | اور جرأت خلیل بڑہے خادم ق
او تہی دعائی لوط او لٹ دینی کو جحیم | اور مصطفائے عرش کو کرنے لگ

آئی ہوائے عاد اوڑانے کیواسطے
اور موج جوش نیل بہانے کیواسطے

پہر خدا نی عرض کی یاشاہ خوشخصال | روکے نہ مجکو صبر تو اب سب ہیں
جاہ و حشم کا انکے نہ کچہہ کیجئے خیال | ایک ہی نظر کو پہیر کے دیکہو تو ا

شہ نی کہا کہ ہمکو عنایت ہی چاہیئے
امت سے کیا لڑینگے مروت ہی چاہیئے

پہر آپنے بہ لطف و عنایت کیئے سلام | غصہ کو روک روک کی اور دلکو
یہ کیا کیا ہے کچہہ تو کہو ائے گروہ شام | تہے جو خاندان رسالت کیا

وہ بات کہتا ہون جو کسی پر نہیں نہان
تم بہی تو جانتے ہو کہ شب ہے یہ عیان

دیکہو فقط رسول خدا کے تہی چند یار | اور خویش و غیر دشمن جانی تہے د
تہی سارے بت پرست خدائی مین بیشمار | اللہ رے صدق عہد کہ تہے کید

ہرگز کیا دریغ نہ کچہہ مال و جان سے

...ند حیات سی آگے نکل گیا | یہانتک بڑہا صفات سی آگی نکل گیا

ہر چند اس سی کون و مکان گرد بُرد تہا
پر یہہ بہی جوشِ خونِ شہادت کی گرد تہا

...رخ ہر خرام مین صد بارہ پس گئے | کیا آسمان ثوابت و سیارہ پس گئے
...د کر سپہر خوف مین آوارہ پس گئے | تابِ صدا و طاقتِ نظارہ پس گئے

کادہ سی اوسکے کون و مکان بہی کمند مین
تہا یہہ بہی ایک معجزہ شکلِ سمند مین

...سقر خرام تگاور سے دنگ تہے | ہیبت سی بیم و یاس کے صحرا کی رنگ تہے
...ش مین نیم کشتہ شکارِ پلنگ تہے | مجبور زندگے کے فراخی سی تنگ ہے تہے

تہا شامیو نمین شور یہ کیسی ہوئی صباح
دیکہا جو غور سے تو برآمد ہی ذوالجناح

...ہے جا بجو کو ہوئی شاہِ دین سوار | تہی گرد و پیش صبر و توکل کے چوبدار
...بڑہے جلو مین ہدایت یہ بار بار | مجرا ادب سی ہوش سی ای قومِ نابکار

بوسہ دیا رکاب کو اقبال و جاہ نی
پکڑا شکار بند رضای الہ نے

...حصا بدوش اگر چوبدار تہا | یعقوب کی تہی ہاتہ مین فتراکِ بادپا
...رح کی ندا تہی نقیبِ شہ ہدا | اور حسن یوسفی تہا خواصی مین ہشیوا

دریائے شور اوٹھتے ہی یہہ تیز ہو گیا
قطری اوڑی تو اور بہی مہمیز ہو گیا
تہرا کے آسمان زمین ریز ہو گیا
پیمانہ سبکے موت کا لبریز ہو گیا

صورت لرز رہی تہی یہ طوفانِ نوح کی
ہر موج دست توبہ تہے عجزِ نصوح کی

دریا کو اِس سی بچنی کی پائی نہ کوئی جا
گہہ کوہ پر چڑہا تو کبہی خاک پر گرا
گہہ بہرِ امن بیخِ نباتات مین چہپا
وہان بہی نپایا امن تو پہر خاک مین ملا

پہر خاک سی بخار ہوا اور مآل کار
باران بنا اور اوس سی بنا دُرِّ شاہوار

براقیت سی اُسکے ہوا آبِ جو سپید
چشمِ سیہ سے آبِ خضر تہا فنا مین قید
نظروں سی اسکی موج لرزنیکو نا امید
تیور مین اوسکی لطمۂ طوفان کے نوید

گرداب کی جو گرد تہی گردِ سمِ سمند
سوراخِ مور مین ہوا طوفانِ نوح بند

پہنچا سوئے فلک تو ملک صاف اوڑ گئے
خورشید و ماہ چہپ کی تہِ قاف اوڑ گئے
مجہول ہو کے عقل کے اوصاف اوڑ گئے
لوح و قلم سے معنئ انصاف اوڑ گئے

رفرف پہ جا چڑہا تو گرا عرش سرنگون
پلٹا ذرا تو عرش پہ تہا فرش سرنگون

صحرائے کائنات سے آگے نکل گیا
میدانِ شش جہات سی آگے نکل گیا

کہتے تھے آپ یوسف کنعان کا گرگ حال

گذرا چمن کیجے سمت تو گل اور ہی کہلا
خجلت سی کی صبا نی تہ سنگ اپنی جا

سرعت سی بند دم تہا روانی نہر کا
گلگون تن سی اوسکی گلستان ہوا ہوا

دیکہا تو رنگ گل مین ذرا ہی چمک نہ تہے
بو کیا کرے دماغ کہ اصلا مہک نہ تہے

چمکا ذرا جو جنبش سبزہ سی ناگہان
وان سی اوڑا تو نشو و نما ہو گئی تہا عیان

بو ہو کے رنگ گل مین نظر آیا ہیکمان
القصہ برگ و بار مین چل پہر کے خوش عنان

اہل نظر کا لذت کام و زبان تہا
لذت سے حبت کی تو روانی جان تہا

غوغا ہوا محیط جو اوسکے شباب کا
پانی ڈہلا جو خوف سی چشم حباب کا

ہیبت سی جی بہر آیا ہر ایک موج آب کا
گرداب نیل ہو گیا دامن سراب کا

یکبار سگے ہوا یہہ تلاطم مین اضطراب
کشتئ نوح ڈہونڈہتا پہرتا تہا ہر حباب

ہر سیل آب غارت پامال ہو گئے
ہر موج در ہمی کی لیئ جال ہو گئے

ہر جوئی دشت صورت غربال ہو گئے
ہر شکل قطرہ رعد کے تمثال ہو گئے

آوارگے تباہ تہے خوف ہلاک مین
ماہی مین تہا نہنگ تو ماہی تہی خاک مین

اسرار غیب کہلنے مین بندہنی مین تہا خیال
گو دیکہنے کو خواب تہا پر فہم مین محال

آئی مین وہم جا نہین ہوش و حواس تہا
پڑہنے مین یہ شکوہ کہ اعدا کی پاس تہا
ہر قید سی تہا دور اشارہ کی پاس تہا
اور رکنی مین تڑپ کی شہید کے دو پاس تہا

روندا زمین و چرخ کو یہ آدہ جاؤمین
خورشید و ذرہ تلنی لگی ایک بہاؤ مین

ہلتا تہا ہر مکان و مکین اوسکی دہاک سی
شمس و قمر تہی خاک نشین اوسکی دہاک سی
برہم تہی ہر کمند و کمین اوسکی دہاک سی
سر در ہوا سپہر و زمین اوسکی دہاک سی

جب شش جہات اس سے نہ سبقت نما ہوئین
چارون طرف لپٹ کی فنا ایکجا ہوئین

آیا جو سوئی دشت نیستانمین شعلہ تہا
اوٹہنی مین تہا لپٹ تو جہٹنے مین صاعقہ تہا
کچہہ جست کی تو دامن گردونسی جا لگا
اور گرد سی غبار سی صرصر کا حوصلہ

سایہ چمک کے خرمن صد برق بنگیا
ہر ذرہ مدعئ انا الشرق بنگیا

لرزان تہا اس عقاب سی وحش و طیور تک
پامال خاک و خون تہی ضیاد دور دور تک
رفتار شیر چل نہ سکی پائی مور تک
پیچہا نہ کہتے تہے صبا پہر کی دور تک

تہرا رہے تہے ایسے بد اطوار و بد خصال

سایہ کو اپنی دیکھہ کے چمکا جو کچھہ کہین ‏ ‏ ‏ ہٹنے لگا سپہر سمٹنے لگے زمین

بدلی ہوئی کنوتیان اوبلی ہوئی نگاہ
کہتے تہین اب ہنین ہی کسیکی کہین پناہ

قربان تہا ہلال اگر نقش نعل پر ‏ ‏ ‏ سرعت کو سجدہ کرتا تہا ہر گام پر قمر
ہر گرد جستہ چشم کواکب کی تہے نظر ‏ ‏ ‏ تیور سے اوسکے رعد کا پرآب تہا جگر

ناگاہ نعل سی جو شراری ہوئے بلند
ہر برج آتشین سے ستاری ہوئے بلند

کس دہوم سی چلا ہی وہ جب تہان سی چلا ‏ ‏ ‏ سرعت شکستہ رنگ تہے جرات گریز پا
شعلہ لپک کے چادر قلزم مین جا چہپا ‏ ‏ ‏ داماں سنگ ڈہونڈتی پہرنے لگے صبا

مغرب سی ہٹ کی جانب مشرق جو کچھہ ہٹا
سایہ پلٹ کی سینۂ گردونیہ جا چڑہا

سایہ سی اوسکی شمس و قمر گرد بُرد نور ‏ ‏ ‏ ظل ہما غبار کا اوسکے فروغ دور
طلعت سی اوسکی ناز فزا عالم ظہور ‏ ‏ ‏ تہا عرش اوج مین تو تجلے مین کوہ طور

در صفا و نور کے ایک موج آب تہا
ہر گام اوسکا چشم کواکب مین خواب تہا

اصطبل مین براق و غا مین ہزبر تہا ‏ ‏ ‏ سرعت مین تہا نشاط تو مہلت مین ابر تہا
چلنے مین تہا نسیم تو رکنی مین ابر تہا ‏ ‏ ‏ بڑہنی مین تہا امید ترپنی مین صبر تہا

عابد گرے قدم پہ کہ اے شاہ بحر و بر
کچہہ غور ہو تو جای ندامت ہی کسقدر
اکبر ہوا شہید کہا مجہسے خورد تر
ہر چند ہون مریض ولی اذن دو اگر

رن کی زمین کو تہ و بالا ابہی کرون
جی جاؤن گر تلافیٔ حضرت مین مین مرون

فرمایا جانشینِ امامت ہی کون پہر
چشم و چراغِ بزمِ رسالت ہی کون پہر
حلّالِ مشکلاتِ شریعت ہی کون پہر
نقشِ نگینِ مُہرِ نبوت ہی کون پہر

اسرارِ انس و جان کی تم ہی تو کلید ہو
ہو جاؤ تم شہید تو کعبہ شہید ہو

سمجہا کی سبکو شاہ نی خاموش کر دیا
پہنی زرہ مشابہ حمزہ سپر قبا
پہر خلعتِ رسول کو زیب بدن کیا
لی ذوالفقار زیر بغل مثلِ مرتضا

دستارِ مصطفےٰ جو ہوئی زیب فرقِ نور
ہیبت یہ کہہ رہی ہتی اجل سامنے سی دور

یون آئی خیمہ گاہ سی پُر قہر شاہِ دین
زیر و زبر زمانہ ہوا دیکہکر جبین
جسطرح نیستان سے بڑہی ضیغمِ عرین
خم تہا سوارِ عرش تو عیسےٰ سرِ زمین

یہ چہرہ پر جمال جلالِ جناب تہا
جس ذرہ پر نگاہ پڑی آفتاب تہا

یا گاہ سی سمند ادہر آیا ہو کے زین
ہر ہر قدم کے نقش سی پیدا مہِ مبین

صورت کے دیکھنے کو ہے ترساؤگی کہین

اماں پہپہی چچی کو رولاتی ہو ہائی ہائے
کہرام ساری گہر مین مچاتی ہو ہائی ہائے
بہلانیکو گلے سے لگاتی ہو ہائی ہائے
دامن تم اپنا مجہسے چہڑاتی ہو ہائی ہائے
دامن کبہی نہ چہوڑونگی کتنا ہی تم چہڑاؤ
مجہکو نہ لیچلو تو چچا کو بولا کے لاؤ

شہ نے کہا پکار کے زینب سی ای بہن
آخر رضای حق مین ہی بہبود ہر سخن
اس خاندان کا صبر ہمیشہ سی ہی چلن
ہین واسطے ہماری ہی دنیا کی سب محن
تم صابرہ کے بیٹے ہو درکار صبر ہے
لازم ہے صبر حصۂ ابرار صبر ہے

پہر بہی جلیگا قتل ہے ہونگے لئین ہم
اوسکی رضا مین کسکو ہی دم مارنیکا دم
گردن جہکے ہے اور نہین ابرو مین جائے خم
راضی ہین ہم رضا پہ کچہہ صلا نہین ہے غم
بہاری کرو نہ دلکو سبکدوش ہی حسین
فریاد یہ تیری ہی کہ خاموش ہے حسین

دنیا ہی کون کام نہین کائنات سی
ہم تشنہ جان سیر ہین آب حیات سے
فارغ ہین اضطراب حیات و ممات سے
ہر آن مین علاقہ ہی اوسکی ہی ذات سے
ہمتو ازل کی نذر ہی ہر دم رہی شہید
آیا نہین کبہی بہی محرم مین روز عید

کیجے دعا کہ ہوا ہی قصہ میرا تمام
وارث بغیر زندگی عورت کی ہی حرام

فرمایی کہ کون میرا بعد آپکے
جینے کا کچھہ نہین ہی مزا بعد آپکے
مین اور ہجوم رنج و بلا بعد آپکے
کیا آئی آئی بہی جو قضا بعد آپکے
مرجاؤن کاش صدقۂ ابن رسول مین
ڈہک جائی میرا پردہ طفیل بتول مین

بولی رباب کون سی کل اب بتاؤ نہین
چہپ جائی میری شکل جو تمکو نپاؤ نہین
کنبا ہو ساتہ اور مدینہ کو جاؤ نہین
بختاوری نصیب کے کیا منہ دکہاؤ نہین
کیا چہوڑ تمکو لائی تہی ایسی جو چہٹ چلے
قربان یہہ گہڑی کہ سب ارمان لٹ چلے

اب سبکا پردہ پوش دکہاؤ تو کون ہے
اپنا سوا تمہاری بولاؤ تو کون ہے
لیجائی جو ہمین اوسی لاؤ تو کون ہے
محمل کی ساتہ میری بتاؤ تو کون ہے
شہ نی کہا کہ جسم کا تہا کربلا مقام
اب سر رہیگا ساتہ محافہ کی تا بشام

آئی سکینہ اتنی مین حضرت کی روبرو
نمناک چشم ہو کی لگے کہنے نیک خو
رخصت کی جیس وبیس کے سن سن کے گفتگو
ابا جی تمکو جانی نہین دینگی ہم کبہو
عمو نکی طرح تم بہی چلے جاؤگی کہین

اور ہی کہین چلو جو مدینہ نہین نصیب
رونا تو ہمکو بیٹھہ کے ہوگا کہین نصیب

بہیا تمام چاہنے والون کو رو چکے
سینہ ہی داغ داغ کہ لالون کو رو چکے
کمبخت ہون کہ گود کی پالون کو رو چکے
باغِ علی کی ساری نہالون کو رو چکے

سُنسان ہی جہان بہرا گہر کیا نثار
قربان جاؤن سب ہی کو تمنے کیا نثار

چوڑی مین رو رہی ہون بہرا گہر کدہر گیا
عباس نوجوان برادر کدہر گیا
قاسم کہان گیا علی اکبر کدہر گیا
رفقای جان نثار کا لشکر کدہر گیا

آنسونکا داغ کم نہین رونیکے واسطے
طوفان سی سوا ہے ڈبونیکے واسطے

تم بہی چلے تو آئے قیامت ہوی اسیر
ابتک تو کچہہ تہے آبروی عترتِ امیر
سید اینونکی ہوی گی کیا کیا نہ دار و گیر
پہر تو نظر مین سب ہی کی ہوجائینگے حقیر

لاکہون طرح کے صدمے او عابد کی ایک جان
اوجڑ ہونکو کیون اوجاڑتے ہی بہیا خدا کو مان

بانو نے دست بستہ یہ کی شہ سے التماس
ہون غیر کفو کسکو تمہارے سوا ہے پاس
ہی عرض گر قبول ہو یا شاہِ حق شناس
ہی میری زندگی کا فقط آپ پر اساس

سب کچھہ کیا قبول شرافت کیواسطے
تم ہو خصوص عصمت و عفت کیواسطے
یونہین قنات خیمہ کے در پر ازی رہے
میدان مین میری نعش اگرچہ پڑی رہے

ہے آج خاندان رسالت کا کسکو پاس
بیوارثون کی غربت و حرمت کا کسکو پاس
سب پردہ ہین شرم و حمیت کا کسکو پاس
سب بیحیا ہین ستر سیادت کا کسکو پاس
عریان نہونا چادر تطہیر سر پہ ہے
تم جاننا کھڑا ہوا شبیر سر پہ ہے

یہ سنتے ہے جو شور اوٹہا خیمہ گاہ سے
دل قدسیونکے ہلگئے بیوونکے آہ سے
کرسی و عرش آئی نظر بے پناہ سے
شبیر سرنگون ہوئے ذکر تباہ سے
کہتی تہین شہ سے ہمکو یونہین چھوڑ جاوگے
سب آسرونکو توڑ کے منہ موڑ جاوگے

زینب نے کی یہہ عرض کہ بہیا ہمین کو دیکھہ
بیوارثی کو اور ہماری چہلن کو دیکھہ
کوفی کو دیکھہ اور ہمارے وطن کو دیکھہ
غربت کو دیکھہ اور میری رنج و محن کو دیکھہ
عابد مریض و بانوی مضطر قریب مرگ
جیتی رہی تھی آجکو مین بی نصیب مرگ

ٹلتی نہین ہو ضد سے تو بچون کو ٹال آؤ
رانڈو لسنی گھر بہراہی انہین تو نکال آؤ
صغرہ تڑپتے ہوگی اوسی دیکھہ بہال آؤ
درگور زندہ مجھکو مدینہ تو ڈال آؤ

سینہ تو رنج عون و محمد سے چھد گیا | عباس کے جدائی سے بازو ہوئے جدا
قاسم کی رن مین گر کے کیا پشت کو دوتا | اکبر نے صاف نور بصارت کو کر دیا

اک دل رہا سو اوسمین رفیقونکا شین ہے
زندہ ہے تیرا حکم کہان اب حسین ہے

عباس جب چلے تو ہوئے مرتضے وداع | شکل نبی کی ساتھ ہی تھی مصطفے وداع
قاسم کی رن مین جا کے حسن کو کیا وداع | اصغر کے ساتھ ابن علی ہو گیا وداع

گھر لٹ گیا نبی و علی کا تمام حیف
مر کر حسین زندہ رہا بہر نام حیف

تو منتقم ہے دار کا تجھ پر مدار ہے | جو کچھ عیان ہی اوسکا تو ہی رازدار ہے
ہر چند صبر و ضبط کو مجھسے قرار ہے | پر دردمند ہونا بشر کا شعار ہے

غربت زدہ حسین بہت ناصبور ہے
سیدانیونکو سونپتا ہون تو غیور ہے

آئی دعا کی بعد بس اب سوئے خیمہ گاہ | برہم حواس و ہوش تو بکھری ہوئی نگاہ
شور رضینا لب تو سینہ مین جوش آہ | آتی ہی دی دعا کہ خدا کی تمھین پناہ

دیکھو ذرا نہ خیمہ سے باہر تم آئیو
اس خاندان کی عصمت و عفت بچائیو

نذر ازل تھی ہمتو شہادت کی واسطے | یہ سر تھا اختتام رسالت کی واسطے

کہہ کر اوٹھے اب آسرا ہی تیری ذات کا

اول بسوئے قبلہ مناجات کیے ادا
ای قادرِ ضعیف نواز و ستم گزا
توساتہ تہا مسیح کے جب دار پر چڑہا
ہمدرد تہا دو نیم جو زکریا کو کیا

یارب تیرا حسین یہ جبدم شہید ہو
ہو امتحان قبول کہ تا مجھکو عید ہو

یہہ صبر یہہ ثبات میرا حوصلہ نتہا
توہی تہا اور کوئی سرِ قافلہ نتہا
سمجہا کہ تیری راہ پہ یہ فیصلہ نتہا
گر دو جہان ملتی تو میرا صلہ نتہا

اب گہر لئے کہ خیمہ جلے کچہہ نہین گزند
کہلتا ہے کیا گرہ سی کمر مین ہون کار بند

بندہ کی کیا مجال تیرا فضل چاہیئے
ہر دم ہر ایک حال تیرا فضل چاہیئے
سب پوچ ہی خیال تیرا فضل چاہیئے
ای رب ذو الجلال تیرا فضل چاہیئے

رضی اگر رضا پہ ہو انسانِ بی پناہ
لنگر بنی جہاز کا طوفانِ بے پناہ

پر عاقبت بشر ہی ہون گر ضعیف ہون
بی یار و بی دیار نزار و نحیف ہون
تیرا ہی ہی یہ نور مین خاکِ کثیف ہون
ایسا نہو کہ لغزشِ پا سی خفیف ہون

مجہہ مین رہا ہی کیا کہ فقط تیرا نام ہے
مرنے سے پہلے ابن علی تو تمام ہے

چاروں طرف سے حملۂ خرس و کلاب تھا
اور درمیان میں خیمۂ عالیجناب تھا

دیکھی یورش جو شاہ کی رفقائی ناگہان — آگھیرا خیمہ گاہ کو اعدا نے ناگہان
منہ پھیر اشہ سے اہل مدارائی ناگہان — گھبرایا اہل بیت کو غوغائی ناگہان
ادعان جان نثاری کو چاہا ہر ایک نے
اقاسی حق گزاری کو چاہا ہر ایک نے

اوٹھی پی قتال شجاعان حیدری — بائیں تھی خیبر افگنے دائیں تھی صفدری
خالی تھی ایک حملہ میں جو صف کہ تھی بھری — قدمونپہ تھر تھرا کے گرا چرخ چنبری
دم توڑتے تھے تیغ تو تھا سہم تیر پر
وہ ہی بچا کہ جسکے قضا ہو گئے سپر

صف پر گرائی صف سر میدان کھڑی کھڑی — اوٹھا نہنگ و شیر کا غل جسطرف پڑی
آیا نظر پہاڑ جدھر کو ذرا اڑے — پر لڑنے سے حصول مقدر نہ جب لڑی
آخر تصدق سر شبیر ہو گئے
اعمال نامی امت عاصی کی دھو گئے

سب کٹ گئی جو تازہ نہالان مصطفیٰ — غمسے خمیدہ پشت ہوا سرو مرتضیٰ
بھائی موا بھتیجا موا اور پسر موا — ہے ہے وہ ایک دل کہ بہتر کا داغ تھا
یارا رہا نہ شاہ کو صبر و ثبات کا

ہر فتنۂ قضا کو جگاتا ہے زلزلہ | زیر و زبر جہان کو سولاتا ہے زلزلہ

ہستی و نیستی کا اک انجام دیکھنا
ہر نقشِ بے ثبات کو بے نام دیکھنا

ہلجائی گی زمین لرز جائیگا فلک | تا حشر اپنی جا پہ نہ پھر آئیگا فلک
مثلِ غبار چرخ سے تھرائیگا فلک | پہلے ہے اپنے رنگ سے اوڑ جائیگا فلک

گرتے فلک کو دیکھہ کے ہٹ جائیگی زمین
مانندِ برگِ کاہ اولٹ جائیگی زمین

کعبہ سیاہ ہوویگا زمزم کو ہوگا جوش | ہر ایک فرشتہ عرش کا ہوگا سیاہ پوش
بر بالحدسی فاطمہ کے ہوگا وہ خروش | سامع کو ہوگا بیخبری کی سوا نہ ہوش

فریادِ اہلِ بیت سی ہو گی قضا خجل
تسلیم سے ہمیشہ رہیگے رضا خجل

ہنگامہ صد ہزار کا مظلوم پر دریغ | ظلم و ستم کا حادثہ معصوم پر دریغ
سبکے نگاہ کشتنِ مغموم پر دریغ | یہ ظلم اور قبلہ مخدوم پر دریغ

ہو کیوں نہ حشر سبطِ پیمبر کا سامنا
یہ سامنا ہی داورِ اکبر کا سامنا

پوری نہ پڑھ چکے تھے نمازِ سحر امام | نقارہ کوب معرکہ مین آئی فوجِ شام
گبر و یہود میسرہ و میمنہ تمام | تھے قلب گہ مین ذلت و ناموس ننگ نام

یہ تہلکہ زمانے مین یکبار گے ہوا — پانی مین خاک خاک مین جا کر چھپی صبا
اور کوہ زیر کاہ کمین گیر ہوگیا — رفعت نبی کی حضیض کے دامن مین آ گئی جا

دنیا و دین و عزت و دولت بدل گیے
اپنی جگہہ سی اپنے محل سی نکل گیے

افسوس ہی کہ آج مدینہ ہی غرقِ خون — نوحِ عرب عجم کا سفینہ ہے غرقِ خون
خیر البشر کے جان وہ سینہ ہی غرقِ خون — اور سعی فاطمہ کا پسینہ ہے غرقِ خون

چرخ و زمین تمام ہے کون و مکان اخیر
ہی وقتِ عصر دورۂ آخر زمان اخیر

گرتے ہین آج مسجدِ اقصے کے اب ستون — اب ہوتی ہین ثوابت و سیارہ سرنگون
اب آسمان سی اوٹہتا ہی تاریک ابرِ خون — اب ہر ملک کو ہوتا ہی سرسام سی جنون

نورِ نگاہ اب کوئی دم مین فنا ہوا
اندہیر سے کہیگے تجلّے یہ کیا ہوا

امید آج خون ہے اور آرزو تمام — ہر سعی کا اخیر ہے ہر جستجو تمام
دُرِّ صفا و نور کے ہے آبرو تمام — ہر وصف کا ہی خاتمہ ہر گفتگو تمام

ہیہات جانِ ختم رسل کا ہے خاتمہ
بیتاب مرتضے ہین تو بے چین فاطمہ

اب کوئی دم مین خاک کو آتا ہی زلزلہ — محور سے آسمان کو گراتا ہی زلزلہ

مرثیہ امام ہمام حسین ابن ابی طالب علیہ السلام

جب صبح کربلا مین دہم کی ہوئی نمود — چہائی شفق فلک سے عیان تہا ہجوم دود
گرنا نگاہ نور سی تہا مہر کا صعود — ہر ذرہ خیرگی سے تہا خال رخ ہنود

تہا نور دور مہر سے اور مہر نور سے
خود کو ٹٹولتا تہا ہر ایک قرب دور سے

ہر ذرہ مین تہا نور نہ تہی نور مین ضیا — خورشید مین نہ سایہ سایہ مین تہی صفا
لمعان نہ تہی نظر مین نظر مین نہ تہی فزا — شعلہ مین تہی نہ تاب نہ تہی تاب مین جلا

نور نگاہ سایۂ مژگان سی تہا نفور
اور تہا ادہر اشارۂ مژگان کہ دور رو

وحشت کا جوش باد سحر مین کہ الامان — خار دماغ بوی گل تر مین کہ الامان
تیغ بہار شاخ شجر مین کہ الامان — بی رونقی یہ نور نظر مین کہ الامان

داغ نظر تہا نور مکدر نگاہ مین
تمیز تہا نہ چرخ کو خورشید و ماہ مین

وقت سحر اعادۂ شب کا ہوا گمان — خورشید کی نکلنی پی چہپنی کا تہا سمان
جوشی نظر کے سامنے آئی سو رائیگان — ہر سو عیان تہی شکل تباہی نہان نہان

کہتی تہی صبح شام سی پردہ نہ اب وہی
اچہا تو ہو جو تفرقہ روز و شب مٹی

محفل سی اوٹہون جبکہ جہان سے ہی اوٹہو نمین

ای چرخ ستم ہی کہ ستانیکو ہمین تہے
کمبخت تیری ناز اوٹہانیکو ہمین تہے

یہ اشک اِن آنکہوںسی بہانیکو ہمین تہے
اس آتشِ حسرت کی جلانیکو ہمین تہے

یہ حادثۂ سخت اوٹہانیکو ہمین تہے
اس بزم مین کیا جاںسی جانیکو ہمین تہے

جو حادثہ اسوقت ہی کس وقت ہوا تہا
معشوق بہی عاشق کی لئی کوئی ہوا تہا

دیکہون یہ تیرا حال جب ای دشمن لعنت
یاد آئی جو رسم اگلی تو آجای محبت

دی میری وفا مجکو ہی خود طعنۂ غیرت
لون اپنی ہی گردن پہ یہ سارے ندامت

مرہم ہوئی زخم جگر عذرِ مروت
پہر شکوہ نرہوی کوئی باقی نہ شکایت

آخر کو گلے سی تجہے ناچار لگالون
پہر جان وجگر کو وہی آزار لگالون

در روبرو بٹہلا کی کہون دیکہہ میری جان
دشوار تہا جو تمکو وہ مجہکو ہوا آسان

یعنی جو کہا اسکا دکہا یا وہی سامان
آخر تو ہوا کیسا پشیمان سا پشیمان

وارہ کیا آپ کو اور مجکو پریشان
اب سحر بیانی پہ تو لایا میری ایمان

وہ نظم محبت مین دل آویز سبق ہون
بیچین کیا تجکو بہی آخر تو قلق ہون

تمت

ترا دامن مژگان ہی نہین شرم سی کیسر
گردن کا اوٹھانا بہی نزاکت سی ہی دوبھر

بی شبہ ہی دل خلق کا کاکل یہ گران بار
ہان چین بجبین ہی شکن طرۂ طرارہ

منہ پہیر کے گہہ کہوے کہ اللہ رہی نخوت
کیا لعل جڑی ہین کہ نہ دیکھی کوئی صورت
قربان کیا تہا بہ سلیقہ یہ طبیعت
کیا ختم ہوئی حسن کے سب تم ہی پہ دولت
بس دیکھہ لیا اہل تمنا کی ہی شامت
اس شکل پہ اور چاہنے والون سے ہی نفرت

منہ کو تو ذرا ڈالو گریبان مین تم اپنے
بس ڈوب مرو جا و زنخدان مین تم اپنے

گیسوی دراز ایسی کہ طومارِ قضا کیا
سو ہان دل و جان ہی ادا اس سی سوا کیا
جس دل مین ہو تم دغدغۂ رنج و بلا کیا
وہ ابروی خوش خم کہ فلک ہی بہی دوہتا کیا
ہی حال برا خلق کا خوبی مین رہا کیا
ہو ذکر جہان آپ کا محشر کا گلا کیا

نظارہ سی اس وضع کی خوف آتا ہی ہی
ہر شخص اسی وجہ سی مرجاتا ہی ہی

القصہ وہ لی چٹکیون پہ چٹکیان نہ سہیم
فریاد کہ تہی ہم ہی کبہے تو خوش و خورم
بیجرمِ محبت بہی کیا چرخ نے ملزم
تو چیخ اوٹھے کہوے خداوندِ دو عالم
کیا گردشِ قسمت ہی کہ اب دہر ہی ہم
کیا خاک جئی کوئی میرا ناک مین ہے دم

بس بس میری اللہ نہ اتنا بہی گہٹو مین

مستیٔ نظر دیدۂ میخوار سی اوڑ جائے
پرہیز حیا نرگس بیمار سی اوڑ جائے
آزار جہان غمزۂ خونخوار سی اوڑ جائے
موزونیٔ خم ابروئے خمدار سی اوڑ جائے
انداز ستم ناز جفا کار سی اوڑ جائے
ہنگامہ فزائی تری رفتار سی اوڑ جائے

تو ایسا پریشانیٔ خاطر کے قرین ہو
نظارہ کہین دہیان کہین ہوش کہین ہو

ہو دل پہ ترا ہاتہ تو دل سینہ سی باہر
دامن ہین گرین اشک تو ہر اشک ہو اخگر
بیتابی و حیرت سی رہی مضطر و ششدر
ارمان ہون تری جانمین جان لب پہ ہو مضطر
ہو درد جگر مین تو جگر نوک مژہ پر
کیا میری کہ ہو اپنی بہی قابو سی تو باہر

بیتابیون کی عذر کو تو پاس اگر آئی
بس ایک ہی چلد ورمین دنیا سی گذر جائی

پہر ہنسکے کہے وہ کہ چلو ہوش مین آؤ
کیا بات نہ ملنے کے ہے نظرین تو ملاؤ
بیچین ہو کیون اتنی بتاؤ لو بتاؤ
ہی تازہ ملاقات ذرا منہ تو دکہاؤ
جاتی ہی رہی ہاتہ سی اتنی بہی نہ جاؤ
مین دل نہین عاشق کا مجہی تو نہ اڑاؤ

معشوق ہو فرمائیے عشاق ہین کتنی
مشتاق ہین بتلائی مشتاق ہین کتنی

دلکش ہی ہر انداز ہر ایک ناز ہی بہتر
گیسو مین وہ نگہت کہ صبا چلتی ہی بچکر
جب سامنی تم آؤ تو قابو کسے دلپر
رخ پر وہ صفا کہ نگہ کہاتی ہی ٹہوکر

ہر لحظہ نئی وصل کے سامان نظر آوین
تصویر یہی محفل کی تو آمان نظر آوین

ہو لطف اگر بزم مین تو ہی کہین آجاے
پہر برقع کو بیساختہ یون چہرے سی سرکاے
فریاد مین فریاد ہو اور ہای مین ہو ہاے

اور طرز سی تیری تجہی کہو یا ہوا دہ
اوڑ جائین تیری ہوش تو دل تہام کی رہجا
جان جانسی نکل جای اگر ہوش مین ہوش آے

ہو اہل تماشا کو بہی حیرت کہ یہ کیا ہی
بدحال ستمگر ہے کہین روز جزا ہے

برقع کو اوٹہاتی ہی زمانہ کو گرادی
گرمیٔ نظر سی کچہہ عجب آگ لگادی
حیرت سی مٹاکر تجہے آئینہ بنادی

محشر کو اوٹہادی تجہی خاموش بٹہادی
یہ حسن مع گرمیٔ ہنگامہ جلادی
جو مجہپہ گذرتی ہی وہ تجہہ مین ہی دکہادی

وہ چال مین تو آئی کہ رفتار کو بہولی
پہندی مین پہنسے طرۂ طرار کو بہولی

بل نکلی تیری زلف کا ہر ایک پئی ہم
گرمیٔ ادا سرد ہی خجلت سی بنی نم
بنجائی یہ کچہہ جی پہ کہ دم دم مین ہیجے بیدم

ابروسی نکلکر تیری گردن مین پڑی خم
اور درد مسیحائی لب کی ہو دوا سم
ہر غمزہ سی فریاد ہو ہر عشوہ سی ماتم

چہرہ سی تیری رنگ اوڑی چاند نا ہو جاے
اندہیر ہو کچہہ ایسا کہ تو بزم مین کہو جاے

وہ منہ ہو کہ قم تک کو ذرا منہ نہ لگاوے
اور دورِ دہان سیم عدم مین نہ سماوے
براقیٔ دندان سی صفا برق گراوے
اور چاہِ ذقن غرقۂ یوسف کو تراوے

گردن کی بلندی جو صراحی مین جھلک جاے
سرشار سیم شرم سی ہو یہ کہ چھلک جاے

ہو بحرِ لطافت کا برو دوش کنارا
مژگان مین تلاطم سا ہو گرتی ہی نظارا
یہ ذبح کرے جنبشِ بازو کا اشارا
وہ قتل یہ بسمل اوسی زخمی اسی مارا
انگشتِ حنائی تپشِ دل کا شرارا
اور ساعدِ سیمین سی ہو سیماب بھی پارا

گر شمع پہ گر جای کفِ دست کا سایہ
ہو صاعقہ پروانۂ سرمست کا سایہ

اور سینۂ آئینہ ہو وہ چشمۂ مہتاب
ہون جسکی حباب آبزنِ دیدۂ پرخواب
وہ صاف شکم ہو کہ نہو قاقم و سنجاب
مخمل بھی جو دیکھی تو یہ چونکے کہ اور مخواب
ہو ناف مین آبِ گہرِ حسن کا گرداب
اور ساقِ دل افروز ہو اک شمعِ جہان تاب

القصہ سراپا مین سراپا ہو وہ آفت
ہو بیٹھنے مین فتنہ تو اوٹھنے مین قیامت

پھر اوسکو فسونہائی وفا ساری سکھالون
پھر شوق نہی ہون کے ارمان نکالون
وہ سحرِ محبت سی وفادار بنالون
پہلو سی اوٹھی جو مین تجکو بھی بٹھالون
ہر حسرتِ خوابیدہ کو خلوت مین جگالون
نظرون سی گراؤن تجھی اور دلکو اوٹھالون

خاکستر پروانہ تجھے جس سی بنا دُون

وہ اوسکا سراپا ہو کہ دیکھا نہ سنا ہو
کانون مین جو پڑجائی تو آنکھون سی
پوشاک ہو وہ تنگ کہ غنچہ بہی قبا ہو
اور رنگ کا وہ رنگ کہ تو لپکے حنا
آواز مین وہ سحر کہ اعجاز فدا ہو
اور ناز مین وہ شکل کہ معشوقِ

دامن کی چڑھائی مین بہی پیدا ہو لگاوٹ
بگڑی بہی تو سطرح کہ گویا ہے بناوٹ

وہ سلسلۂ زلف کہ بہس جای رہائی
رنجش مین بہی آئینہ جبین پر ہو
پیدا گلِ ہر گوشہ مین سو عطر کشائی
بر پا ہو رخسار سی خورشید
ابرو کے اشارہ پہ چلے ہوش ربائی
اور دامن مژگان مین سما جای

آنکھون مین وہ جادو اگر اعجاز دکہائی
زہرہ کو فلک سے چہ بابل مین گرائے

ٹہوکر سے جو کشتو نکو وہ ٹہکرا کی جلائی
اعجازِ مسیحا بہی قدم بوس کو آ
ہر گام مین موج آبِ بقا کی اُمنڈ آئے
ہر نقشِ کفِ پا پہ خضر سر کو لگا
سایہ بہی گری خاک پہ تو حشر اوٹہائے
گر حشر اوٹہے نقشِ کفِ پا سی د

یون چرخ پہ ہر بات کو ہر دم وہ اوتارے
شیشہ مین پری کیا کہ مسیحا کو اوتارے

خود بینی کا بینے ہی سی نقشہ نظر آوے
اور نرگسِ بیمارِ عصارہ کہہ کے بتاد

ہان میری ہی خسارہ پہ یہ نیل عیان ہے
ہان میرے ہے زانو پہ یہ چٹکے کا نشان ہے

تم کاہی کو مین ہی تو کسی بر مین رہا ہون
مانند حنا غیر کے ہاتون سے پسا ہون

جانباز و لسی اس ڈہنگ کے دم باز یان اللہ
اغیار کی خاطر یہ عنان تازیان اللہ
دمباز یان اللہ سخن ساز یان اللہ
غیرون سی ہر ایک بات کی غماز یان اللہ
یہ پردہ بر انداز و لسی ہمراز یان اللہ
اللہ ری تیری شعبدہ پرداز یان اللہ

سن تو کوئی چالاک بہی ہوتا ہی تو ایسا
پردہ مین کہین چاک بہی ہوتا ہی تو ایسا

ہی شرط کہ اب مین بہی تیرے خاک اوڑاون
خونابہ حسرت کی تجہی رنگ دکہاون
اس آتش خاموش سی وہ آگ لگاون
ہر دلسی تو اوٹہہ جائی یہ نظروںسی گراون
ہو زہر بہی میٹہا یہ مزہ تجکو چکہاون
ہو شمع بہی انگشت بدندان یہ جلاون

ایسی سی ملون جس سی نہ تو آنکہہ ملائے
صورت سی تیری اپنی کف پا کو چہپائے

ہر چند تیری تازہ خریدار بہت ہین
پر یاد رہی میری بہی غمخوار بہت ہین
نایاب نہین ایسی طرحدار بہت ہین
کیا چاہئین اب یار کہ اغیار بہت ہین
غرفہ سی مری تاک مین طرار بہت ہین
گلزار وفا مین گل بیخار بہت ہین

کاشانہ حسرت مین اب اوس شمع کو لاون

ہان سچ ہی یہ تہمت تمہین بیہودہ لگائے | کیا لوگ ہین کمبخت عجب بات بنائے
کیونکر کہون ہی آپ کو منظور لڑائی | یعنی کہ ہی ابتک وہی دیدہ مین صفائی
سچ کہتے ہو تم سچے ہو جہوٹی ہی خدائے | کیا دیکہہ لیا ہی جو کری کوئی برائے

غمازون کا کیا منہ ہی ذرا بات تو کر لین
کیا اونپہ گذرتی ہی وہ اپنی تو خبر لین

کسطرح نہین پاس حیا آپ کو توبہ | کب چین ہی خلوت کی سوا آپ کو توبہ
غود کا مونسی کیا کام پڑا آپ کو توبہ | کیا دینگے فریب اہل دغا آپ کو توبہ
می نوشی کا الزام بہلا آپ کو توبہ | کہہ سکتا ہی سچ ہی کوئی کیا آپ کو توبہ

لوگون ہی کی منہ مین مئے گلرنگ کے بو ہی
جولی کا مسک جانا بہی جہوٹونکا رفو ہی

شاعر ہون اگر بات مین مین بات نکالون | تم کیا ہو کہ تصویر کو چاہون تو بلا لون
پریونکی بہی سایہ کو مین دیوانہ بنالون | ہر چند اوڑہی کوئی مگر دل کے اوڑا لون
الزام اگر آپ کو دون بہی تو مین کیا لون | خاک آنکہونمین ان تفرقہ پردازونکے ڈالون

چہلے کا کہان آپکے زانو پہ نشان ہے
اس آئینہ مین عکس نگاہونکا عیان ہے،

کیا خوب مجہی کہتی ہو تمکو خفقان ہے | تعریض سی خالی نہین جو طرز بیان ہے
تم ہوشمین آؤ تو ذرا دہیان کہان ہے، | چپ ہی کسی اور کی منہ مین بہی زبان ہے

کیا پردہ ہی پردہ مین یہ رخنہ نکل آیا
ای غنچہ دہن منہ جو ذرا سا نکل آیا

یہ قفل دہن جو کبہی کہولے بہی نہ کہلتا
یعنی کہ قسم لیکے مجہے دیتے ہو دہوکا
خلوت مین خدا جانی کہ خاک اوڑتی ہی کیا کیا
اوباش ہوس کار نی کیسا کیا جہوٹا
اس پردہ کی قربان کہ کہل ہی سراپا
خوبی کو پشیمان کیا اور حسن کو رسوا

کیا گرمئے صحبت ہی کہ جلتے ہے خدائی
کچہہ بہی نہ ہی شرم نقاب ایسی اوٹہائی

ہان رخنی بہی دیوار و نمین ہوتے ہین نہ ایسے
ہان آبرو و آب ڈبوتی ہین نہ ایسے
ہان نشہ مستے مین بہی سوتے ہین نہ ایسے
کانٹی بہی بہت راہ مین بوتی ہین نہ ایسے
ناموس و نکوئی کو بہی کہوتی ہین نہ ایسے
دیدہ کو نم شرم سی دہوتی ہین نہ ایسے

گہٹنے سے جبین مہ النور تو اوٹہاؤ
کیا سر یہ اوٹہایا ہے ذرا سر تو اوٹہاؤ

یہ رنج نہین راز محبت کہ چہپاؤن
یہ سوز نہین آتش حسرت کہ بجہاؤن
جو چاک ہی پردہ اوسی کیونکر نہ اوٹہاؤن
یہ داغ نہین نقش تمنا کہ مٹاؤن
یہ راز نہین رمز مدارا کہ بناؤن
جو شکل ہی ظاہر اوسی کب تک نہ دکہاؤن

اس وجہ سی سر تیر افرو ہی جو فرو ہے
عطر شب دوشین کی ابہی جیب مین بو ہے

کیون منہ کو بناتی ہو یہ صورت نہین اچھے
کیا آپ کی اعدا کی طبیعت نہین اچھے
یہ رنجِ عدو ایسی محبت نہین اچھے
یہ ناز و نزاکت یہ تو تہمت نہین اچھے

چل نکلی تم ایسے کہ قدم ہی نہین اوٹھتے
ایسے تو کبھی ضعف مین ہم ہی نہین اوٹھتے

تغئیر سراپا مین دمِ جلوہ گری ہے
کیون زلف مین یہ خود بخود آشفتہ سری ہے
کیا خواب مین دیکھا کہ پریشان نظری ہے
آپ اپنی خبر لیوین یہ کیا بیخبری ہے
کیون نرگسِ بدمست مین یہ نیند بھری ہے
کیا اوس پڑی رخ پہ جو کافور تری ہے

حیرت زدہ آنکھین ہین پر آشوب ہین نظرین
کیا بار ہی خاطر پہ کہ دلکوب ہین نظرین

دیکھو تو ذرا نرگسِ مخمور کا عالم
بگڑا ہی یہ رنگ رخِ پر نور کا عالم
ہی نور جبین مین شبِ دیجور کا عالم
جس طرح دمِ نزع ہو رنجور کا عالم
ہو جیسے کسے مضطرِ معذور کا عالم
نظارہ طلب ہی رخِ مستور کا عالم

نظر و سنی جو دیکھو تو مین آنکھو سنی دکھاون
تم منہ نہ بناؤ تو مین آئینہ کو لاؤن

کیسی چمنِ حسن مین یہ خاک اوڑائے
کیونکر یہ پیشانی سی عنقا ہی صفائے
کسطرح لبو نمین نہین وہ روح فزائے
کیسے گلِ رخسار پہ اوڑتی ہین ہوائین
کیونکر رخِ روشن پہ گھٹا سی امنڈ آئے
کسطرح وہ اب تم مین نہین سحر ادائے

بولو تو کہ ہر بات کی سرہم ہی کبھی تھے

کس شانہ پہ یہ زلف پریشان تھی تمہارے
کس پہلو مین یہ جنبش مژگان تھی تمہارے

کس سینہ سی یہ چہاتی تواہان تھی تمہارے
کس ہاتہ مین یہ کاکل پیچان تھی تمہارے

کس لب کی لیئی سیب زنخدان تھی تمہارے
کس منہ مین زبان شکر افشان تھی تمہارے

اس نرگس بیمار کو پرہیز تہا کن سے
مژگان سنان کار کو خونریز تہا کن سے

وہ کون ہی جسکو کہ مناتی ہی بنی تہے
جو بات بگڑتی تھی بناتی ہی بنی تہے

اوٹھتی ہی اشاروں سی بٹھاتی ہی بنی تہے
احوال دل و دیدہ سناتی ہی بنی تہے

ہر ناز کو سو ناز اوٹھاتی ہی بنی تہے
منت سی مے وصل پلاتی ہی بنی تہے

کچھ یاد تو کیجے کہ کسے بہول گئے ہو
بدلی گئی کچہہ تم تو اب ایسی گئے ہو

بیگانہ ادا ہو گئے کیا کہنے تمہارے
سب تمیز فدا ہو گئی کیا کہنے تمہارے

یا اہل وفا ہو گئی کیا کہنے تمہارے
ہر دل کی دوا ہو گئی کیا کہنے تمہارے

بل پہر کے ہوا ہو گئی کیا کہنے تمہارے
اب ہوش ربا ہو گئی کیا کہنے تمہارے

پر یہ بچی نگاہوں کی حیاداریاں دو ہے
صورت پہ برستی ہوئی ناچاریاں دو ہے

ون خاک اڑاتی ہو کدورت نہیں اچھی
کیون جی کو جلاتی ہو یہ شرارت نہیں اچھی

گریہ نی کہا بیٹھہ کے طوفان اوٹھاؤ
نالون نی کہا اوٹھہ کی فلک کو توگرا

آخر کو یہ ٹھانی کہ بس اب ہیچ ہی جینا
خون پہلے گری ہیرا تو پہر تیر اپسینا

نالون نی اوٹھایا مجھی آغوش مین لیکر
صد حسرت و ارمان کا پس و پیش ہٹا کر
آندہی سا چلا جوشمین بی منت یاور
اور خوف و رجا ئی چپ و راست گ
بیتابیون نی توسن جرات کیا شہ
بجلی کی طرح خرمن اغیار پہ گرگ

یون صاف مجھی حلقۂ اعدا سی نکالا
آیا ہی نہ تہا گو یا کہ اس جا ندیہ ھالا

نکلی تہی مین پانوسی وہ سر پہ پٹھی تہی
جون سنگ ہرا یک سانس سر سینہ زنی ہی
مایوسی و حرمان کی وہ ناوک فگنی تہی
بگڑا ہی تہا نقشہ کہ بری آن بنی
تہی ریزۂ الماس کہ نیزہ کی انی
جو دلمین تمنا تہی سو گردن زدنی

تبلائی اوس وقت یہ عیار کہان تہی
بازار مصیبت مین خریدار کہان تہی

جو مرنیکو تیار تہا وہ کون ہی کہی
جسپر کہ سدا پیار تہا وہ کون ہی کہی
جو مردۂ گفتار تہا وہ کون ہی کہی
جو مرگ خریدار تہا وہ کون ہی کہ
جو محرم اسرار تہا وہ کون ہی کہ
جو تشنۂ دیدار تہا وہ کون ہی کہ

دیکہو تو کہ سر مشق نظر ہم ہی کبھی تہی

یہ چرخ کہ ہی ایک ہی عیار و نکاعیار
اول ہی سی اس فکر مین تہا عاقبت کار
تا اہل ہوس مین ہو ترا شہرہ و اظہار
لاتا ہی عجب سانگ نئی شکل سی ہر بار
یوسف کی طرح لائے تجکو سر بازار
جان بیچ کے دیکہین تو بنی کون خریدار

ناگاہ پتا دشمن بی باک کو دیکہ
پر دی سی قیامت کو نکالا ہی کہیں سر

آئی جو عدو ہو گئے احباب کناری
نالونکی سوا کون کہ مرتے کو پکارے
جان دینی کی غیرت نی کئی لاکہہ اشارے
اور تم بہی چلی چہوڑ کے چپ شرم کے مارے
ٹہوکر کے سوا کون کہ گرتے کو سہارے
تنہائی مین شامل تہی موت بہی ہارے

احسان تہا جو اوسوقت کوئی قتل بہی کرتا
قربان مین جب ہوتا تو اب کاہی کو مرتا

جو فتنہ کہ رفتار سی تیری نہ اوٹہا تہا
جو اوٹہہ نسکے حادثہ وہ مجہہ پہ پڑا تہا
ماتم مین تہی فریاد و فغان مرگ فزا تہا
وہ پہر عیادت میری بالین پہ کہڑا تہا
اوٹہنا مجہی دشوار زمانہ سی ہوا تہا
حیرت مین تہی حسرت کہ یہ کیا ہو گیا کیا تہا

ہنگامۂ بیداد تہا وہ جان حزین پر
تہا حشر فلک پر تو قیامت تہی زمین پر

حرمان کا تقاضا کہ بس اب ہاتہ اوٹہاؤ
غیرت کا یہ طعنہ کہ چلو منہ نہ دکہاؤ
حسرت کی تمنا کہ ذرا دیکہہ تو آؤ
جرأت کا یہ غصہ کہ ابہی سر کو کٹاؤ

کہتے تہے کہ اوس شوخ کی شوخی سی یقین ہے
ہر چند وہ اس جای پہ بہی تو نہین ہے

اطوار سے ڈر کر فلک عادثہ زا کے
گہ خاک مین سوتی ہیری تکیو نکو بگا کے
شام آکی کہین کے تو سحر کے کہین جا کے

چور ونکی طرح زیست ہی تمکو چہپا
گہہ ٹہوکرین کہاتی ہیری ہم شہر مین
سونا زاو ٹہانی پڑی غماز صبا

قائم کیا ہر کوچہ مین ہر روز نیا گہر
جون گردش ایام بہٹکتے ہیرے در در

غماز ونکی ہاتون سی غضب ہوش تہی پرشان
دربان تہی خرابہ مین میری گردش دوران
کیا تم تہی بغل مین کہ قصنا سر تہے لرزان

مجموعۂ حیرت تہا میرا حال پریشان
کیا دخل کہ نیند آنکہہ مین آئی سر مژگان
کیا لب تہی لبون پر کہ لبو نپر تہے میر جان

اس وصل کی دہوکی نی بڑی رنج دئے ہین
ہر کہٹکے پہ سو مرتبہ مر مر کے جئے ہین

سر نیچے کو تہا تا صبح طنّاز سے ڈر کر
ہلتا تہا ہر ایک تفرقہ پرداز سی ڈر کر
گوشہ ہی مین رہنا پڑا غماز سے ڈر کر

رنگ اڑتا تہا احباب کی انداز سی ڈر کر
سو ساز رکہے دشمن ناساز سے ڈر کر
کچہہ بات نکر سکتا تہا آواز سے ڈر کر

جان تن سی نکل جاتی تہی آنی سی صبا کے
رو پڑتا تہا آخر نہین چہاتی سی لگا کے

گہر والون سی کیون ڈرتی ہو ڈر کس کا پڑا ہے
ہر فتنۂ محشر میری دامن سی لگا ہے

سامانِ قیامت میرے ٹہوکر مین دہرا ہے
چلدینی پہ ہم آہی تو رُکنا تمہین کیا ہے

رُکتی ہین کوئی حشر ہے آجائی تو آلی
سودا نہ یہہ جائیگا جو سر جائی تو جائی

آخر کو تجہی جذبۂ دل کہینچ کی لایا
ہمراہ حیاسی تہا ٹہٹکتا ہوا سایا
فرمایا کہ لو ہمنے تو فتنہ کو جگایا

یعنی کہ شبِ ماہ مین تو آپ ہی آیا
مینی بہی قدم دیکہہ کی آگی کو بڑہایا
گراب بہی وہی حیلۂ دوشینہ بنایا

یوسف تو تہِ چاہ گرائی سے گرا ہے
ہم آپ گری پڑتے ہین ہمکو تو حیا ہے

ناخواندہ کیا عشق نے جب آپکو مہمان
پہر شرم نی ایک گوشہ سی پکڑا میرا دامان
کچہہ بہی نہ بن آیا مجہی غم دکردہ کا درمان

اور لطف وعنایت نی کیا مجکو پشیمان
اور آگی سی کہینچا میرا غیرت نی گریبان
گرتی ہی بنی خانہ براندازیکا سامان

اے پردہ برانداز تجہی وہان پہ چہپایا
جس جا نہ پڑا تہا کبہی عنقا کا بہی سایا

ہوتی ہی سحر جاگ اوٹہا فتنۂ محشر
ناتجربہ کاری سی میرا حال تہا ابتر
جب طاقتِ ہر پائی طلب ہو گئے آخر

در در میں اجر چا تہا حکایت تیری گہر گہر
بتیا بیان لاکہون تہین مگر دل ہی کے اندر
جو اوٹہا سو دل تہام کی جو بیٹہا سو تہک کر

اس پردہ مین گویا دل بسمل کی تہی ٹکڑے

آگاہ نہ تہی آپ جو اندازِ جفا سے
کہنا کہا کی وستم مجکو یہہ دیتی ہتی دلاسے
گہروالی بگڑ جائین بگڑنی دو بلاسے
گر مجکو پشیمان بہی کرلی تو وفا
مین تم پہ مردن تم نہ ڈرو حیف
کیا تمسی توڑا اگر وہ ملائین گی

واللہ کبہی شکل جدائی ہی نہو گے
ہون تمسے جدا ایسے خدائی ہی نہو گے

کہتی تہی کوئی راہ بس اب ایسی نکالو
رسوائی کا کیا پاس ہی باتو ہمین نہ ٹالو
ہرچند سبک ہو گی پہ یہہ بار اوٹہالو
ہین خار یہہ سب اپنی مجہی اسنی
دب جائینگے سب کہنے بہدے و خاک بہی
دیکہون تو ہنر عیب کی مانند چہپ

گر پردۂ ناموس ہوا چاک تو ہو جائی
گہر لاکہہ کا ہو جائی اگر خاک تو ہو جائی

ہر شکوہ پہ کہہ اوٹہتی مین قربان تمہاری
کب دیکہئی ہم ہوینگی مہمان تمہاری
کب سر سی ٹلین گی میری احسان تمہاری
مین نکلون تو نکلین یہ سب ارمان تمہار
کب کام مین آئی گی میر یجان تمہ
ہر آن مین ہون تابع فرمان تمہار

کیون میری نکلنی کی یہہ کرتی ہو حیا تم
کم سمجہی ہو ہی ہی مجہی لیلی سی بہی کیا تم

آخر تو قدم راہِ محبت مین رکہا ہے
پہر ہٹو کرونگی کہانی سی انکا بہی

نک تھی حیا پردہ کہ منہ پر نہ ہر اتہا
قابو مین زبان تھی کہ میرا منہ کھلا تھا

آخر لبِ خاموش میرا آبلہ زا ہے
اب دل کی اگر خار نکالون تو سزا ہے

ہ وقت بھی ہی یاد کہ تم سادہ ادا تھی
زلفین تہین پریشان کھلے بندِ قبا تھی

ُینہ سے چہپتے تھے گرفتارِ حیا تھے
وہ سادگیٔ لطف کہ خونریزِ جفا تھے

قصہ ہر ایک شکل سی صد شکلِ وفا تھے
تم دیکھتی ہی دیکھتے کیا ہوگیٔ کیا تھے

شوخی کا ہر انداز کہو کسنے سکھایا
افسوس بگڑنے کو تمہین ہمنی بنایا

لکھو نکو دلِ زار سی خونریز تھا کیا کیا
بیمار کو بیمار سے پرہیز تھا کیا کیا

رفِ شکر ریز سم آمیز تھا کیا کیا
نظارۂ دزدیدہ حیا خیز تھا کیا کیا

ہان عشق پی پردہ دری تیز تھا کیا کیا
وہان حسن حیا سی ستم انگیز تھا کیا کیا

کچھہ بھی نہ سمجھتے تھے کنایٔ نہ اشارے
موںہہ دیکھہ کے رہجاتی تھی جب شرم کی مارے

جب اثرِ مہر و وفا جوش مین آیا
تمکو بھی اس آسیب نی دیوانہ بنایا

ہہ ہنگبیٔ تم ایسے کہ کچھہ بھی نہ بن آیا
کھویٔ گیٔ اس غم مین کہ کیون دلکو گنوایا

دلسے اوٹہا جوش وہ آنکھو منین سمایا
نظارۂ دزدیدہ نے یہ جلوہ دکھایا

ہر لحظہ نی پردۂ حائل کے تھے ٹکڑے

اب پیچ و خم طرۂ طرار سی کیا کام
اب سرزنئ کاکل خمدار سی کیا کام
اب جاندہئ نرگس بیمار سی کیا کام
اب کشمکش رنجش و آزار سی کیا کام
اب ساحرئ غمزۂ عیار سی کیا کام
اب سادگئ عشوۂ پرکار سی کیا کام

جس دل پہ تہمین ناز تہا اب دل وہ کہان ہے
آسان ہی جینا ہمین مشکل وہ کہان ہے

تجہسے نہ یہ امید تہے لے مایۂ راحت
بیہودہ تہے سب سابقی کیا حرف و حکایت
کیا تجکو غرض ہی کہ اوٹہا ہی تو ندامت
غیرونکو بٹہا کر تو اوٹہائی گا قیامت
بن آئی مری کوئی تو کیا تجہسے شکایت
کیا صلح سی اب بحث لڑی غیر کی قسمت

ہرگز نہ یقین ہوگا تیرے دلمین بقرر
مرکر ہی جو دکہلائین کہ یون مرتے ہین تجہپر

بحیرِ وفا ہم نہین سم کہائی کیونکر
اک مردنِ دشوار سی گہبرائی کیونکر
گمراہ تجہے راہ پہ اب لائیے کیونکر
دامانِ جفا چہوڑ کے مرجائیے کیونکر
میدانِ محبت سی نکل جائیے کیونکر
تجکو تیرے اقرار سی شرمائیے کیونکر

بیدید مروت تیری آنکہو مین نہین ہے
خجلت سی عرق چین تیرے پیشانی پہ چین ہے

ان ٹہوکرونکی کہانیسی کیا مجکو پڑا تہا
یہ وقت ہی کچہہ اور وہ عالم ہے جدا تہا
پامالِ جفا رہنا تقاضائی وفا تہا
کیا جانیے کیا ہوگیا کیا جانیے کیا تہا

تھم تھم کے میر یجان نکلتے جو نکلتے
رہ رہ کے سب ارمان نکلتے جو نکلتے

ہان ہدِ نظر خانہ خرابی ہی اگر رہتے
دردا کہ تجھے دردِ جدائی کی خبر رہتے
کیا آگی یہہ ہی طور یہہ ہی شکل گذر رہتے

تو جا کِ سرا پردہ سی کیون مجہ پہ نظر رہتے
یعنی کہ شتابی وصال آٹھ پہر رہتے
کیا یہہ ہی قیامت میرے سر شام و سحر رہتے

بن ٹھن کی تو ہر رات کو اغیار کی گھر ہو
اور صبح بگڑ جانیکے تہمت میری سر ہو

تا چند تپش خاطرِ افسردہ مین ہی ہے
فریاد سی محشر ہے دِل مردہ مین ہی ہے
ناسور پڑا دیدۂ خون خوردہ مین ہی ہے

ہون داغ نکیون سینۂ آزردہ مین ہی ہے
ہی حشر بپا جان ستم بردہ مین ہی ہے
صدمہ ہے سنا صد دِلِ آزردہ مین ہی ہے

رخصت ہی بس اب آپ کو جاؤ کہین جاؤ
ہو پردہ نشین مُنہ نہ دکھاؤ کہین جاؤ

کیا فیصلہ کو منتِ اغیار کرینگے
اب صبر ہی ہم عاقبتِ کار کرینگے
دل غیر ہی کیا ہم جو اوسی خوار کرینگے

مر جائینگے پر یہہ تو نہ زنہار کرینگے
دو نیم نہ دل ہوگا نہ ہم جا بکرینگے
جان اپنی ہی کیونکر اوسی نثار کرینگے

پھرتی ہی تیری آنکھہ کی دل اپنا پھرا ہے
اب آئین تیری گھر پہ تو مر جانیکے جا ہے

چھپتا تو میرا داغ تمنا نہ کہ تو حیف
ہاتون سی گریبان نکلتا نہ کہ تو حیف
چھٹتا تو تیرا شکوہ بیجا نہ کہ تو حیف
جاتا تو تیری ہجر کا کھٹکا نہ کہ تو حیف

حسرت ہو تیری کاش جب آغوش مین تو ہو
اور چشم تماشا مین تیرا جلوہ لہو ہو

جان لب پہ ہی اور جانمین تیری یاد نہان ہے
ارمان ہی یہ تیرا ہی جو سینہ مین فغان ہے
آنکھون مین ہی دل آنکھہ سوئی دل نگران ہے
ہا تو نہین ہی دل دلمین تیرا داغ تپان …
تیرا ہی بیان ہی جو گرہ بند زبان …
ای خانہ بر انداز کہان ہی تو کہان …

خلوت مین کیا کاہی کو تہ جلوہ گریے کو
پردہ مین چھپایا ہے غضب پردہ دریے کو

کس سے کہون جو صدمہ اوٹھائی سو اوٹھائے
اغیار نی صلح بولائی سو بولائے
انداز بگڑنیکے بنائی سو بنائے
جو سانگ مقدر نی دکھائی سو دکھا…
احباب جگر بند توڑائی سو توڑ…
کچھہ اب ہی سمجھہ لوگ ہنسائی سو ہنسا…

ہی لخت جگر آنکھہ مین فریاد ہی لب پر
محشر کو لیئے نالۂ ناشاد ہے لب پر

یہہ جانا کہ جانا تہا پر اسطرحسے جائے
اس دل نی یہ پہلی ہی سی طوفان اٹھائے
کوئی تو بگڑنیکے لیئے بات بنائے
اغیار نی جو کان بھرے تھی وہ سنا…
ناکردہ گنہ تہمت بیہودہ لگا…
جانی پہ تمہاری مجھی ارمان تو آ…

واسوخت قلق

۱۳۰۰ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اسے خانہ برانداز حیا ہمسے پہرا تو
پامال کیا نقش وفا خوب گیا تو
کس خاطر ناکام کا آرام ہوا تو
رنگ رخ مایوس کی مانند اوڑا تو
کیا کام ہی دلمین اگر آنکہو ںسی چہپا تو
ارمانکی طرح پہر کے نہ آنی سی ہے جا تو

جیتی ہین تو مقدور تلک صبر کرینگے
مجبور رہے دلپہ مگر جبر کرینگے

پہر آئے ہے جے دیکہہ کے خالے پڑے گہر ہائے
آرائش خلوت کدہ ہے خار نظر ہائے
چین چادر بستر کے بنے زخم جگر ہائے
چنگاریون کے شکل پڑے ہین گل تر ہائے
وہ سکتۂ دیوار وہ خمیازۂ در ہائے
میدان ہے میدان ہے جاؤن مین کدہر ہائے

کیون خانہ خرابی کو میری یاد کروگے
کیا غیر کا گہر ہے جسے آباد کروگے

اس گہر سی غم و رنج نکلتا نہ کہ تو حیف
جاتا سوی دشمن ترا جرجا نہ کہ تو حیف

یہہ عشوہ اوسی کا عشوہ خوردہ ‏ یہہ غمزہ اوسی کا غمزدہ تہا

یہہ ناز اوسی کا ناز بردار ‏ ابرو کا وہی گرہ کشا تہا

یہہ شوق اوسیکا آرزومند ‏ یہہ ذوق اوسیکا فدا تہا

یہہ شانہ اوسیکا تکیۂ سر ‏ یہہ سینہ اوسیکا آئینہ تہا

یہہ مہر اوسیکے دست بستہ ‏ یہہ قہر اوسیکا ولولہ تہا

یہہ جلوہ اوسیکا کشتۂ حسن ‏ یہہ حسن اوسیکا مبتلا تہا

آخر دیکہا اوسی **قلق** کو ‏ نگران نگران یہہ کہہ رہا تہا

رفتی بشب و سحر نکردے

روز سیہم نظر نکردے

متفرقات

روزیکہ شود اذا السماء انفطرت ‏ آندم کہ شود اذا النجوم انکدرت

من دست ترا بگیرم اندر عرفات ‏ گویم صنما بایّ ذنبٍ قتلت

ولہ

ہان ہان چہ قلق کیست کہ مقہور بود ‏ کین شوخ بجاہ غیر مغرور بود

دستی ست تہیدستی مار دریاب ‏ ساغر کہ ز می تہی است پر نور بود

مطلع

کب آئی جان مین جان اور کب قدم ڈالے ‏ کہ مر رہی ہین قیامت کیسے اسری والے!

روز سیہم نظر نکر دیے

گرنالۂ دلنشین اب آتا
بیتاب وہ مہ جبین اب آتا

رکہتا وہ اگر قدم اوٹہا کر
پیرانہ سال مین بہی تیرا نوجوان ہی داغ

ردیف الفاء

رہنما کیا ہمین درکار بیابان کی طرف
چاک کیا کم ہی جو بڑہتا چلی دامان کی طرف

کوئی الزام نہین گردشِ دوران کی طرف
اپنا سر جاتا ہی اپنی ہی گریبان کی طرف

شمع سان نلگئی ہم خاک مین کشتہ ہو کر
نگیا خون ہمارا کسی دامان کی طرف

کوئی تو دام بچھا ہی کہ ہر ایک جہونکے مین
لئی جاتی ہی صبا ہمکو گلستان کی طرف

پھر گئی سب نہ پھری مردمِ چشمِ ظالم
دیکھنا چاہتی انسان کو تو انسان کی طرف

غنچۂ باغ ہوئی ساری پراگندہ مزاج
ای صبا گذری ہی کس بختِ پریشان کی طرف

مصر کی کوچہ و بازار مین حشر اٹھا تھا
کاروان جانی نہ پاتا کبھی کنعان کی طرف

نہ وہ خورشید کو آئینہ بنایا کس نے
رہگئی دیکھہ کی وہ دیدۂ حیران کی طرف

ہائی وہ جان کہ نکھرا ہی نشاطِ دل سے
حیف وہ دل کہ نہ دیکھی الم جان کی طرف

اٹھتی نگاہ ناز سے دل آپکا دروغ
وہم نظر سے دور ہماری کمر دروغ

اوٹھتا ہی سنگ ساتھ ہی آواز نازکی
چین جبین سے آپکو اتنا خطر دروغ

ہی نالۂ سپاس وصل دل ہجر دست خط
ہی پاکباز چشم حقیقت نگر دروغ

کوچہ مین میری لیکے صبا اینگے بجا
تم خاک ہوگئی ہو سر رہگذر دروغ

ہمکو تلاش آپ کی اور دربدر محال
جذب دل و جگر سے امید اثر دروغ

ہم اور نعش اوٹھانی کو آتی خلاف عقل
مرگ شب فراق کی ہر سو خبر دروغ

یہہ ضبط وضع نام قلق قصہ مختصر
شاعر ہو ہر طرح ہی تمہارا ہنر دروغ

ساری ہی ساری جسم مین روح رواں ہے داغ
پیرانہ سال مین بہی ترا نوجوان ہی داغ

مرتی ہین اور موت کا حیلہ نہ بن پڑا
صدمہ نہ پوچھئی کہ الم سے نہان ہی داغ

کوئی دکھا سکے ہی کہ یہہ درد ہی ترا
کوئی بتا سکے ہی کہ دلمین کہان ہی داغ

دریا کہان نجوم کہان حادثات سے
ناسور جرم خاک ہی اور آسمان ہی داغ

یہہ گرم و سرد دہر کا ادنی طلسم ہے
ہی دجلہ خیز سینہ تو آتش فشان ہی داغ

ولکہ رہے اپنی کاہش جانکی فزون سر سے
کیا دلربا ہی درد تو کیا دلستان ہی داغ

برق تپاک سے کہین اعدا جہلس نجائین
کیا کہئے تیری گرمی صحبت بیان ہی داغ

خواب خیال وصل کی سامان ہوگئے
سبکی عوض فراق مین اب میہمان ہی داغ

رنگین اداؤنکی وہ انبوہ ہای ہای
طاؤس کی طرح سے نظر مین عیان ہی داغ

صبح ہوتی ہی ٹمٹماتی ہے / آپ کی چشم پر خمار ہی شمع

کیون نروئی نکس طرح سی جلی / کہ فغانی راز دار ہی شمع

ہنین بجھنی لگی ہوئی جی کی / شعلۂ جانِ سوگوار ہی شمع

ہی ادہر داغ برقِ پروانہ / اور ادہر چشم ابربار ہی شمع

حسن ہی ہی مآل کار وبال / بزم در بزم کیا ہی خوار ہی شمع

جہانکنا پردہ سی بڑی خو ہے / خود بخود آپ شرمسار ہے شمع

شبِ تنہائی اور تو اور یہہ / ای قلق تیری غمگسار ہے شمع

ردیف الغین معجمہ

اونسی کہا کہ صدق محبت مگر دروغ / کہنے لگی یہہ سچ ہی کہ ہر طرح پر دروغ

دزدِ حنائی دزدئی جان کا ہی اتہام / خونِ دل و جگر سرِ تیغِ نظر دروغ

آنا صباحِ حشر کا شامِ فراق جہوٹ / اوڑجانا شورِ نالہ سی رنگِ سحر دروغ

ہر لحظہ تیغ جاننا ابرو کا افترا / ہر لمحہ ذوقِ قتل مین سر ہاتہہ پر دروغ

سر سنگِ در سی پہوڑنا دست مین نا ثبوت / گرجانا سیلِ اشک سی دیوار و در دروغ

خونِ جگر بجائی مئی ناب نادرست / آتش زنئ شعلہ فشان چشمِ تر دروغ

جان اور دگار تیرِ مژہ کس قدر غلط / دل اور اسیرِ رشتۂ مو سر بسر دروغ

ہیجان ہو اور جیتی ہو فرقت مین اختراع / بیدل ہو اور نیازِ نگہہ ہی جگر دروغ

کیون نہوون آغوشِ حسرت صبح و شام
روز و شب عالم سی ہی عالم وداع

ہی بقدرِ حوصلہ یہان اتفاق
جام سی ہرگز نہوگا جسم وداع

سُن چکا ہون مین ترا عزمِ سفر
آنکہہ سی میری نہوگا نم وداع

حسرت بی اختیاری دیکہنا
تن سی جان ہوتی ہی کیا تہم تہم وداع

اب کہان صبر و قرار و تاب و ہوش
ساتہہ ہی اوسکی ہوی یہہ ہم وداع

لاالتعیّن بی نشانی نی کیا
کیجئی آرام رخصت رم وداع

مہلتِ رنگِ چمن خون کیون نہو
ہوگئی جب فرصتِ شبنم وداع

ای قلق چلئی کہ منزل دور ہے
ہو رہین گی یار سب باہم وداع

دیدۂ صرفِ انتظار ہی شمع
میری حالت کی یادگار ہی شمع

نہین دلمین کسی کی سوز و گداز
کہ تماشائی روزگار ہی شمع

بی جنبش سدا اترتی ہے
تپشِ ناتوان شکار ہی شمع

رخ روشن ہی نورِ بینائی
چشمِ عشاق کا غبار ہی شمع

روزِ تیرہ مین بدنما خورشید
شبِ روشن مین تیرہ کار ہی شمع

یادِ گلرخ سی پہول جہڑتی ہین
کس بشاشت سی نوبہار ہی شمع

خاکِ ناسورِ دل بہری اسکا
زخمیٔ گریہ ہای زار ہی شمع

حسن دیوانہ سب کو کرتا ہے
اپنی ہی آپ پر نثار ہی شمع

جو کچھہ کہو نمین آپ سنی جائی خموش
بیشرم مجھسا کون ہی اور ہمسا باللحاظ

کیون پوچھتی ہو غیر کا احوال مجھسی تم
یہہ تو کہو کہ آج ہوا تمکو کیا لحاظ

ہمتو وفا کو کرکے بہت ہوگئی ذلیل
کچھہ ہی جفا سی تجکو ہی ای پر جفا لحاظ

دسنی جدہر نگاہ کی پڑ دی اودہر پڑی
گردشمین اوس نگاہ سی کیا کیا رہا لحاظ

عیار بلہوس کا ہجوم اور تم خموش
بیشتر ہیونکی فکر مین ہی آپ کا لحاظ

جب تو قریب غیر ہوا اور ہمسے دور دور
کیونکر حیا کی پاس ہو ای بیحیا لحاظ

جب پاسِ اعتمادِ محبت نہین رہا
کیا خویش و اقربا کا اب ای بیوفا لحاظ

کیونکر قلق فغان نکری کیون نچپ رہی
محشر فریب شرم ہی اور فتنہ زا لحاظ

ردیف العین مہملہ

بلدی ہم اسے غم عالم وداع
شورِ ماتم تا کجا ماتم وداع

باقی ہی تیری ہر ایک کا کوچ ہی
جان وداع و دل وداع و دم وداع

فرمیت ہی نہین کم عید سی
پہلے رحلت سی ہوا ہر غم وداع

قیامت ایکدن اِسکا قیام
دل کو کر ای طرۂ خوش خم وداع

سکا رستہ کوئی غیر اور اپنا خلد
وہ اُدہر رخصت اِدہر مین ہم وداع

ر کی خاطر ہی تو جانی ہی دو
کیجئے اوسکو خوش و خرم وداع

ی رہی عمرِ روان کا قافلہ
ہر قدم ہر آن ہی ہر دم وداع

مژدہ اور رندون کو دیتی رہ ایگان
جوئی صہبا خلد مین جاری غلط

رہگئی ہم آسمان کو دیکھہ کر
اوس کا آشوبِ ستمگاری غلط

دلکو دامن کی اوٹھائی تک اوٹھائے
مدعی سے کے ناز برداری غلط

سہل ہی انجامِ تشویشِ محال
میری دشواریکی دشواری غلط

ہوگئی ہر شکل سے صحت ہمین
ہر طرح رسمِ وفاداری غلط

سر گیا گردنپہ احسان چھوڑکر
ای سبکدوشی سبکساری غلط

نام بیکر تیرا رو پڑنا صحیح
دل کو دیگر گریۂ وزاری غلط

ای قلق اتنی تمہین فکرِ نماز
کچھہ نکچھہ ہی پاسِ دینداری غلط

ردیف الظاء معجمۃ

ہم اوسطرح سی کرین غیر کا لحاظ
ان بی لحاظیونپہ بہی تیرا رہا لحاظ

جب تک کہ نام طرزِ تغافل کا تہا لحاظ
کیا کیا کہہتا ئی جو صلی کیا کیا رہا لحاظ

کیونکر کرون نہ شرم کہ پردہ مین ہی خودی
کیونکر نہو پسند کہ ہی خودنما لحاظ

کرتا نہا لاکہہ لاکہہ قیامت کا سامنا
وہ جو ایک اوسکی چشم کی گردش مین تہا لحاظ

خلوت مین تیری آئی تو کیا قہر ہوگیا
یہان تو ذرا کسیکو کسیکا نہا لحاظ

تمنے نظر چرا کے خبردار کر دیا
یہان جانتا تہا کون کہ ہوتا ہی کیا لحاظ

بسمل کئی ہی دیتا ہی مشتاقِ وصل کو
اوس شرمگین نگاہ مین حسرت فزا لحاظ

سنگِ زمین نمودِ ثمر کو ثمر سی رزق　　برقِ فلک بہارِ شجر کو شجر سی فیض

غفلت جتائین کیونکہ تغافل شعار کو　　کیا دیرِ آشنائی خبر کو خبر سی فیض

اسطرح سی ہی دل کی لئی غم تِرا عطا　　جسطرح سی کہ لختِ جگر کو جگر سی فیض

جبتک نتھی نمود تو ایک شکلِ بود تہے　　در خود گمی فروغِ شرر کو شرر سی فیض

اور نہ سو نگاہ اور اپنی لِی ایک نہین　　گویا نہین ہی اہلِ نظر کو نظر سی فیض

بدون خود نما ہوا اتنا کہ حالی ہی نمود　　آخر ہی داغِ نورِ قمر کو قمر سی فیض

چل ای قلق وہان کہ جہان تو ہو اور نہ ہم
یہان تنجل رنگیا ہی بشر کو بشر سی فیض

ردیف الطاء مہملہ

دعوئ ترکِ وفاداری غلط　　میری ناچاری کی ناچاری غلط

وہ نگہہ خوشخواب بدمستی دروغ　　وہ مژہ مصروفِ بیکاری غلط

خط وہ میرا دیکھہ کر کہتی درست　　نامہ بر کی گفتگو ساری غلط

مدعی کی آنکھہ تو پھوٹی نہین　　آسمان کی مردم آزاری غلط

عشق کو منظور رسوائی دروغ　　حسن کو پاسِ حیاداری غلط

ہر طرف صیاد ہی سی ہی دو چار　　صید کو خوفِ گرفتاری غلط

بیکسی کوئی نہین بیکس نواز　　بلکہ ہی خود غم کی غمخواری غلط

مژدہ اور رندونکو دیتی رایگان　　جو ہی صہبا خلد مین جاری غلط

تنہائی میری کم نہین کچہہ تیری بزم سی
نالونسی ہی عذاب مین شور رباب و رقص

ای آہ و نالہ کونسی تقریب ہی یہہ اور
سنتا ہون جو خواب مین شور رباب و رقص

کیونکر نہ تیری بزم کا مہمان ہو ہر کوئی
کیونکر رہی حجاب مین شور رباب و رقص

تہا جو کہ اہلِ ذوق سی ای محتسب سوال
ہی اوسکی ہی جواب مین شور رباب و رقص

ہر نغمہ ہر اصول تغیر پذیر ہے
ہی دورِ انقلاب مین شور رباب و رقص

تو ہی فریبِ رقص سی گردش مین آہہا
ہو کیون نہ پیچ و تاب مین شور رباب و رقص

آج اوسکی بزمِ ناز مین ہنگامہ ہی بپا
ہی شورشِ عتاب مین شور رباب و رقص

افلاس سی مین چپ ہون قلق کاش ہو نصیب
اس صبر کی ثواب مین شور رباب و رقص

ردیف الضاد معجمہ

اس عہد مین نہین ہے بشر کو بشر سی فیض
عینِ حجاب ہی ہی نظر کو نظر سی فیض

شامِ فراق کی جو یہہ ہی شبِ دراز
شورِ نشور ہو گا سحر کو سحر سی فیض

کس وقت مین نہ ننگ تہا جوہر کی واسطے
کس دور مین تہا اہلِ ہنر کو ہنر سی فیض

وحشت سی میری درہم و برہم ہوا یہہ گہر
سایہ تلک کا بہی نہین اب در کو در سے فیض

انجام خود عروجِ بلا ہی پی عروج
آخر کو زخمِ تیغ ہوا سر کو سر سی فیض

ہستی یہان ہی آفت ہستی کی واسطے
ایک سنگ ہی ہنوی ثمر کو ثمر سی فیض

تشنہ لبی ہی ساحلِ جو کو عطائی جو
تابِ جگر ہی آب گہر کو گہر سی فیض

دیوانگی ہی جہد و تلاشِ مراد خواہ
ویرانگی ہی اہلِ سفر کو سفر سی فیض

میرا سری اور بیکسی کا ہے دوش
بجز غش نہین چارہ فرمای غش

نشور قیامت ہو غافل دماغ
اگر اونکی جاتی ہی اجای غش

جو تصویر اونکی ہی حیرت طلسم
تو نقشہ ہی میرا سراپای غش

اوڑیگا میرا ساتھہ بوسکے دماغ
چمن ہی میری واسطے جای غش

چلی تم کہان خوب رخصت ہوئی
تماشا تمہین ہی تو دکہلائی غش

پرنگہانی اتہی زلف کی بو ہے مجھے
کہ ہر شب ہی وحشت مین سودای غش

رخ نازنین اپنا دہوتی ہین وہ
تماشا ہی مجھکو گر آجای غش

قلق یہی تہا یارو مین کیا نکتہ یاب
وہ رہتا ہر ایک بات پر پای غش

ردیف الصاد مہملہ

رہتا ہی وہان حجاب مین شور رباب و رقص
یہان جوش پیچ و تاب مین شور رباب و رقص

ای اہل بزم کوئی ہی فرصت شناس ہے
ہی سخت اضطراب مین شور رباب و رقص

واعظ تیری زبان ہی مین ہی یہ حور و خلد
پاہی تیری کتاب مین شور رباب و رقص

صورت سرود شیب مین جوش خشوع و خواب
بانگ اذان شباب مین شور رباب و رقص

ہم گریہ ناک خوف الہی سی ہون اگر
پیدا ہو موج آب مین شور رباب و رقص

لازم ہی آفتاب مین جوش خم شراب
واجب ہی ماہتاب مین شور رباب و رقص

ہوتا ہی اوسکی بزم کا افسانہ ہر کہین
رہتا ہی شیخ و شاب مین شور رباب و رقص

ہی منہ مین زبان تیری اگر ماہی سیماب ‌ — دل پہلومین میری یہی ہی جادوگر آتش
کچھہ اور نہین اسکا جلانی کی سوا کام ‌ — ہی سردئ الفت سی مگر جوہر آتش
دلسوز میرا سوز ہی مین سوز کا دلسوز ‌ — آتش میری دلدار ہی مین دلبر آتش
کیا کہئے گداز دل افسردہ کا عالم ‌ — ہر اشک خنک بھی ہی میرا ساغر آتش
ہی سینۂ تفتہ مرا آتشکدۂ داغ ‌ — ہی دیدۂ خونبار میرا مجمر آتش
وہ صاعقۂ غرفۂ تصویر مین ہی ہردم ‌ — رہتا ہی میری پیش نظر منظر آتش
اغیار کی ہی گرمئ صحبت کا یہہ سامان ‌ — ہی دامن مہتاب مجھی چادر آتش
چل مجھسی ذرا بچکی تو ای باد سحرگاہ ‌ — ہی خاک پراگندہ میری محشر آتش

کس برق کی جلوہ نی قلق تجھکو جلایا
ہی آہ دل سوختہ جان پرور آتش

الٰہی ہو غش سی مداوای غش ‌ — میری ساتھہ ہی غش کو بھی آئی غش
وہ کیون دیکھنی میرا آجای غش ‌ — کہ پھر حشر تک غش ہی پر آئی غش
تمنا کا ماتم ہے چندی ضرور ‌ — نکچھہ خوف سکتہ نہ پروای غش
عجب امتحان غیر کا یہہ کیا ‌ — کہ ہر دم ہین خود حیلہ آرای غش
عدو کو سکھانی ہی الفت ابھی نہین ‌ — وہ کرتی ہین کیا کیا تمنای غش
ملی دانہ یا نی اسیرونکو کیون ‌ — کہ صیاد کو ہی تماشای غش
تیری عاشقونکی یہہ نازک دماغ ‌ — کہ ہین ہر قدم سایہ آسای غش

چمن سی کم نہین اب خوئی اعتکاف قفس
جو چھوٹ جاؤن تو کرتا رہون طواف قفس

جو مجکو چھوڑ دی صیاد ٹوٹ جای کمر
بشکل فائے قفس ہو گیا ہون ناف قفس

جو مین نہون تو نہو کچھ یہ حصول فصل بہار
میرا غلاف قفس اور چمن غلاف قفس

ہجوم شوق تماشا ہی جلوہ حرمان
میری نگاہ سی دربستہ ہی شگاف قفس

میری سراغ مین صیاد ہی گیا گذرا
کہ لاغری سی ہون عنقا کی کوہ قاف قفس

ہوا ہون سرد زمستان سرد مہر سی یا
خبر آسمان کوئی بنتا نہین لحاف قفس

ہر ایک اسیر کا نالہ ہو تو وہ زیر خدنگ
گر اتفاق سی برپا ہوا اختلاف قفس

فلک کے پنجہ سی کوئی کدھر نکل کر جاے
ظفر نصیب ہے جاندادہ مصاف قفس

قلق اسیر محبت ہے اور کیا کرتا
قفس کے ساتھ رہا مثل سین و قاف قفس

ہر آبلہ پا ہی میرا اخگر آتش
مین شوق مین ہون شعلۂ آتش سر آتش

ہر اشک سر بحر مرا اخگر دامن
ہر نالہ نی باغ میرا صرصر آتش

فریاد دل چرخ مین ہی خنجر زہراب
اور آہ رگ سنگ مین ہی نشتر آتش

ہی سردی الفت تیری غرقابی دریا
اور شعلہ مزاجی ہی تیری خنجر آتش

جب دیکھتا ہی شمع کو خندان سر محفل
پروانہ کی لگ جاتی ہین بال و پر آتش

ای شمع پگھلتے ہی مگر شعلہ سی بچکر
ناسور جگر اپنا ہی چشم تر آتش

ہی منہ مین زبان تیری اگر پا ہی سیماب
دل پہلو مین میری بھی ہی جادوگر آتش

کیا ہی بہولی ہین دلربائی پر ۔۔۔ دیدیا دلکو جانکر افسوس

دعوئی فہم ہی ہی نا فہمے ۔۔۔ تہی خبردار بیخبر افسوس

کیا امیدِ جواب قاتل سے ۔۔۔ آئی ہی جائی نامہ بر افسوس

اوس ستمگر کی التفات پہ ناز
ای قلق تیری حال پر افسوس

یون وصل سی ہین دور مین گل پیرہن کے پاس ۔۔۔ جسطرح قیدِ مرغِ چمن ہو چمن کے پاس

مر رہوی جا کی طاقتِ رفتار سی پرے ۔۔۔ درماندۂ وطن ہی نجای وطن کے پاس

پاسِ حوشتی غیر نہین ہی اگر اوسے ۔۔۔ اگر وہ کیون رہا میری بیت الحزن کے پاس

سر پہوڑنا دلیلِ محبت نہین ہی کچہہ ۔۔۔ شیرین نہتی شبیہ تو تہی کوہکن کے پاس

گر ہمکو کوئی غیر مین مرنا پڑی پرے ۔۔۔ مدفن مگر بنیگا تیری انجمن کے پاس

حکمِ عقیدہ ہی کہ رہین گے بتون سی دور ۔۔۔ مسجد نئی بنائین گے دیرِ کہن کے پاس

اس نرم دلپہ سخت نظر شمع اسقدر ۔۔۔ پروانونکا ہی ڈہیر ہمیشہ لگن کے پاس

ایسی ادا سی غیر جا ہی تیری قریب ۔۔۔ جیسے کوئی مغیل لگا دی سمن کے پاس

کیا ذکر لطف و مہر کا جور و جفا کی ساتہہ ۔۔۔ کیا کام عیش و ناز کا رنج و محن کے پاس

وہ شکل بوسہ پوچہتے ہین عین وقت مین ۔۔۔ اور طرفہ یہہ کہ لب ہین برابر دہن کے پاس

دلبر لگی کی صدمہ خود رفتگی کی ہین
بیساختہ نہ آ قلقِ خستہ تن کے پاس

آپ کی پاس سہی دل سینی کہا جب اُس سے
دین چہوڑ دینی کو وہ آنکہہ یہہ کافر کہ غضب
بی بسی سی دم ہم آخر نہین چلتا کچہہ بس
تشنہ قدر عجب گوہر بی قیمت ہون
نام عیسی کا کوئی لی کہ نکلجا ے دم
رحم سی تیری وہ دلگیر اجل ہی کہ پناہ
موت جسکو نہ چہوٹی چہوڑ تا ہی اوسکو وہ
جا اب ای حسرت دیدار نہ دیکہا کیا کیا

جیب خالی کو دیکہا کہتا ہی عیار کہ بس
دل اوڑا لینے کو وہ زلف یہہ طرار کہ بس
اہل ماتم کو وصیت میری ناچار کہ بس
دور سی دور ہی کہتا ہی خریدار کہ بس
تنگ جینی سی ہی ایسا دل بیمار کہ بس
مرگ سی میری وہ شرمندہ ہی آزار کہ بس
دلگرفتہ یہہ رہائی سی گرفتار کہ بس
بیٹہہ اب ای ہوس شوق در یار کہ بس

کر لیا ساری زمانہ کو قلق نی دشمن
کیا بلا نشۂ الفت مین ہی سرشار کہ بس

ترکی سیل چشم تر افسوس
خاک دنیا مین جی کسی کا لگے
فرق ظاہر ہی اصل گیسو مین
اونکو آتی ہی جب ہنسی مجہہ پر
خون حسرت کہان کہان ہوا
تیری بہی ناز ہم اوٹہائین گے
دشت و دریا کی عہد نہین جانے

نہ بجہے آتش جگر افسوس
تمسے ویران ہین گہر کی گہر افسوس
دل کی پیوند رشتہ پر افسوس
مجکو آتا ہی کس قدر افسوس
کیجے ماتم کدہر کدہر افسوس
سخت جانی سی چارہ گر افسوس
ہی میری خاک در بدر افسوس

دہانہ دیکھیں کیا کچھہ ملیگا نقدِ مراد
کہ سال و ماہ ہی یہان عمر رائگان شب و روز

جہان کی ہی کوئی آخر تو منزلِ آرام
کہ روز و شب ہین برابر روان دوان شب و روز

نہ رتی ہم تو بن آئی زمانہ مرجا تا
ہماری قصہ کی ہی سو ہی داستان شب و روز

ہر ایک جسم مین جانِ دل فگار کا نالہ ہے
کہ فکرِ زیست مین مرتا ہی اک جہان شب و روز

خدا ہی جانی محبت مین کیا بُرائی ہے
وہ روز و شب ہی بد اندیش و بدگمان شب و روز

ہزار گریہ وہر گریہ لاکھہ طوفان ہے
کہ ایک رنگ پہ ہی چشمِ خونفشان شب و روز

غم و الم سی بہی خوش ہوتی مین تو ڈرتا ہون
وہ میری رنج سی رہتا ہی شادمان شب و روز

خدا ہی جانی کہ شکایت ہی کیا لب سے
لرزتی رہتی ہی منہ مین میری زبان شب و روز

قلق وداعِ محبت کا وقت آ پہنچا
کہ دل سی اوٹھتا ہی اب دردِ جانستان شب و روز

ردیف السین المہملہ

اب قدر ہو گئی ہم زیست سی ناچار کہ بس
چارہ ساز و نسی طبیعت ہی یہ بیزار کہ بس

میرا ہر نقطہ پی یہ ذہن پریشان کہ نہ پوچھہ
اوسکو ہر بات پی اس مرتبہ تکرار کہ بس

نہ ابھی یاس ہی میرا نہ حیا ہی اوسکی
دلِ خود کام بہی ہی اتنا خود آزار کہ بس

دمِ آخر میری پرسش کو مگر صبر آیا
ہی یہہ آوازِ فغان سی میری ہر بار کہ بس

سخت دلگیر قفس دام پریشان خاطر
کیا غضبناک ہی صیاد ستمگار کہ بس

اوس سی تو کام تمام اپنا کیا تھا لیکن
بول اوٹھی بیچ مین بیہودہ سرِ غار کہ بس

اب آ چکی بہار اُدہر جا چکی خزان
رکہا ہی شاخ گل پہ پہر آشیان ہنوز

بی التفاتیون مین بہی ایک التفات ہے
ہی نذر نیمناز مری نیمجان ہنوز

ٹہوکر سی اپنی سایہ کی کرتا ہون مین کہ ہے
زور آزمای شوق دلِ ناتوان ہنوز

کیا صبح ہجر زلزلہ حشر کی سنون
کانون مین ہی بہرا ہوا شورِ اذان ہنوز

اِس وقت مین بہی عشق کا کچہہ کچہہ ظہور ہے
بخیہ سی دور گرد ہی چاکِ کتان ہنوز

زندان عجب جگہہ ہی کہ لگتا ہی سبکا جی
یوسف کا حال دیکہیے ہی میہمان ہنوز

دل سینہ مین نہین تو نہو بیدلی نہین
افسانہ کی لئی تو ہی منہ مین زبان ہنوز

بہرِ نگاہ راز ہی ہمراہ نعش کے
وہ جانستان ہے دیکہنا کیا داستان ہنوز

گو ذرّہ ذرّہ ہی مری برباد دشتِ خاک
پر شوق کی نظر مین نہین رایگان ہنوز

مین کیا کہون قلق کی زبانکو کہ سحر ہی
جیتا ہی باری شکر وہ جادو بیان ہنوز

کسیکو چین بدی دورِ آسمان شب و روز
کہ روز و شب کو ہی فرسودگی یہان شب و روز

کچہہ اعتماد کسی کا نہین محبت مین
نگاہبان کو ہی درکار پاسبان شب و روز

کچہہ اعتبارِ اقامت نہ اختیارِ سفر
کہ صبح و شام کا کہٹکا لگا ہی یہان شب و روز

نہ پوچہہ خیرہ کشی سپہر صبح و مسا
کہ لحظہ لحظہ ہی بسمل تو نیمجان شب و روز

عجیب دور ہی ہنجار کا بلا تغییر
کہ شام و صبح کدہر کو گئی کہان شب و روز

کمال نقص ہی بنیاد کائنات مین کچہہ
کہ ذرّہ ذرّہ کا ہوتا ہی امتحان شب و روز

کام ناکامی بہی اک کام ہہی
توڑ امید کو ہمت مت توڑ

رات فرقت کی پڑی ہی اے دل
ایک ہی نالہ مین طاقت مت توڑ

اوسکی رحمت کو نہ بیکار سمجہہ
می و میخانہ کی نیت مت توڑ

دیکہہ اچہی نہین یہہ خرمستی
ساغر بادۂ فرصت مت توڑ

ای دل امید رہائی مت باندہ
اور آفت سر آفت مت توڑ

پوچہہ مت لذت می ای واعظ
جا لوز دام شریعت مت توڑ

صحن مسجد کو کئی جا پامال
قید آئین طریقت مت توڑ

میکدہ دیکہہ کی جنت کو نہ بہول
حرص سی بند قناعت مت توڑ

اوسکا احسان اوٹہانا ہی ہمین
گردن ای بار ندامت مت توڑ

ای قلق تکدہ مین باندہ احرام
ہمسے للہ رفاقت مت توڑ

ردیف الزاء المعجمہ

ویسا ہی بدگمان ہی وہ بدگمان ہنوز
آتا ہی ساتھ نعش کی ہی وہم جان ہنوز

اللہ ری دشمنی میری حال تباہ پر
اعدا بہی رو چکی وہ نہین شادمان ہنوز

طول شب فراق کی شکوہ کی کیا مجال
وہ شوخ خواب ناز مین ہی سرگران ہنوز

ہی آرزو کوئی دل غمدیدہ مین ابہی
ایک چال پر ہی دورہ ہفت آسمان ہنوز

وہ دل نہین دماغ نہین وقت وہ نہین
ناصح کو وہی فکر دہی داستان ہنوز

آشوب زلزلہ نہین آشفتہ سر سی دور
زندان ہمارا چاہئے دیوار و در سے دور

وہ پھر رہی ہین آنکھہ مین لیکن نظر سی دور
شوخی تو دیکھئی کہ وہ گھر مین ہین گھر سی دور

وحشی کی تیری آنکھی زندان مین دہوم ہے
کیا دور بھاگ جائی جو دیوار در سی دور

تقریب اونکی ملنی کی یہہ بہی تھی ایک اور
افسوس ہی کہ مرتی ہین ہم نوحہ گر سی دور

ای چارہ گر مین کشتہ نازک مزاج ہون
ہی چارہ درد کا میری درد سر سی دور

کیا مرغ صبح خوان و موذن کو مجھسے رنج
ہی میری شب فراق ہی کو سون سحر سی دور

آغاز کی خبر ہی نہ انجام پر نظر
شوق گریز پائی کیا راہبر سی دور

جو وہان تلک گیا وہی اپنا رقیب ہے
ای آہ پاس جائیو لیکن اثر سی دور

بیداد وہ کری ہی جو لگا ہی مہ اہنو
فریاد وہ سنی ہی جو ہو شور و شر سی دور

گر کچھہ نہوا اشارۂ الفت وہ پاس ہی
اندیشۂ رقیب سی اور زور و زر سی دور

ای رشک اوسکی بزم مین تو بہی نہ آئیو
رکہنا خبر میری مگر اوس بیخبر سی دور

واعظ وہین کٹی گی شب ہجر ہیچ بتا
جنت مقام امن ہی خوف و خطر سی دور

کیا ہجل مین داور محشر کو دون جواب
ہی ہی کہ حشر سی ہی تیری رہگذر سی دور

چھوڑ ای قلق کمال زہن وال ہو
بیشک شرف ہی منزل علم و ہنر سی دور

ردیف رای فارسی

رشتۂ رسم محبت مت توڑ
توڑ کر دل کو قیامت مت توڑ

سر زعہ مین ہی طبیعت آزار دوست نیت
کیا خاک چین پایا تمنے مجھے ستا کر

مرتی ہوا قلق پر آزار کچھ نہ پایا
دل پر رہگیے پھپھولے دم سینہ ہاتہہ اوٹھا کر

لیگا گیا وادی وحشت سی تو اوٹھا پھر کر
کہ وہین جاتا ہی ہر سمت سی رستا پھر کر

اب وہ صورت ہی نہین او ہی نقشہ سی کچھ
آنکھہ دکھلاتی ہی یہہ نرگس شہلا پھر کر

دیکھنا دیکھنا ارمانکی ہجوم آرائے
بلبلی نزعہ نہ پھری چشم تماشا پھر کر

رحم بنجاتی ہی وہان صورت عصیان ڈر کر
کعبہ بنجاتی ہی یہان شکل کلیسا پھر کر

اوسکی کروٹ کی بدلتی ہی میرا بدلا رنگ
لیگیا دل کو بغل سی ستم آرا پھر کر

عشق کی کہنچنے سے ہی حسن کے رغبت برپا
لا اوٹھاتی ہی اوسی خاطر شیدا پھر کر

کوہ ہی سنگدلی تیری ہر ایک سے ظالم
نالہ دل کو بہ نکسطرح ہوا اولٹا پھر کر

قطرہ افشانی وحشت کا پسینہ تہا مگر
ہو گیا خشک میری خاک پہ دریا پھر کر

بیشوائی کو میری نعش ہی اوٹھی تو بھی
نامہ بر کوچہ دلبر سے نہ آیا پھر کر

اقربا پھر گئی احباب پھری خلق پھرے
پر کبھی تو نی ہی بیرحم نہ دیکھا پھر کر

پانو پھیلائی یہہ دل نی تیری کوچہ مین گئین
گر گئی سایہ کی طرح در سی نہ اوٹھا پھر کر

گردش چشم کو اوسکی تو دلاتا ہی یاد
ای فلک تو نی زمانہ کو پھر آیا پھر کر

اوسکی کوچہ سی قلق جابجے دیگر نکلا
ایسی ٹھوکر سی گرا تھا کہ نہ سنبھلا پھر کر

رہ سکے تا آسمان کوئی نہ پہنچا یار تک
سب ہوئی درماندہ اپنی اپنی منزل دیکھکر

ہر کوئی خمیازہ آرای فراغت ہی یہان
موجِ دریا اوٹھتی ہی آغوشِ ساحل دیکھکر

بعد محشر کچھہ کہینگے ہم بہی اِلّا سوچ کر
دادِ دل چاہینگے لیکن عدلِ عادل دیکھکر

سرنوشت اپنی بہی ہی شاید سوادِ خطِ غیر
کھل گیا لکھا ہوا تحریرِ باطل دیکھکر

سادگی حسرتِ عشاق دیکھا چاہیے
مرگ کو سمجھی ہین آسان زیست مشکل دیکھکر

دیکھی ہمت شکستہ پائی راہِ عشق کے
بیٹھتا ہی جی تو درد اوٹھتا ہی منزل دیکھکر

ای قلق ایک سرسری ہی بات ہے جورِ فلک
مرد ہوتا ہی مقابل اپنی قابل دیکھکر

اعجاز ابرو لب ہر دم دیکھا دیکھا کر
ظالم نی مجھکو مار اوسکین جلا جلا کر

دیر و حرم کو دیکھا دیر و حرم نہ دیکھی
یکتا ہی یہان بہی آگر یکتا ہی وہان بہی جا کر

پھیری بغل تو کیا ہی وہ آپ سی ہین باہر
مٹی ہی کی خرابی آئینہ کو دیکھا کر

ہوگا ضرور ہوگا دیدار اور تمہارا
کیون حشر کو اوٹھایا اس حیلہ کو اوٹھا کر

کیون کی شکایت اوسکی اب کہہ حکایت اپنی
ناصح کبھی تو جی کی کچھہ ہمسی بھی کہا کر

ڈوبا ہی چاہتا ہی امید کا سفینہ
طوفان اوٹھار کہا ہی دل نی لہو رلا کر

کعبہ سی پھیر کر کہا یارب یہہ کسنی ہم کو
بتخانہ و صنم کا جلوہ دکھا دکھا کر

کس کس سی منہ چھپائین بچکر کدہر کو جائین
تہمت مین آگئی ہین کوچہ مین تیری آ کر

اللہ رے کبریائی کرتی ہین بت خدائی
ہوتی نہین سنائی واعظ تو کچھہ پکا کر

خوشنودیٔ گل اور خلش خار کے ہم جیب
اس بزم کا ہے رنگ ترابی و خلل بر

تو دیکھہ قلق میری مراتب حکما مین
کچھہ شعر مرا فخر نہ کچھہ ناز غزل پر

اسقدر دہشر کا کلیجہ حالتِ دل دیکھکر
حادثہ ہے مضطرب صید مہ ہی بسمل دیکھہ

ہی فدای قتل خلق اعجازِ قاتل دیکھکر
خود بخود جی اوٹھا ہی بسمل کو بسمل دیکھکر

وجد مین چرخ و زمین تھی رقص بسمل دیکھکر
کٹ گئی آخر کو سب انداز قاتل دیکھکر

حیف بیدرد کی تہمت قدر ہمدرد کی ساتھہ
بڑہ گیا دونا تغافل مجکو غافل دیکھکر

اوڑ گئے شکلِ تصور ہو کے صیدِ انتظار
قیس نے لیلے کو کہویا سوی محمل دیکھکر

سخت بیرحمی ہی زندان کی مرمت توڑنے
ٹوٹتا ہے جی مرا رسمِ سلاسل دیکھکر

داورِ محشر نہ قتلِ عشق کی کر باز پرس
خونبہا مارا نہ جای روی قاتل دیکھکر

چپ نہین سکتے محبت سے عداوت کیون نہو
خون ہمارا جوش مین ہی تیغِ قاتل دیکھکر

بوالہوس کو کیا خبر کیا وصل کا انجام ہے
ہو گئی وحشت مجہی سامان محفل دیکھکر

شوخیان کیونکر نہ آئین آنکھہ مین ہکر اون نہین
ہو گئے بے پردہ وہ بہی پردہ حائل دیکھکر

آپ سی کوئی جہکی تو آپ بہی جہک جائیے
دل بہی مائل ہو گیا زلفونکو مائل دیکھکر

پڑ گیا آنکھون پہ پردہ جب اوٹھی اونکی نقاب
کسکو تھی تاب نظر دنیا مین کیا دل دیکھکر

کاملون کے واسطے ہے یہان بڑا نقصان کمال
سلخ کی رہتی ہین جو یامہ کو کامل دیکھکر

گر ہوتے پاس تو جے نے نہ دیتے آرزو
برق گرتی ہے مگر انجام حاصل دیکھکر

عدری دوران نے نہین کس کو جلایا
ت آئی پی ہی مر نہین سکتی تیری ناکام
جانی کیا ہوگی دم جلوہ قیامت
ہستی موہوم ہے یہہ فاصلہ حشر
و تا نہ کوئی لیکی خدائی کو بہی راضی
مشکل دشوار ہی شرمندہ آسان
ابد نہ اوٹہا پردہ ناموس کلیسا
ک رک کی خدا جانی حشر آئی گا کس وقت
و جانی قبا جامہ ہستی تو عجب کیا
ڈہیر غبار دل و دیدہ کا ہون اپنے
ہر طرف مین دیوانہ ہی کیون ساری خدائی
کس کے خبر لی کہ جہان مرتا ہی تجہپر
طہار عداوت سی کبہی مُنہ نہ چہپایا
ساری شکن و پیچ میری دل سی اوٹہائی
رنی کی لئی آتی ہین آتی ہین اگر وہ
عیتی ہی رہی جان گنوانیکی بہر وسی
لائین مستونکو پکڑ کر بے تعذیر

ہی طل ہما داغ سر اہل دول پہ
مشکل ہے کہ جی اوٹہتی ہین ہنگام اجل پہ
ہقا دو دولت ہی کمر بستہ جدل پہ
مایوسی جاوید ہی یک لمحہ امل پہ
دینی کا یقین کیونکہ ہو قسام ازل پہ
ہر عقدہ سر بستہ کی بنیاد ہی حل پہ
گر جائیگا کعبہ میری سجدہ کے محل پہ
رہ رہ کی جبین پر تیری بل پڑتا ہی بل پہ
خمیازہ حسرت سی قیامت ہی بغل پہ
ہستی سی میری خاک پڑی علم و عمل پہ
کعبہ نہین صدقہ اگر اوس بت کی محل پہ
واماندگی چہا ہی گئی آخر کو اجل پہ
ہی باور الفت مجہی یاران دغل پہ
درہم ہی تیری زلف سیہ کونسی بل پہ
ہی صلح مگر شترہ مقدر مین جدل پہ
مرتی ہی رہی ہمتو تمنای اجل پہ
یا میکدہ تعمیر ہو قاضی کی محل پہ

قطع تقریب عیادت کی بھی امید ہوئی — ہو گیا اور بھی بیمار میں اچھا ہو کر

اپنا گھر چھوڑ کی وہ غیر کی گھر رہنی لگی — ہائی کیا شرم چڑہی ہی اونہیں سہما ہو کر

عشق آراستہ کیا کیا نکری گا خود کو — حسن ہی جلوہ فزا آئینہ سیما ہو کر

رک گئی غیر کی گھر وہ کہیں جاتی جاتی — رنگینی دل میں میری کاوش بیجا ہو کر

وہ جو نظروں ہی میں رہتا تھا خیال رنگین — عاقبت دل میں رہا خون تمنا ہو کر

یہہ جو ایک وسوسہ رغبت خوبان ہی اب — حشر لائی گا کبھی شوق تماشا ہو کر

ملتی ہی تجھسے کھلا ہمکو بھی اپنا عقدہ — اپنا احوال کھلا قطرہ کو دریا ہو کر

ربط ای پردہ نشین سب ہا تیری لئی — زندگی اپنی کٹی حرف اشارہ ہو کر

کبھی دل میں تھا فغان اور کبھی آنکھوں میں اشک — نہ رہا ایک جگہہ تو تو کسی کا ہو کر

کیا کہیں آج ہی پامال دو عالم یہ نظر — گذری اسطرف سی تم کیونکے دوبارہ ہو کر

کیونکہ مشکل اشارہ نہو نالہ لب پر — تنگئی جان پی سرگرم نظارا ہو کر

ای قلق اور نہیں چارہ افسردہ دلی
پہونک دی خرمن ہستی کو شرارا ہو کر

کچھہ زیست پی جینا ہی نکچھہ موت اجل سی — ایک شکل تو ہم ہی رخ یاس و امل

ساقی کی نظر گر ہی یونہی رد و بدل سی — میخانہ بنی گا کبھی مسجد کی محل

کیا کیا مسر عارض شکن زلف ہی بل پر — خورشید تف داغ ہی تقدیر زحل

ہوتی ہی ہم آغوش شب وصل سدا ہاری — تھی تنگی فرصت کو نظر میری بغل

...ں خون ہوا تو کرتا ہی وہ اور دلا ہی
اب اور قہر توڑتا ہی جانِ نزار پر

...نے رہی ہین مردن دشوار کے لیئے
مرتے رہے ہین عمر بہر انداز یار پر

...شرمگین نگاہ قیامت ہی نشہ مین
وہ نیم باز آنکہہ غضب ہی خمار پر

...جانیئے کہ کون سی حسرت کا خون ہوا
ماتم برس رہا ہے تیرے سوگوار پر

...ون جاؤن اوس گلیمین کہ دشمن کے گہر وہ آئے
مجکو نظر ہے تفرقۂ روزگار پر

...نگر وہ آئی یار ہی دشمن تو کچہہ نہین
سامان زندگے ہے میرا انتظار پر

...ٹہتے ہین پانو اپنی ہی پامال کی لیئے
جلتے ہین ہاتہ اپنے ہے جیب و کنار پر

...ماندگے کہانتک اب اہی کاروان شوق
پرتی ہی آبلون کی نظر خارہ خار پر

...شکوہ ہاے چرخ سے وہ بدگمان ہوئے
آئی بلا ستمزدۂ روزگار پر

...بال بال خاطرِ صیاد پر فدا
منقار تیر زن ہی جو خنجر گذار پر

...ن اشک آب و دانہ ہمارا ہی اپنی ساتہ
اہی ہمصفیر کسکو بہروسا بہار پر

...م شب نہ آتی نہ اوٹہتا کوئی ولے
کیا اختیار نالۂ بے اختیار پر

...عال میرا دیکہہ کے کچہہ سرفروہ ہوئے
کیا جانے کیا بنے نگہہ شرمسار پر

...بڑے ہے رنجش دشمن نہو چہیئے
ہے اب گمانِ غیرت سوگوار پر

بجتی ہین سنکے ہوتی ہین احباب اہی قلق
ہوتا ہے تیرا شعر ہے تیرے شعار پر

...ی مجھے لپٹے ہے توانا ہو کر
لاغر ہے میر سے اوڑ ہی شہرت عنقا ہو کر

اتنی وصال غیر سے شیرین ادا ہی تلخ
جتنا کہ تلخ کام کو زہر نظر لذیذ

شیرینئ وصال سی لب بند ہو گئی
تلخئ مرگ ایسے ہے اے چارہ گر لذیذ

ناکامیون سی ہتا ہی ناکام کامیاب
رکھتا ہے حسرتونکو دل بیخبر لذیذ

اے ناشکیب تو نی سنا کیون پیام تلخ
فرہاد تہا فسانہ شیرین اگر لذیذ

لذت نہین ہی قسمت جوہر مین ہائی ہائی
ہوتا کسیطرح نہین آب گہر لذیذ

دقت مین وہ بشر ہے کہ جسکا کلام خوش
آفت مین وہ شجر ہے کہ جسکا ثمر لذیذ

ہر طور زندگی کا قلق کچھ مزہ نہین
ہر طرح چارہ زہر ہے درد جگر لذیذ

ردیف الرا مہملہ

سر سنگ پہ ہی تو قدم خار خار پر
ایک ناتوان تمہارا ہے بہار ہی ہزار پر

پڑتی ہے آنکھ اوسکی میری حال زار پر
لو مین بہی چڑہ گیا نظر روزگار پر

جی سی اوتر گئے ہین فلک کی بلندیان
جب سی نظر ہے اوسکے ہمار بخار پر

کیا مجھے تنگ خلق کی ملت سی فائدہ
ہو کیون نہ دشمنی کا گمان راز دار پر

کیا کیا ہوئی ہین عشق مین پامالیان ہائی
اب جادۂ جنون ہی گریبان کی تار پر

میری سنی کہ اونکی کہی یا کہ اپنا حال
کیا کیا عذاب ہین دل ناکردہ کار پر

کیونکر چہپاؤن حال تکلف سی حیف حیف
کسطرح کہولدون غم دل راز دار پر

بہڑکا رہی ہو رشک سے کیون سوز استخوان
ٹھنڈا کرو چراغ ہمارے مزار پر

رمز ہستی دہن ہوش ربا کا ایجاد
لن ترانی سی کیا جسکی صدا کا ایجاد

صبر ایوب بجا گریہ یعقوب درست
سخت کافر تہا کیا جسنی وفا کا ایجاد

لاابالی محبت کا ستم تو دیکھو
خون عاشق سی کیا رنگ حنا کا ایجاد

عشق مین دل ہی سہی جور وجفا کا موجد
حسن مین کسنی کیا ناز وادا کا ایجاد

اہل الفت کی تمنا ہی تماشا ہی کوئی
رحم کے واسطے کرتے ہین خطا کا ایجاد

کیون غضب یار کا مین جان عدو پر توڑون
ای وفا تو ہی تو کرتی ہی جفا کا ایجاد

ای قلق کوئی منکر ہو کسی شکل سی پہر
گر خود دیکہای بتا لسی ہو خدا کا ایجاد

ردیف ذال معجمہ

تلخی زندگی ہی مجہی کس قدر لذیذ
کس درجہ میری دلکو ہی خون جگر لذیذ

منہ چوارہی ہین تارک لذات و اعظا
بعد عذر کرکہ مئی تلخ تر لذیذ

کیونکر نہ سر کٹائین تہا دو تکی واسطے
ہی آب تیغ اوسکا ہمین سربسر لذیذ

بیزار و بیمزہ نہو دینی مین کس طرح
دشنام تلخ کہاتی ہین ہم جانکر لذیذ

ای بیوفا ملاپ مین ہی لطف رنجشنگی
ملتی ہی دیکہہ ہوتی ہین شیر و شکر لذیذ

کچہہ لی اوڑی ہی اوسکی شکر خواب کا مزہ
ہوتی کہانسی ورنہ ہوای سحر لذیذ

ای کاش ہجر کا ہو مزہ غیر کو پسند
ہی ذکر تلخ میرا لب نوش پر لذیذ

کہلتا ہی ماجرا تیری میٹہی نگاہ سی
کیونکر نہین ہی آب دم نشتر لذیذ

داغ تہا زخم وفا کا مرہم
درد تہا خاطر ناشاد کی داد

نامرادی تہی مراد انصاف
خودکشی تہی ستم ایجاد کی داد

درد تہی سینہ بلبل کی دوا
خار ہی حسن چمن زاد کی داد

ای قلق وہب ہی تجکو گویا
کیا تیری طرز خدا داد کی داد

ہی ابتدای عشق مگر انتہا کے بعد
کہتے ہین پہر جلاینگے تجکو فنا کے بعد

آخر مآل حال تو اپنا مین سن کہون
کیا کیجیےگا عشوہ و ناز و ادا کے بعد

ہی ماجرای نادر و طرفہ خیال وصل
شایان جفا سی پہلی تمکن وفا کے بعد

باہر حد کلام سی احوال عاشقان
آغاز قصہ ہوتا ہی صوت و صدا کے بعد

نان و نمک کا لطف ہی اول تلاش سے
اور فاقہ کا مزہ ہی نوید و صلا کے بعد

کیونکر نہ آستین مین چہپا کر پڑہین نماز
حق تو ہی یہہ عزیز مین بت ہی خدا کے بعد

سودا فروش لف کا اللہ رے مرتبہ
ہرگز کسی طرح نہین مجرم خطا کے بعد

جینے کی آرزو نگئی بعد مرگ بہی
مرنے کے تجہہ پہ رہگئی حسرت فنا کے بعد

کیا کیا تڑپ تڑپ کی شب وصل کے سحر
باقی ایک آرزو رہی ہر مدعا کے بعد

ایک تیری یاد نے مجہے سب کچہہ بہولا دیا
تشویش مدعا ہی دعا ہی دعا کے بعد

ہونٹونکو تیری جو مین کی خون جگر پیا
باقی تلاش زہر ہی آب بقا کے بعد

یارب مجہی نصیب ہو دربار شیر بہی
تا عرض کچہہ کرون نہین دعا و ثنا کے بعد

ہوا یہہ شورہ خامشے سے جوش درن
کہ منع ذکر سے ہی شوق داستان گستاخ

ہوا ہی قیس تو مجنون یہ کیا جنون ہی تجھے
نہ تہام ناقہ لیلے کی تو عنان گستاخ

نہ ضبط وضع چہوڑا ای غم درون بیباک
نہ فاش راز کر ایکا وش نہان گستاخ

الٰہی ایسی بہی چالاک تیری بندی ہین
اداشریر بیان شوخ اور زبان گستاخ

مین اوسکی بزم مین قابوسی اپنی باہر ہون
کہ عرض عجز ہے منظور اور بیان گستاخ

فلک نے نالہ سی چالاکیان میری سیکہین
کہ کرتے پیر کو ہے صحبت جوان گستاخ

اگر قبول دعا ہو گئی تو کیا ہوگا
ابہی سی سجدی ہین سو پیش آستان گستاخ

قلق ملا ہی نظیری کو کیا صلہ کہ تجھے
سوال زشت غنی سنگدل زبان گستاخ

ردیف الدال المہملہ

دیکہکر حسرت شداد کے داد
ملگئے ہمکو بہی بیداد کے داد

آشنا کون ہی مایوسون کا
کچہہ نہین کچہہ دل ناشاد کے داد

کیا لیا اسنے پکڑ کر ہمکو
ہای رے کوشش صیاد کی داد

تلخئے مرگ ہی جان کا انجام
دشت ہی خانۂ آباد کے داد

رغبت نیک شبد سے نفرت
سب سے آزاد ہے آزاد کے داد

سہو کے واسطے ہے یاد میرے
عین نسیان ہی میری یاد کے داد

یہان مٹا دیتے ہین خط تقدیر
خاک دیگا کوئی بہزاد کی داد

لطمہ ہے موج صفا کے تعذیر
عقدہ ہے طرۂ شمشاد کی داد

اب چاہتے ہو چاہنے والون کو مجھہ بغیر
پہلے یہ دلفریب تمہاری نتھی طرح

اسمین کہان کے بوئے محبت سماگیے
کاکل کا حال بھی ہی پریشان میر طرح

کیا واردات تازہ ہی ای جانِ عشوہ گر
دل کی نئی ادا ہے جگر کے نئی طرح

ہنگام جانکنی بھی ہی وہ ہی ہتو نکاہ ہیان
بیٹھہ ہے تال جو یہ ہی رہی طرح

کیا ایک عذر غیر کے ملنے کا فاش ہے
ثابت ہی خون آپ ہی اپنا کئی طرح

مضمونِ وصل کا نہین معلوم رنگ ڈہنگ
کچھہ مدعا کہلے جو کرے مدعی طرح

دل دیکی کیون نکے جانکو اپنے کوئی بچائے
اعجوبگی سے آپکے ہے اجنبی طرح

ہے روزِ حشر فیصلہ ایک ہے جواب مین
سب عاشقون کی آپ کی ہے ایک سی طرح

اُردو مین ای قلق تو نکر ضایع میر اوقت
ہی امتحانِ طبع تو لا فارسی طرح

خ

نہ کسطرح سے ہون دربان و پاسبان گستاخ
جنابِ حسن کا ہی ہر مزاجدان گستاخ

بیان گرفتہ دم و شوخئ زبان گستاخ
کہ رازِ دل ادب آموز و رازدان گستاخ

مباد دامن قاتل کو خون میرا لپٹے
کہ شوق و ذوق مین ہون وقتِ امتحان گستاخ

عجب نہین جو غضب سے کرے وہ قتلِ عام
کہ رحم حیلہ طلب اور نشاطِ جان گستاخ

ضرور ہے کہ تکلف نہین محبت مین
کہ میری قتل مین ہی طرز تیغ ران گستاخ

الٰہی خیر کہ آئی قضا کہین اسکے
پیام بر ہے ہمارا روان دوان گستاخ

ہجومِ شوق کی ہیبا کیون کے یہہ انبوہ
کہ شہرِ دلمین ہی ہر ایک کاروان گستاخ

مدعی تیری نزاکت کی ہین ہم
حلق پر خنجر خونخوار نہ کھینچ

اس قدر بہی نہ سبک حرکت ہو
غیر کا رنج گرانبار نہ کھینچ

میرا ہر لخت جگر ای مژگان
مثل منصور سر دار نہ کھینچ

سر کی ہی قدر تو ہر بار سی بچ
منت سایۂ دیوار نہ کھینچ

جیب سی اوسکی تو ای گل پلٹ
میری دامن کو تو ای خار نہ کھینچ

حیلۂ مرگ سی بی قدر ہی مرگ
تہمت قتل ستمگار نہ کھینچ

وہ تو وہ موت بہی یون کب آئی
انتظار ای دل بیمار نہ کھینچ

صدمہ دیتی ہی جدائی سب کی
زخم سی ناوک خونبار نہ کھینچ

چہوڑ دی شوق عنان ناقہ
حسرتین ای دل افگار نہ کھینچ

ہی ہمین ضبط قلق کا ماتم
آہ بہی ای دل ناچار نہ کھینچ

بیکس کا کون ہی کہ اجل نی بہی دی طرح
آئی گا چین مجکو بہی یارب کسی طرح

ل کو لگا کی داو مین اوس نی بہی لگی
دمساز ہو نہ پائی وہ نیرنگ طرح کی طرح

ہم مزاج کیونکہ نہو تو کہ خود بخود
کیا اوڑ گئی جانب چمن ہمین ہر ہی طرح

مثل ستو خیو نمین ہی تو کیا کہ دیکھ لے
قابو سی اپنا دل بہی ہی نکلا ہر تیری طرح

شام فراق موت ہی صبح وصال حشر
دل دیکھی زندگی تو ہی مشکل سبہی طرح

یون اوس گلی مین حشر بولاتی ہو جادو
پردہ کا ہی خیال تو ملئی کسی طرح

فرقتِ غیر کا نہین صدمہ / میری صورت پہ کیونکہ چھایا رنج

داغ کا تیری درد ہی مرہم / درد کا تیری چارہ فرما رنج

غیر کی گھر ہوا وصال نصیب / کیا اوٹھانا پڑا ہی بیجا رنج

ہم نہوتی تو تو ہی کیون ہوتا / تو نہوتا تو کچہہ نہوتا رنج

دل لگانی مین کیا مزہ ہی اب / کر دیا بلہوس نی رسوا رنج

پردۂ وصل اوٹھہ گیا ہی ہی / کیا ہی سہتی ہین بیجا بار رنج

وصل ہوتا تو ہم دیکھا دیتی / تہا مقدر مین کیونکہ لکہا رنج

نکیا قاسمِ ازل نی لطف / کر دیا تہا مجھے کو دنیا رنج

کیا وہی در تہا ٹہوکرونکی لیے / گہر کی ہمنی اوٹھائی کیا کیا رنج

بیکسی کا تمہاری ہمدم غیر / بیکسی کا میری سہارا رنج

ای قلق اوسکی ساتھہ ساری خلق / اور شریک اپنی ایک تنہا رنج

دستِ نازک سی تو تلوار نہ کھینچ / میری آزار سی آزار نہ کھینچ

سینہ سی تیر کو زنہار نہ کھینچ / رحم کر لذتِ آزار نہ کھینچ

کھینچ بیٹھی نہ وہ تجھسی بہی ہاتھہ / انفعال ای ستم یار نہ کھینچ

اپنی الفت کو چھپا رہنے دے / نعش میری سر بازار نہ کھینچ

پانو پڑتی ہی قیامت ہر گام / سر کو ای فتنۂ رفتار نہ کھینچ

یا برا خون مجہہ گران جانکا تیری گردنپہ یا
خونِ نا سر پہ طبیبونکے کیا اچہا علاج

اطبا کیا جئیں جاتی رہی وجہِ معاش
بچ گیا بیمارِ غم اور ہوگیا رسوا علاج

ین بہی تو دیکہوں اطبا کی ذرا تشخیص کو
کون سودائی کریگا جوشِ سودا کا علاج

گیا بیمارِ الفت رنجِ درمان سی دریغ
فرض تہا درمان اگر تو لاعلاجی تہا علاج

شق مین گر زندگے چاہی تو چاہی موت کو
جو کہ ہو جویا صحت اوسکا ہی مرنا علاج

بخبر جو دردِ جان و دل سی ہین بہرِ حیات
کرتے ہین تدبیر کیسے کیسے اور کیا کیا علاج

لتنا ہی سجیں کہ قدرِ دردِ الفت کچہہ نہین
کیا چارہ گر کو سودا ہوگیا کیا علاج

یاب جینی کے لیئے صد نازِ چارہ گر سہون
ناسزا ہی زندگے اور سخت نازیبا علاج

ور گر جاتی ہین حرفِ قم کو سُنکر ضعف سے
ناتوانونکا تیری کیونکر کری عیسےٰ علاج

ندگی جبتک ہے جبتک ساتہ آزار ہے
عیسئے مریم سے کہدیجیئے اپنا علاج

ر دے ہے یہ جو بستر سے اوٹہا بہلا کے
پہر تو ہو یندِ زمین ہون گر ہوا میرا علاج

ای قلق فنِ طبابت سی ہون کیا کچہہ منقبض
بو علے کے کاش مین اسہال کا کرتا علاج

انبساطِ خوشئے ہمارا رنج
دلربایانہ روح افزا رنج

وصل کی بد شرابیان ہین یاد
بے مے و جام بادہ پیما رنج

سبکا جی توڑتا ہے تہک جانا
دل جو بیٹہا تو پہر نہ اوٹہا رنج

تنگ و رزئی حادثات نپوچہہ
غم زدا غم ہے رنج فرسا رنج

جیبِ وفا مین ہاتہ یہین ہے نہ ڈال لین
کیا حشر مین کرینگے نہین یاد الغیاث

جان دادہ کا خطاب ہے خود میر الحذر
اور نامِ دلستان بتِ بیداد الغیاث

لائی لگا کے آنکھہ تو ماری نگاہ تیز
تیری ستم سے ای ستم ایجاد الغیاث

مجہسے وفا کے لب پہ شرر بار الحفیظ
تجہسے جفا کے جان پہ جلاد الغیاث

ہم پر نہین تو دام و قفس ہے یہ رحم کر
ابتو چمن چمن مین ہی صیاد الغیاث

کونو مکان ہلین تو بنا کیا ثبات کے
کیسے پڑی ہی عشق کی افتاد الغیاث

کرنے لگے وہ یہ دلِ ناشاد پر ستم
ہلنے لگے ہے عرش کی بنیاد الغیاث

چہتے ہین اور پکڑتے ہین دامان دام کو
کرتے ہین اور ہوتے ہین آزاد الغیاث

دلکی طرحسے لٹتا ہے کوئی بہی بی پناہ
ہوتا ہے سطرح کوئی برباد الغیاث

کہتے ہین وہ کہ غیر رہین گے ارم مین بہی
کیونکر کرین نہ حسرت شداد الغیاث

دیکہا ہی تجکو اور میری حالت کو کیا کہین
کرتے ہین ملکے قمری و شمشاد الغیاث

یہ گرم خون میری رگِ جان سی ہے جوش زن
نوکِ زبان نیش ہی فصاد الغیاث

اللہ ری بیان کہ ہتی کیا اثر کے لوگ
کیونکر کرے نہ طرز قلق یاد الغیاث

ج

قولِ افلاطون غلط بالضد اگر ہوتا علاج
رنجش بیجا کا ہوتا شکوۂ برجا علاج

کس طرح سودا نہ بڑہ جائیگا فرطِ فکر سی
عقل مین آتا نہین ایچارہ گر تیرا علاج

کچہہ تو نہ مایوسی کی بہی سامان کو مہلت چاہیے
گوکہ رنج افزا ہی پر مجکو پسند آیا علاج

دل دیکی دل لگا لینا ہی اب نام ہی عبث
پختہ ہوا جنون ہوس خام ہی عبث

ضد سی میری عدو کا خیال اٹھین پر اپنی
ملزم ہون مین ہی آپ کو الزام ہی عبث

نی کشتۂ فراق نہ لبریز اشتیاق
پھر وصال غیر کا ابرام ہی عبث

دل دینی سی غرض یہی کچھہ ای قاسم ازل
ہر آرزو عبث ہی کہ انجام ہی عبث

تقدیر کیا کہ سب ہی پھری پر نہ دن پھری
ای روزگار گردش ایام ہی عبث

انجام کچھہ نہین میری آغاز کا مگر
کس کام کی یہہ زیست کہ ہر کام ہی عبث

آغاز باز گشت ہی انجام سی یہان
ای صبح تجکو آرزوی شام ہی عبث

جب دل نہین دماغ سوئی دلربا کہان
مطلب نہین تو پرسش پیغام ہی عبث

قدر حریف تنگ ہی حریفانہ چھیڑ چھاڑ
جم ہی نہین تو آرزوی جام ہی عبث

یہہ آب و دانہ کنج قفس ہی مین لائی گا
صیاد کیون فریفتۂ دام ہی عبث

جب دل کو دیدیا تو چھٹی ہر تلاش سے
امیدوار آپ کا ناکام ہے عبث

شیرین ادا ہوئی ہی غضب تلخی امید
دلجوئیون مین لذت دشنام ہی عبث

آزادگی اولجھنی سی رہتی ہی دور گرد
جوش جنون کو فکر در و بام ہی عبث

تجھکو قلق ستایا زمانہ نی ہر طرح
کچھہ ننگ ہو تو جستجوی نام ہی عبث

الفت مین اور کرتی ہین بیداد الغیاث
بیداد ہی ہی داد تو فریاد الغیاث

پھر سرد سرد خنکی خاطر ہی الامان
پھر شاد شاد ہی دل ناشاد الغیاث

قتل سی میری گر بہرے قاتل — دانت سی لون زبانِ خنجر کاٹ
گر ہے بیدادہی پسند تجھے — گردنِ غیر ای ستمگر کاٹ
غم برق و تگرگ کو خنہ یدہ — کشتِ امید کو سراسر کاٹ
وقت دی زیر خارِ زار گزار — موسمِ گل تہ گلِ تر کاٹ
پائے مردی سے دستبرد نہ چھوڑ — جیبِ شاہ و گدا برابر کاٹ
قوتِ ہضم ہے بقدر ظرف — کیا کرے موج آب گوہر کاٹ
صبر و تسلیم ہی کے اندر رہ — عمر رنج و خوشی سے باہر کاٹ
تیغ برانِ وقت سے ہر دم — رشتۂ آرزو کو یکسر کاٹ

مطلع ثانی

مت بنا گھر چمن کے اندر کاٹ — مت لگا دل گل و صنوبر کاٹ
آشیان کے لئے چمن کا نہ ئے — مرغ حرص و ہوا کا ہر پر کاٹ
قدر آرام کچھ تو کر معلوم — روز دشوار رات دوپہر کاٹ
شرط کچھ تیغ باندھنا ہی نہین — زیست کو آئے جو میسر کاٹ

ای قلق رنج ہو کہ ہو آرام
کاٹ جیسے کٹی سکے تر کاٹ

ردیف ثای مثلثہ

ہر وقت لب پہ آپ کا اب نام ہی عبث — وہ دن گئی کہ بوسہ بہ پیغام ہی عبث

ای قلق دل کو سوچ کر دینا
کچهه نهین ٹهیک ولوله کے بات

مطلع

توجائی تو اس شکل سے آجائی قیامت
پهر منه کسی صورت سی نه کهلائی قیامت

تو آئی تو خود رفته یهه هو جاے قیامت
خورشید قیامت هوته پائی قیامت

کیا اوسکی کهو وعدهٔ فردا کا ٹهکانا
امروز هے جسکے پس فردای قیامت

یه شور محبت دل شوریده مین تها کچهه
هر زخم کے دامن مین هی صحرای قیامت

جب داور محشر هی نهین زخم چشیده
کیا اهل شهادت کو تمنائے قیامت

کیا حشر اوٹهائینگے تیرے اهل کدورت
ایک ناله مین دب جاتا هی غوغای قیامت

الله رے پامالی الفت کے بلندے
رکها هی میری داد کو بالائی قیامت

کیونکر نه مجهے صور سرافیل سو لاوے
افسانه سی اوسکی هی هی غوغای قیامت

لو آج هی سی هی دل ناشاد کا نشتر
ده وعده که مجروح هی فردای قیامت

جو گام که اغیار کے جانب کو اوٹهاے
ای کاش تیری سننے هی لائی قیامت

محشر هے قلق اپنا هی هی قصهٔ آخر
عاصی کی سوا کون هی رسوائی قیامت

ٹ

خط زمین پر نه اے فسونگر کاٹ
درد سر کاٹنا هے تو سر کاٹ

گر لکهون اوسکو نامهٔ الفت
حرف مطلب کو دے مقدر کاٹ

کیا جی گا وہ ناتوان شب ہجر ۔ جسپہ ہو وصل کی بہی بہاری رات
بزم دشمن بین صاف جا بیٹھے ۔ تہی ہمین کیا ہی بیقراری رات
ہر ادا پر وہ آن آن بنی ۔ وصل کیا موت تہی ہماری رات

اب قلق مین رہا ہی کچھہ باقی
صبح پہر کیا اگر گزاری رات

کہیئے کیا اور فیصلہ کے بات ۔ وصل ہے اک معاملہ کے بات
اوسکے کوچہ مین لاکہہ سر گردان ۔ ایک یوسف کی قافلہ کے بات
گیسوئے حور اور زاہد بس ۔ ذکر کاکل ہے سلسلہ کے بات
غیر سے ہمکو رشک صلِ علے ۔ کہیئے کچھہ اپنے حوصلہ کے بات
ایک عالم کو کر دیا پامال ۔ یہ بہے ہے کوئی مشغلہ کے بات
کیا بگڑنا او نہین نہین آتا ۔ صلح بہے ہے مجادلہ کے بات
دیکھہ کیا کہتے ہین خدا سی ہم ۔ اک ذرا ہے مقابلہ کے بات
اسقدر اور قریب خاطر تو ۔ عقل سے ہے یہ فاصلہ کے بات
داورِ حشر سے بہے حال کہا ۔ نہین رُکتی کہین گلہ کے بات
نہ چلے پانو اور نہ سر ہے چلے ۔ بیسر و پا ہے آبلہ کے بات
کوئی مضمون کبہی نہ پیش آیا ۔ شعر مین کیا ہے پہر صلہ کے بات
ہمنشین عرش ہلگیا شب ہجر ۔ پوچھہ مت جیکے زلزلہ کے بات

ناحق کی چھیڑ کون رکھی برق و باد سی — گل ہی نہین تو کسکو سر آشیان ہی اب

اپنی ہی بار دوش ہین سر کیا اوٹھا ملنگے — وہ ذوق و شوق اور وہ جوانی کہان ہی اب

تسکین وفای وعدہ کی کیونکر نہو ب مجھے — فردای حشر کہتی ہین جسکو وہان ہی اب

رنج عدو بدل نسکا رنج دوست سی — جو تھا نہان نہان سی عیان سی عیان ہی اب

جس کا ترانہ سینہ گداز بہشت تھا — اوس بزم گاہ عیش کا ماتم نشان ہی اب

وہ دن گئی کہ مرنی پی مرتی تھی ہای ہای — ہر شیوہ وفا ستم جانستان ہی اب

مرتی ہی اپنی فتنون سی کڑہ کڑہ کی جان دے — سنتی ہین اوس گلی کو کہ دار الامان ہی اب

سایہ سی میری ضعف و نحافت کی ہی نفور — اوس طبع نازنین پہ نزاکت گران ہی اب

ابتک قلق کا مجکو قلق ہی کہ ہای ہای
وہ اگلی لوگ اور وہ محبت کہان ہی اب

اوس ماہ نی پہر راہ دکہائی تمام شب — بس خواب مین بہی نیند نہ آئی تمام شب

جاتی کہانسی تیرگی بخت وصل مین — اوسنی نقاب ہی نہ اوٹھائی تمام شب

دیکھا جو صبح ماہ کو تہا زرد کیا کہین — تہی بی حجاب جلوہ نمائی تمام شب

وہان شغل اونکا نغمہ نوازی تمام روز — یہان ورد اپنا نالہ سرائی تمام شب

ہی احتراق بخت کو میری کہ خواب مین — دیکھا کیا ہون دست حنائی تمام شب

برگشتہ روز کہتی ہو تم کیون رقیب کو — شاید رہی ہی آج لڑائی تمام شب

پہر بدر کیون ہلال ہوا کی نہو کہین — اوس سنگدر پی ناصیہ سائی تمام شب

اوٹنا ہی آمادہ تہا جتنا کوئی چالاک تہا
جو نشیمن سے اڑا وہ بستہ فتراک تہا

آسمان اہلِ زمین سے کیا کدورتناک تہا
مدعی بہی خاک تہی اور مدعا بہی خاک تہا

شامِ فرقت یاس سے ارمان یہہ گریہ کا تہا
صبر بہی آیا تو بیصبری سے دامان چاک تہا

روز تم ہنتی رہی اور روز ہم مٹتی رہے
عاقبت خون ہی ہمارا زینت پوشاک تہا

ہائی وہ عالم کہ تہی آزاد ہر تکلیف سے
بی شعوری جنوںمین کیا بلا ادراک تہا

کیا سبک حرکت پہ اسکی طیش آتی ہین مجہے
جو گیا نالہ فلک پہ وہ ہی آتشناک تہا

یاس ظاہر ہائی امیدِ باطن حیف حیف
رشتہ بخیہ گری تہا جو جگر مین چاک تہا

کیون نہ الفت رنج دی یاری ولنی رسوا کیا
کوہکن گستاخ تہا مجنون ذرا چالاک تہا

کفر اور اسلام مین دیکہا تو نازک فرق تہا
دیر مین جو پاک تہا کعبہ مین وہ ناپاک تہا

ہو گئی ایک بات مین اوسکی غلط امید و بیم
پردہ در کی آئی ہی محشر مین قصہ پاک تہا

کسقدر جانکاہ ہی ضبطِ قلق کا سانحہ
ایک ہی دم سرد کہینچا ہی کہ جلکر خاک تہا

ردیف الباء تازی

دردِ دل و جگر میری جنسی عیان ہی اب
پروازِ رنگ ضعف سی شورِ فغان ہی اب

ہی پہر جو التفات تو کیا امتحان ہی اب
اس دشمنی کو دیکہئی پہر مہربان ہی اب

رنگ آشنا نگاہ کی اوٹہتی ہی اوٹہ گئے
بوئی بہار گرد پس کاروان ہی اب

آتا نہین ہی کوئی بہی مدت سی نزلہ
دیوانہ تیرا حیف بہت ناتوان ہی اب

ای قلق میکدہ مین سجدے کیون
کون دیگا پے ثواب شراب

تمسے کسکا نکل سکا مطلب
مفت مین اپنا ہو گیا مطلب

تنگ وحشت سی ہون لکھا جب کچھہ
کہلتے ہے خط کے اوڑ گیا مطلب

اسقدر رشک وائی ناکامی
حرف مطلب سی ہی جدا مطلب

دوست دشمن سے کیون نہ کہا کام
نامرادون کا کچھہ تو تہا مطلب

دشت گردیکا طعن لیلے پر
کیسے خود کام سے پڑا مطلب

دل تلک ہی شریک راز نہین
آرزو سے چہپا رہا مطلب

بیغرض ہو کے بہے غرض نکلے
نامرادی سے ورنہ کیا مطلب

کہتے ہین حرف آرزو جسکو
اوسکا ابتک نہ کچھہ کھلا مطلب

رشک سے میرے رشک تمکو کیون
گویا اغیار ہی سی تہا مطلب

کیا چہپائینگے کام ناکامے
ہمدونکا ہے خود نما مطلب

تہا لفافہ کو پیچ وتاب قلق
بے کہلے خط کا کہل گیا مطلب

کیا خبر تہی نقد دل لیتی ہی کہو جائینگے آپ
بیمروت مجھسے میر طرح ہو جائینگے آپ

نم بہ نم دجلہ بہ دجلہ خوب رولو اگر ہمین
رسم و راہ آشنائی کو ڈبو جائینگے آپ

غیر کا خط وہ سمجھتے ہین کہ لکہتے ہین جواب
اس تغافل کا ٹہکانا ہی کہو جائینگے آپ

کیونکر شبِ فراق کو اپنے کہون بسیا — نظرون مین تہی وہ جلوہ فزائی تمام شب
اب کسطرح نہ آنکہہ لگی گے کہ تا صبحا — تونے کہانی اوسکی سُنائی تمام شب
می پی کی آج شام ہی سی وہ بگڑ گیا — اغیارِ بوالہوس کی بن آئی تمام شب

مومن کی طرح ہجر کا کہٹکا رہا **قلق**
وہ آئے تو بہے نیند نہ آئی تمام شب

پی بہی ای مایۂ شباب شراب — گرمجوشی سہی ہی کباب شراب
مرہمی اوڑ گیئے مسیحا کی — لبِ نازک پہ ہے شراب شراب
اوس سی ہم جا بہڑ ہی عدو کی گہر — ہے بُری خانمان خراب شراب
کیونکہ مطلق حرام ہی کہیئے — پیجیئے گا ملا کے آب شراب
بہر ہر ظرفِ امتحان ساغر — ہر تمنا کا انتخاب شراب
بعد ازین محتسب قسم لے لے — توبہ کرتا ہون لا شتاب شراب
ضایع اوقات کو نہین کرلیتے — پیتے ہین وقت ماہتاب شراب
سخت ماتم ہے اے شباب تیرا — کہ رولاتی ہے خونِ ناب شراب
محتسب اوسکا خون ہی کس پر — جو ہو پیتا بجائی آب شراب
مصحف و خرقہ بیچتے ہین ہم — ہو گیئے جان کو عذاب شراب
اوسکی بخشش ہے بے حساب اگر — ہم بہے پیتے ہین بحساب شراب
ہر گہڑے ذکر مے ہے اے واعظ — ہو گیئے تیری تو کتاب شراب

جابجا چاہِ زمین ووزاہل گریہ نی کہی
رہتی ہین ہمدرد یوسف ساکنانِ کوی دوست

وا نگاہِ غیری معلوم ای افسانہ گو
نیند آئی سنکی کیونکر داستانِ کوی دوست

قافلہ بچہڑا ہی اپنا دیکہی کیونکر ملے
ہین پری ملکِ عدم سی رہ روانِ کوی دوست

رنی پر مرتی ہین لیکن سوت قسمت ہین کہان
جانفزائی سی ہین عاجز جانفشانِ کوی دوست

رگہڑی آآ و ٹہاتی ہین مجہی منکر نکیر
گور مین بہی ہون ہین گویا مہمانِ کوی دوست

مصر کا بازار اوسکی عہد مین آوارہ ہے
سیکڑون یوسف لئی ہین کاروانِ کوی دوست

بر یاران بیکس و مظلوم کا خون رات دن
ہی زمینِ کربلا اب آسمانِ کوی دوست

شمع کے رفتار سی معلوم ہوتا ہی ہمین
دشمنِ گام و قدم ہین رازدانِ کوی دوست

درد و دولت ایک جا دنیا مین گر رہتی بہم
تو قلق تجکو بنائی پاسبانِ کوی دوست

جیہ غیر مین گزارے رات
ہوئی روزِ جزا ہمارے رات

نکو سوئی وہ جاکے غیر کے پاس
کر گئے کام آہ و زارے رات

ندگی اب تو خارِ بستر ہے
کہ تڑپتا ہون ساری ساری رات

ام سے بند ہتا ہی خیالِ مژہ
سولی پر کٹتی ہے ہمارے رات

ہشِ جان نی کی یہہ جان کاہی
غم نی کی میری غمگسارے رات

یش کے واسطے تمہارا دن
سوگ کے واسطے ہمارے رات

ندگی کے ہزار سامان ہین
رہے کیا کیا امیدوارے رات

چشم پوشی اسقدر دیکھا کری کبتک کوئی
ہم کہینگے قصۂ دل اور سو جاوینگے آپ

یہہ توقع ہی ہبا دا مرگ دشمن دیکھ لی
نعش پر میری بہی اوٹھتی وقت ہو جاینگے آپ

اوسکی کوچہ کو بہی دشت و کوہ سمجھی ہین کہین
حضرت خضر آئی نامہ نیکی ہو جاینگی آپ

چشم تر آئی ہین آخر وقت پر غیرونکی ساتھہ
گرد غم دلسی میری گویا کہ دہو جاینگی آپ

قاصدونکو کیا بتا بتلائین وہانکا ہمنشین
گر نہین جاتا کوئی جانی ہی دجاینگی آپ

گر یہی ہی حسن روز افزون دگرگون ہے جہان
حضرت ناصح میری ہمدرد ہو جاینگی آپ

دیکھنا ایامی وصل آئی ہی دکر غیر کے
جاگتی بہی ہونگی تو دانستہ سو جاینگی آپ

ای قلق ہی آفرین جوشش ہمت کو کہ ہم
دفتر اعمال کو اپنی ڈبو جاینگی آپ

جلتا ہون اپنی آگ مین مثل چنار آپ
لیٹی ہی اوڑ کی شعلہ کو میری بہار آپ

پہر میری جوش گریہ کی سیلاب دیکہی
پہلے نکال لیجیی جیکے بخار آپ

عجب ہووی مجکو گردش ایام کا یقین
کہینچین اسیطرح سی میرا انتظار آپ

مین رنج مدعی مین رہون تا دن کہ تم
مین جان نثار ہون کہ میری جان نثار آپ

وعدہ بہی ہی وہ آئی تو محشر کی بعد لئے
بڑہتا ہی مثل عمر فراق انتظار آپ

ردیف التاء فوقانی

بی نشانی ہو تو ہو شاید نشان کوی دوست
نقش پا رکہتی نہین مین رہروان کوی دوست

مشک ای گلچہان ای نامہ بر گنا دہان
تجکو مین بتلای دیتا ہون نشان کوی دوست

اوٹھانی کو میری اوٹھا ہی حشر محفل مین — مین ہوتی ہوتی سبک ہو گیا گران کیسا

چھڑا کی منہ کو نظر سے گرا ہی کیا کیا — سنور سنور کے بگڑتا ہے رازدان کیسا

چمن مین شور ہہ را میری ناتوانی کا — تہی ہوا ہی میرا مجہسے آشیان کیسا

چہپای دیتا ہے سایہ نگاہ کا اپنی — کیا ہی کاہش ہر دم نی ناتوان کیسا

ہوی ہین نالہ و فریاد تک بہی غارت غیر — لوٹا ہے منزل الفت مین کاروان کیسا

قلق بہی وصل کی دہو کہ مین آگیا ہی ہے
غضب کہ مارا گیا مفت نوجوان کیسا

نہ رہا شکوۂ جفا نہ رہا — ہو کے دشمن بہی آشنا نہ رہا

بیوفا جان و مال بصرفہ — کیا رہا جبکہ دلربا نہ رہا

سبہی اغیار ہین سبہی عاشق — اعتماد اوسکا ایک جا نہ رہا

خاک تہا جس چمن کے رنگ ارم — پتے پتے کا وہان پتا نہ رہا

وصل مین کیا وصال مشکل تہا — یاد پر روز ہجر کا نہ رہا

خط میرا وہان گیا گیا نگیا — سر قاصد رہا رہا نہ رہا

دلمین رہتا ہی کون غمکی سوا — کوئے اس گہر مین دوسرا نہ رہا

غیر اور شکوۂ جفا تمسے — ہای مین قابل وفا نہ رہا

کیا ہوا کیون قلق کو روتی ہو
کوئی اس دہر مین سدا نہ رہا

اب نہ وہ کہٹکا نہ وہ ڈہرکا نہ وہ اوبود ہوگئے
زخم دل آخر بخیہ گر پاکدامن ہوگیا

بت ہی کیا نا آشنا ہین اور کبہی آشنا
دور ہوکر کعبہ سی پاس برہمن ہوگیا

سہل سمجہی ہین خیال قامت دلبر یہان
اور وہان پر ہر قدم محشر کا رہزن ہوگیا

کرلیا جو کرلیا احوال اپنا کر لیا
ہوگیا سو ہوگیا ہو جائی بد ظن ہوگیا

حیف وہ نوحہ کہ دلمین آتی ہی نغمہ ہوا
ہائی وہ نغمہ جو آکر لب پی شیون ہوگیا

اوسکا خال لب شرار جامہ ہستی بنا
دانۂ قسمت ہمارا برق خرمن ہوگیا

زخم دل تیز یسی آخر نوک مژگان بن گیا
ہر جگر کی پار جس کا صاف روزن ہوگیا

خاک اوڑی اپنی کہ آخر دب گئی شب ور شور
پایمالی سی میری مایال توسن ہوگیا

روزن دیوار ہے اور چشم دریا بار ہے
تہا نظر مین اپنی ایک مدت سی فوران ہوگیا

بخیہ گر نوک مژہ کس کس ادا سی ہو گئے
میر ہر لخت جگر اب چشم سوزن ہوگیا

کیا محبت بہی بری شی ہی کہ اوس بد کو
جسقدر آیا یقین اوتنا ہی بد ظن ہوگیا

دوستی کب چرخ سی تہی مدعی کیونکر ہوا
عشق نی جسکو بنایا دوست دشمن ہوگیا

ای قلق کیا کیا جلی ہین جی تری انداز پر
محفل گلفام مین تو برق گلشن ہوگیا

ہمارا رنگ پریدہ ہی آسمان کیسا
وفا کا سایۂ رفتار ہی جہان کیسا

ستم ستم ہہین بازیچۂ محبت ہی
وہ دیکہتی ہین کہ ہوتا ہی نیمجان کیسا

وہ دیکہتی ہین کہ اہل نظارہ کتنی ہین
کسی ہی پاس حیا اور نگاہبان کیسا

نا کام مگر ہوگئی ہم عباف دلی سے — گویا کہ ہر اک ز خط زیر نگین تھا

اسد جو ہی اغیار کو اب رحم قلق پر
جس مرتبہ پرویز کو فرہاد سی کین تھا

سر جھکا یہانتک کہ جھکنا ہی پشیمان ہوگیا — بار عصیان عاصیون کا بار احسان ہوگیا
زلف ہی اوسکی کہ عکس تیرگی بخت تھا — وصل کی شب مین ظہور روز ہجران ہوگیا
عبرت آلودہ نظر طرف چمن نرگس کو ہے — واسطی دو دنکی یہان کس کس کو سامان ہوگیا
سائہ صندل ہی تھا جسکی لئی بار گران — اب وہی سر ہی کہ وقف سنگ طفلان ہوگیا
جوش رحمت سی ہوئی تر دامنی جب موجزن — اشک خجلت نی یہہ سر کھینچا کہ طوفان ہوگیا
جو کھلا کاکل کا بل طوق گلو میرا بنا — جو میری امید ٹوٹی تیرا پیمان ہوگیا
